برای آن مشروع نیست و آین ہم معلوم شد کہ زن امام راجہر بالقراءۃ وجہر تکبیرات وغیرہ باید چہ بدون آن صورت اقتدا نمی بندد و آواز زن اگرچہ بمذہب بعضے سترست لیکن آن در حق رجال نہ در حق زنان و تحقیق این مبحث کما ینبغی در رسالۂ خود تحفۃ النبلاء فیما یتعلق بجماعۃ النساء کردہ ام من شاء فلیرجع الیہ و زن را در نماز دست بر سینہ بستن مسنون ست چہ این ہر دو امر برای زن باعث سترست ملا محمد قائم سندی در رسالۂ خود فوز الکرام بما ثبت فی وضع الیدین تحت السرۃ او فوقہا عن الشفیع المظلل بالغمام می نویسد لما تبین ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم ثبت عنہ الامران وضع الیدین علی الصدر وتحت السرۃ وکذا عن الصحابۃ والتابعین واجمعوا علی وسعہما والاصل فی اعمال النبی صلے اللہ علیہ وسلم التعبد والتعلیم والموافقۃ بین الرجال والنساء الا فی ما استثنیت و روی ابو داود فی مراسیلہ عن یزید بن ابی حبیب ان رسول اللہ صلعم مر علی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الی بعض الارض فان المرأۃ لیست فی ذلک کالرجل قال البیہقی ہو احسن من موصولین فی ہذا الباب واستنبط المجتہدون منہ ان المرأۃ بضم اللحم لکونہ استر لہن اختار علمائنا فی حق الرجل الوضع تحت السرۃ وحق المرأۃ الوضع علی الصدر لانہ استر لہا انتہی و حافظ ابن حجر در تخریج احادیث رافعی می نویسند روی ابو داود فی المراسیل عن یزید بن ابی حبیب انہ صلی اللہ علیہ وسلم مر علی امرأتین تصلیان فقال ان سجدتما فضما بعض اللحم الی الارض فان المرأۃ فی ذلک لیست کالرجل ورواہ البیہقی من طریقین موصولین لکن فی کل منہما متروک و این حدیث اگرچہ مرسل ست لیکن بوجہ اعتضاد طریقین موصولین اگرچہ دران ہر دو متروک واقع است قوتی حاصل شدہ و ہمچو مرسل مقبول و مخصص حدیث موصول می تواند شد شمس الدین سخاوی در فتح المغیث بشرح الفیۃ الحدیث می نویسند المرسل بالمسند لیعتضد ویصیر دلیلا آخر فیرجح بہما الخبر عند معارضتہ خبرا لیس لہ الا طریق مسند وربما یکون المسند حسنا فیرتقی المرسل بہ لکن ہذا انما یتاتی اذا کان المسند بمفردہ صالحا للحجیۃ اما اذا کان مما یفتقر الی اعتضاد فلا اذ کل منہما اعتضد بالآخر وصار بہ حجۃ قال شیخنا و ح فیکون اعتضادہ بہذا المسند کاعتضادہ

بر سل آخر لاشتراکهما فی عدم الصلاحیة للحجیة ولکن قد اجیب بان القوة انما حصلت من هیأة الاجتماع اذ بانضمام احدهما الی الآخر قوی الظن بان له اصلاً و زن را در قعده تورک مسنون است و اگر مثل رجال قعده کرده نمازش صحیح خواهد شد در مسند حصکفی می آرد ابو حنیفة عن نافع عن ابن عمر انه سئل کیف کان النساء یصلین علی عهد رسول الله قال کن یتربعن ثم امرن ان یحتفزن ملا علی قاری در شرح مسند می نویسد هو بالحاء المهملة والفاء والزاء المعجمة ای یضممن اعضائهن بان یتورکن و در صحیح بخاریست کانت ام الدرداء تجلس فی صلاتها جلسة الرجل وکانت فقیهة و عینی در شرح هدایه می نویسد انکانت امرأة جلست علی الیتها الیسری لان مراعاة الستر لها اولی وکانت ام الدرداء تجلس جلسة الرجل وهو قول النخعی ومالک وکانت صفیة ونساء ابن عمر تجلس متربعات لان ذلک استر لهن و مدرک امام در رکوع مدرک رکعت است بوجه نخواندن فاتحه رکعتش غیر معتد به نخواهد شد نزد جمهور العلماء من الصحابة والتابعین ومن بعدهم و تحقیقش مع بسط دلائل در رسالهٔ خود امام الکلام فیما یتعلق بالقراءة خلف الامام کرده ام من اراد الاطلاع فلیرجع الیه والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

؎ **استفتا ۱۴۹** کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کہ باہم زید اور عمرو کے نزاع اس بات کی ہے کہ زید بنسبت عمرو کے مدعی اس امر کا ہے کہ تو نے مجھسے وعدہ کیا تہا کہ مین جب مال کھنڈسار مستاجر سے خرید کرونگا تو مین تجکو شریک کرلونگا اور عمرو اس سے منکر ہے عمرو نے خود مستقل بلا شرکت احدی باداے زر خود مال کھنڈسار مستاجر سے خرید کیا اور بیعنامہ جانب مستاجر سے بنام عمرو مشتری کے مستقل رہا اور کسیطرح تعلق زید مال مشترا عمرو مین شرعًا یا حقیقۃً ہی یا نہین و بالفرض قول زید نفس وعدہ موجب تحقق شرکت و مستلزم وجوب مال ذمۂ عمرو شرعًا ہے یا نہین یا شرعًا عمرو مذکور مالک مستقل کل مال مشترا اپنے کا ہی فقط

ہو المصوب اگر فی الواقع عمرو نے وعدہ اشتراک کا کیا تہا تو اوسکے وفا نکرنے سے وہ گنہگار ہوا حموی نے حاشیۂ اشباہ مین لکھتے ہین فی الدرر والغرر من کتاب العاریۃ ما یفیدہ ان خلف الوعد مکروہ انتہی ایضًا اور اشباہ مین ہی الخلف فی الوعد حرام کذا فی اضحیۃ الذخیرۃ انتہی

لیکن بمجرد وعدہ عمرو پر لازم نہین ہے اور زید کو استحقاق شرعی اوس مال کا جسکو عمرو نے بالاستقلال خرید کیا نہین ہے فتاوی بزازیہ کی کتاب الکراہیۃ مین ہی لایستحق بالشرط شیئا لعدم العقد انتہی اور بھی اوسمین کتاب الکفالۃ مین ہی لو قال الذہب الذی لک علی فلان ادفعہ او اسلمہ الیک لایکون کفالۃ مالم یقل لفظا یدل علی اللزوم کضمنت او کفلت او علی او الی انتہی اور اشباہ مین ہی (کتاب الحظر والاباحۃ ۱۲) لا یلزم الوعد الا اذا کان معلقا فی بیع الوفا انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ۱۲
ابو الحسنات

فی کتاب الصلوۃ
از مقام کوٹہ راجپوتانہ مرسلہ مولوی محمد حلیم الدین مدرس ماہ رجب ۱۲[illegible] ہجری

۱۴۷ **استفتا** **سوال اول** جو شخص حدیث رفع سبابہ کی رواۃ مین جیسے یہ حدیث صحیح مسلم مین مروی ہی یہ شبہہ کرے کہ یہ راوی مسلم و عاقل تھے یا نہین حالانکہ علمای دین پر یہ امر ظاہر ہی کہ اونمین سے اصحاب قرون ثلاثہ و اکابر ائمہ ہدی ہین جنمین سے اکثر کے اوصاف بالخصوص یا بالعموم احادیث سے ثابت ہین اور اوس شخص کو اونکی بزرگی کتب رجال وغیرہا سے دکھائی بھی گئی لیکن بسبب اس شبہہ کے اوسپر کیا حکم ہوگا **سوال دوم** جو راوی کتب رجال مین منجملہ الفاظ ثقہ ثبت صدوق کے ایک یا دو یا تین لفظ کے ساتھ وصف کیا جاوے اس وصف سے اوس راوی مین وہ شرائط اربعہ راوی کے جو اصول فقہ مین بیان کئے گئے ہین یعنے عقل و اسلام و ضبط و عدالت تاوقتیکہ کچھ جرح مثل صدوق سیئے الحفظ صدوق اتہم اور مانند اسکے اوسمین نکی گئی ہو ثابت ہو جاوینگے یا نہین ہو جاوینگے اور یہ تردد رہیگا کہ یہ راوی مسلم تھا یا نہین عاقل تھا یا نہین ضابط تھا یا نہین عادل تھا یا نہین **سوال سوم** اگر کوئی کہے کہ تقریب مین جو جرح و تعدیل رجال مذکور ہی صرف اوسی پر اعتبار مجکو نہین آتا کوئی اور بھی صاحب تقریب کے سوا اوسکے قول کی تصدیق کرے جب قابل اخذ ہوگا یہ کہنا اوسکا بجا ہی یا جہالت اور گمراہی کی بات ہی **سوال چہارم** صحیح مسلم کے باب صفۃ الجلوس فی الصلوۃ وکیفیۃ وضع الیدین علی الفخذین مین اس اسناد مین حدثنا عبد بن حمید قال نا یونس بن محمد قال نا حماد بن سلمۃ عن ایوب عن نافع عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا قعد فی التشہد الحدیث ابن عمر سے راوی نافع مولے ابن عمر ہین جنکی نسبت تقریب مین مسطور ہی ثقہ ثبت فقیہ مشہور من الثالثۃ یا اور کوئی نافع اور اسی اسناد مین حماد بن سلمہ جو ایوب سے راوی ہین اونکی نسبت تقریب مین مسطور ہی تغیر حفظہ باخرہ پس قبل تغیر حفظ حماد کے

یہ روایت صحیح مسلم مین اخذ کی گئی ہی جیسا کہ نووی نے مقدمہ شرح صحیح مسلم مین لکھا ہی و اعلم ان ما کان من ہذا القبیل محتجا بہ فی الصحیحین فہو مما علم انہ اخذ قبل الاختلاط یا بخلاف اسکے بعد تغیر حفظ حماد کے **سوال پنجم** رفع سبابہ کی حدیث جو باسانید متعددہ صحیح مسلم مین مروی ہی اوسکے سب راوی تقریب مین مذکور ہین یا نہین **سوال ششم** زید کہتا ہی کہ تشہد مین رفع سبابہ جو حدیث شریف مین آیا ہی مین جب کرونگا کہ یہ معلوم ہو جائے کہ آنحضرت ؐ پر کیا تھا فرض یا سنت یا مستحب یا مباح پس یہ کہنا اوسکا درست ہی یا مبنی بر جہالت و گمراہی ہی **سوال ہفتم** زید کہتا ہی کہ حدیث جبکہ متواتر یا مشہور ہو تو اوسپر عمل کرونگا اور اگر خبر واحد ہی تو اوسپر عمل کرنا واجب نہین حالانکہ اصول فقہ مین مرقوم ہی خبر واحد کے نسبت و انہ یوجب العمل دون العلم و الیقین پس موافق اصول حنفیہ کے یہ کہنا اوسکا صحیح اور حدیث کو بوجہ خبر واحد ہونے کے غیر معمول بہ ٹھرانا جائز ہے یا نہین اور اگر نہین ہی تو زید پر بوجہ اس قول و عقیدہ کے کیا حکم دیا جاوے گا **سوال ہشتم** متعلقہ مصافحہ مرقاۃ شرح مشکوۃ مین مصافحہ بعد الصلوۃ کو بدعت مذمومہ اور رد المحتار حاشیہ در المختار مین بحوالہ تبیین المحارم نقلا عن الملتقط مکروہ و سنتہ روافض اور مجموعہ ماوراء النہر مین بحوالہ کافی مکروہ و سنت روافض اور فتاوی ابراہیم شاہی مین مکروہ و سنت روافض اور محیط مین مصافحہ بعد صلوۃ الجمعہ و عیدین کو مکروہ و سنت روافض اور مجالس الابرار مین بدعت و مردود اور وظائف النبی مین بدعت ممنوعہ اور ترجمہ مشکوۃ شیخ عبد الحق رح مین بدعت لکھا ہی یا نہین بینوا توجروا ہو المصوب

جواب سوال اول ایسا شخص جو رواۃ صحیح مسلم مین شبہہ کرے کہ مسلم و عاقل تھے یا نہین وہ شخص یا تو محض جاہل ہی فنون حدیث و اسماء رجال سے مطلقا وقفیت نہین رکھتا ہی یا معاند اور گمراہ ہی ائمہ حدیث نے اس امر پر اتفاق کیا ہی کہ اصح الکتب بعد کتاب اللہ صحیح بخاری پھر صحیح مسلم ہی اور اس امر پر کہ رواۃ صحیحین کے سب قابل قبول و مستجمع شرائط قبول مین بجز چند رواۃ بخاری و مسلم کے کہ اونپر دارقطنی وغیرہ نے جرح کی ہی لیکن اکثر اون جرحون کا دفع شراح حدیث نے خصوصا حافظ ابن حجر عسقلانی نے مقدمہ فتح الباری مین کر دیا ہی ملا اکرم بن عبد الرحمن سندی حنفی امعان النظر شرح شرح نخبۃ الفکر مین لکھتے ہین و یلتحق بہذا التفاضل ما اتفق الشیخان علی تخریجہ بالنسبۃ الی ما انفرد بہ احدہما و ما انفرد بہ البخاری بالنسبۃ الی ما انفرد بہ مسلم فالاول من المرتبۃ العلیا والثانی مما یلیہا والثالثۃ مما یلیہا لاتفاق العلماء بعدہما

علی تلقی کتابیهما بالقبول واختلاف بعضهم فی الیهما انتهی اور بھی بعد چند سطور کے لکھتے ہین و ردّ انهما
قد حصل الاتفاق علی القول بتعدیلهم بطریق اللزوم فان العلماء لما تلقوا کتابیهما بالقبول لزم القول
بتعدیل رجالهما فهم مقدمون علی غیرهم فی روایاتهم وهذا اصل لا یخرج عنه الا بدلیل انتهی اور سیوطی
تدریب الراوی شرح تقریب النواوی مین لکھتے ہین قال ابن دقیق العید فی الاقتراح لیعرف
ثقة الراوی بالتنصیص علیه من رواته او تخریج احد الشیخین له فی الصحیح وان تکلم
فی بعض من خرج له فلا یلتفت الیه او تخریج من اشترط الصحة انتهی اور ملا علی قاری مکی حنفی شرح
شرح نخبة الفکر مین کہتے ہین روانهما قد حصل الاتفاق علی القول بکونهم عدولا وضابطاً وغیر
هما من اوصاف الصحة غالبًا بطریق اللزوم فهم ای البخاری ومسلم وصاحب شرطهما او حالهما
مقدمون علی غیرهم فی روایاتهم انتهی اور ایسا ہی شرح الفیة الحدیث للعراقی وللسخاوی
وللانصاری مین اور مقدمۂ ابن صلاح مین اور خلاصۂ طیبی اور مختصر ابن جماعه مین الی
غیر ذلک من کتب الاصول مذکور ہے **جواب سوال دوم** یہ الفاظ عمدہ ترین
مراتب تعدیل سے ہین اور بعد ورود ان الفاظ کے کسی راوی کے حق مین شبہۂ
اسلام یا عقل یا ضبط یا عدالت مین کرنا کسی عاقل کا کام نہین ہے سخاوی فتح المغیث
بشرح الفیة الحدیث مین لکھتے ہین قال الذہبی ان قولهم ثبت وحجة وامام وثقة ومتقن من
عبارات التعدیل التی لا نزاع فیها انتهی اور مقدمۂ ابن صلاح اور مختصر ابن جماعه
وغیرہ مین ہی اما الفاظ التعدیل فعلی مراتب الاولی قال ابن ابی حاتم اذا قال للواحد انه
ثقة او متقن فهو ممن یحتج بحدیثه قلت وکذا اذا قیل ثبت او حجة وکذا اذا قیل فی العدل
انه حافظ او ضابط انتهی **جواب سوال سوم** یہ کہنا اوسکا ضلالت وحماقت ہی
اوّلاً تو اسوجہ سے کہ جلالت قدر مصنف تقریب حافظ ابن حجر عسقلانی کے کہ کتب تواریخ
اور طبقات کے معائنہ سے معلوم ہوتی ہی اس امر کو مقتضی ہی کہ اونکا قول باب جرح
وتعدیل مین خواہ مخواہ معتبر ہوگا ثانیًا اسوجہ سے کہ جو تعدیل وجرح تقریب مین مذکور ہی
وہ صرف قول مصنف تقریب کا نہین ہی بلکہ قول ایک جماعت ائمۂ حدیث کا ہی اسوجہ سے
اوّلاً ابو الحجاج مزی دمشقی نے جو باب رجال مین دستگاہ تمام رکھتے تھے صحاح ستہ کے

[illegible]

رجال کیواسطی تہذیب الکمال تالیف کی اور اوسمین اقوال محدثین متقدمین سے جرح وتعدیل نقل کی بعد اوسکے حافظ ابن حجر نے اوسکی تلخیص کر کے مع زیادات کثیرہ کے تہذیب التہذیب تصنیف کی پھر اوسکی تلخیص تقریب مین کی پس جو جرح وتعدیل تقریب مین مذکور ہے وہ وہی ہے کہ تہذیب التہذیب اور تہذیب مین بنظر اقوال محدثین مذکور ہے پس کوئی جرح وتعدیل تقریب مین ایسی نہین ہے کہ جسکی تصدیق باقوال محدثین سابقین نہوئی ہو جیساکہ ماہرین پر ظاہر ہے وَمَن لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ لَہٗ نُوْرًا فَمَا لَہٗ مِن نُّوْرٍ **جواب سوال چہارم** فی الواقع یہ روایت قبل اختلاط کے ہے نہ بعد اختلاط کے جیساکہ نووی کی عبارت سے واضح ہوا اور فتح المغیث مین ہے ما یقع فی الصحیحین او احدہما من التخریج لمن وصف بالاختلاط فانا نعرف علی الجملۃ ان ذلک مما ثبت عند المخرج انہ من قدیم حدیثہ انتہی **جواب سوال پنجم** رفع سبابہ کی جو احادیث صحیح مسلم مین ہین اونکے سب رواۃ کا حال تقریب مین مذکور ہے جیسا ناظر تقریب وغیرہ پر ظاہر ہے اور احادیث رفع سبابہ کی سواے صحیح مسلم کے اور کتب حدیث مین بھی بطرق متعددہ مروی ہین مثل سنن ابوداؤد وسنن نسائی وسنن دارمی وجامع ترمذی وسنن بیہقی ومسند احمد وموطا مالک وموطا محمد ومصنف عبد الرزاق ومسند ابو یعلی ومصنف ابن ابی شیبہ ومعجم طبرانی وسنن سعید بن منصور وغیرہ چنانچہ ملا علی قاری حنفی نے اپنے رسالہ تزیین العبارۃ لتحسین الاشارۃ مین بعد ذکر ان سب روایات کے تحریر کیا ہے وبالجملۃ فہو مذکور فی الصحاح الست وغیرہا مما کاد ان یکون متواترا بل یصح ان یقال انہ متواتر معنی فکیف یجوز لمؤمن باللہ ورسولہ ان یعدل عن العمل بہ ویاتی التعلیل فی معرض النص الجلیل مع ان ذلک مدخول صدر من العلیل انتہی اور بعد اسکے تفصیل تمام سنیت اشارت کو ثابت کیا ہی اور قول عدم رفع کو مردود کر دیا ہی **جواب سوال ششم وہفتم** یہ دونون قول تردید کے مخالف اصول حنفیہ کے ہین تمام کتب اصول از مختصرات تا مطولات اس امر کی تحقیق سے مالامال ہین بلکہ خلاف ائمہ ثلاثہ ابو حنیفہ ومحمد وابو یوسف کے بھی ہی کیونکہ امام ابو یوسف نے امالی مین سنیت اشارۃ کی تصریح کی ہی اور امام محمد نے موطا مین بھی اسکو ذکر کیا ہی اور اوسکو امام ابو حنیفہ کیطرف منسوب کیا ہی **جواب سوال مصافحہ** فی الواقع ان کتب مین مصافحہ بعد الصبح وبعد العصر کو بدعت

ومکروہ وممنوع وغیرہ لکھاہی اور ایساہی درکتب محققین مین بھی موجود ہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۱۴۸۹

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ مثلاً زید نے کسیقدر روپیہ حسبتہً للہ ایک مسلمان کی دوکان مین جمع کردیا اس غرض سے کہ اوس سے کاروبار تجارت کا ہو اور اوسکی اصل یا منافع سے صرف مدرسۂ اسلامیہ کا جو فلان مسجد جامع مین ہے عمل مین آیا کرے اور ایک وصیت نامہ بھی اس مضمون کا لکھکر چند اشخاص اسلام کو بغرض مشورہ سے مہمات مسجد مذکور مع چند مساجد دیگر کی انجام ہوتے تھے اور منجملہ اون اشخاص کے زید خود بھی تھا واسطے انصرام اس وصیت کے وصی مقرر کیا اور یہ اشخاص ممبران کمیٹی مساجد مذکور کہلاتے تھے بعدہ ممبران کمیٹی نے بصوابدید کثرت رای کے اوس مدرسہ سے مدرس عربی کو مع طلبہ اوس مسجد سے اوٹھاکر دوسری مسجد مین لیگئے جسکے مہمات متعلق ممبران کمیٹی مذکور نہ تھے بلکہ وہ اہتمام مین صرف خالد کے تھی جو اس کمیٹی کا افسر تھا مگر نام اوسی جز مدرسہ کا جو مسجد آخر الذکر مین اوٹھ گیا وہی مدرسۂ اسلامیہ واقع مسجد اول الذکر قائم رہنے دیا اور ایک مدرس حافظ قرآن مع طلبہ مسجد اول الذکر مین رہنے دیا اور چندہ جو نام سے مدرسۂ اسلامیہ واقع مسجد اول الذکر کے وصول ہوتا تھا اوس سے تنخواہ دونون مدرسونکی دیجاتی تھی بعدہ زید فوت ہوا اور عمرو بجاے اوسکے ممبر اوس کمیٹی کا بمشورہ جملہ ممبران کمیٹی باقی ماندہ کے مقرر ہوا بعدہ بکر منجملہ ممبران کمیٹی کے ایک شخص شرکت مجلس شوریٰ مساجد مذکور سے اور مدرس مذکور بمداخلت مسجد مذکور یعنی مداخلت مسجد اول الذکر سے باتفاق جملہ بقیہ ممبران کمیٹی ممنوع کیے گئے مگر خالد افسر کمیٹی نے مسجد آخر الذکر مین اوسکو قائم رہنے دیا و برخاست نہین کیا او بوقت مسجد اول الذکر مین دوسرا مدرس عربی مقرر ہوا اور چندہ جو واسطے مدرسہ کے مسلمانون سے وصول ہوتا تھا متفرق ہوگیا کچھہ مسلمان مدرسۂ جدید واقع مسجد اول الذکر مین دینے لگے اور کچھہ مسلمان مسجد آخر الذکر مین اور اہتمام دونون مدارس کا علحدہ ہوگیا مدرسۂ مسجد اول الذکر باہتمام عمرو کے رہا اور مدرسۂ آخر الذکر باہتمام بکر کے لیکن مدرس حافظ قرآن کی تنخواہ کسی مصلحت سے مسجد آخر الذکر کے چندہ سے بدستور ملتی تھی بعدہ مدرس حافظ قرآن متعینہ مسجد اول الذکر بہ ترک نوکری رخصت ہوا اور بجاے اپنے دوسرے حافظ کو مقرر کرنا چاہا لیکن عمرو مہتمم مدرسۂ مسجد اول الذکر نے بنا منظوری اوسکے دوسرا حافظ مقرر کیا الا بکر نے اوسی حافظ کو جسکو حافظ معزول نے مقرر کرنا چاہا تھا مسجد آخر الذکر مین مقرر کردیا اور مدرسۂ حفظ قرآن وہان بھی جاری کیا اور تنخواہ مدرس

کتاب الوقف

از بنارس مرسلہ مولوی قطب الدین صاحب ۱۶ شعبان ۱۳۰۲ ہجری [illegible]

حافظ قرآن متعینہ مسجد اول الذکر کو جو چندہ مسجد آخر الذکر سے ملتی تہی موقوف کر دی اب دونون مسجدونکے مدارس کے چندے اور مصارف بالکل علحدہ ہو گئے ایک کی آمدنی اور مصارف سے دوسرے مدرسے اور مسجد سے تعلق نہین ہی پس اب وہ روپیہ جو زید نے واسطے مصارف مدرسہ مسجد جامع یعنی مسجد اول الذکر کے دوکان مذکور مین جمع کیا تہا کس مدرسہ کے مصارف مین خرچ ہونا شرعًا واجب ہی آیا ممبران کمیٹی کو صرف کرنا اوس روپیہ کا مدرسہ اسلامیہ مسجد جامع مین داخل ہی یا مدرسہ واقع مسجد آخر الذکر مین و اگر اوس روپیہ سے کوئی جائداد تعمیر ہوئی ہو تو اوسکی آمدنی کس مدرسہ مین شرعًا صرف ہونا چاہیے اور کس مدرسہ مین صرف ہونے سے تعمیل وصیت ہوتی ہی اور کس مدرسہ مین صرف ہونا خلاف تعمیل وصیت ہی اور اوس خلاف تعمیل وصیت سے ممبران کمیٹی جو اوصیا عند اللہ مین گنہگار ہونگے یا نہین بینوا بالکتاب توجروا بالصواب ھو المصوب چونکہ شرط واقف کی لازم العمل ہی اور صورت سوال مین واقف نے تقیید مدرسہ اسلامیہ ساتہ واقع مسجد جامع کے کی ہی بنا علیہ اوس روپیہ کا مصروف ہونا مدرسہ مسجد جامع مین چاہیے نہ مسجد اخیر کے مدرسہ مین بحر الرائق شرح کنز الدقائق مین ہی فان قلت اذا کان له درس فی جامع ولازم بانیه ان یکون عما علیه فی مدرسته بل یستحق المعلوم فی المدرسة قلت لا یستحق الا اذا باشر فی المکان المعین بکتاب الوقف لقوله فی شرح المنظومة اما لو شرط الواقف فی ذلک کله شروطًا اتبعت انتہی حررہ الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۱۴۹ استفتا چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین درین مسائل اول آنکہ قیام امام در محراب بطوری کہ در کتب فقہیہ مذکور ست سنت ست یا مستحب یا مباح زیرا کہ در اکثر کتب معتبرہ بلفظ لا باس گفتہ اند و در تاتارخانیہ بنقل شامی سنت فرمودہ دوم آنکہ احداث محاریب در مسجد واحد جائز ست یا نہ در تاتارخانیہ و جامع الرموز و صلوٰۃ مسعودی و در مختار و عالمگیری وغیرہ خبرے آوردہ اند کہ نصب محاریب از صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم صادر شدہ و در جذب القلوب و سفر السعادت آوردہ کہ در زمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم محاریب نبودند و در فتح القدیر و کبیری باین لفظ آوردہ فانه بنیت فی المساجد المحاریب من لدن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولو لم تبن کانت السنة ان یتقدم فی محاذات ذلک المکان و در رد المحتار فی ذیل قوله فوق بیت آہ آوردہ ای موضع عد للسنن والنوافل بان یتخذ له محراب وینظف ویطیب کما امر به صلی اللہ علیہ وسلم فهذا مستند و در غرائب آوردہ و به امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم اصحابه لیتخذوا فی منازلهم محاریب لصلاتهم ازینجا معلوم میگردد کہ در عهد آن حضرت نیز محاریب بودہ اند پس بعد از تحقیق

فی کتاب الصلوٰة
در شعبان ۱۳۰۳ ہجری مرسلہ مولوی محمد سعید ساکن [illegible]

مزید و تفتیش بلیغ بروایات کتب ظاهر الروایت مع ادله شروح آنها بینوا توجروا فقط هو المصوب

عبارات فقها در باب محاریب مختلف اند بعض ازانها دال بران اند که وجود آنها در عصر نبوی بوده وبعض بران دال اند که بنای محاریب محدث ست وانچه از معائنه کتب احادیث واضح می شود این ست که حدوث محاریب بطوریکه مروج اند در عهد نبوی نبوده بلکه اصل آن از نصاری ست وآنحضرت صلی الله علیه وسلم ازان منع فرموده وحدوث آنها در عهد تابعین گشته وازجمعی از صحابه بران انکار رفته علامه جلال الدین سیوطی در تفسیر در منثور زیر آیۂ کریمه فَنَادَتْهُ الْمَلٰئِكَةُ وَهُوَ قَائِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ می نویسند اخرج الطبرانی والبیهقی فی سننه عن ابن عمر ان النبی صلی الله علیه وسلم قال اتقوا هذه المذابح یعنی المحاریب واخرج ابن ابی شیبة فی المصنف عن موسی الجهنی قال قال رسول الله لا تزال امتی بخیر مالم یتخذوا فی مساجدهم مذابح کمذابح النصاری واخرج ابن ابی شیبة فی المصنف عن ابن مسعود قال اتقوا هذه المحاریب واخرج ابن ابی شیبة عن عبید بن ابی الجعد قال کان اصحاب محمد یقولون ان من اشراط الساعة ان یتخذ المذابح فی المسجد یعنی الطاقات واخرج ابن ابی شیبة عن ابی ذر قال ان من اشراط الساعة ان تتخذ المذابح فی المساجد واخرج عن کعب انه کره المذبح فی المسجد انتهی ونیز سیوطی در کتاب الوسائل بمعرفة الاوائل می نویسند اول من احدث المحراب المجوف عمر بن عبد العزیز حین بنی المسجد النبوی ذکره الواقدی عن محمد بن هلال انتهی ونیز سیوطی در رساله خود اعلام الاریب بحدوث بدعة المحاریب نوشته ان قوما خفی علیهم کون المحراب فی المساجد بدعة وظنوا انه کان فی مسجد النبی صلی الله علیه وسلم فی زمنه ولم یکن قط فی زمانه ولا فی زمان الخلفاء ومن بعدهم الی المائة الاولی وانما حدث فی اول المائة الثانیة مع ورود الحدیث بالنهی عن اتخاذه وانه من شان الکنائس وان اتخاذه فی المسجد من اشراط الساعة انتهی پس سیوطی دران رساله ذکر اخبار وآثار مع ذکر سند آنها وتوثیق رواة کرده منجملۂ آن همان اخبار اند که از در منثور منقول اند ومنجمله آن قول ابن مسعود انما کانت المحاریب للکنائس فلا تشبهوا باهل الکتاب یعنی انه کره الصلوة فی الطاق اخرجه البزار فی مسنده برجال ثقات وهرگاه حال احداث محاریب معلوم شد پس در مسجد واحد احداث محاریب متعدده که مفضی به تکرار جماعت بلا ضرورت ست

بدرجۂ اولی ناجائز خواهد شد و لهذا هنگامیکه در حرمین شریفین تعدد محاریب شده علمای آن زمان منع کردند لیکن سلاطین ممانعت شان را بخیال نیاوردند ملا باقر آگاه در رسالۀ خود ایقاظ النیام می نویسند و بساعت صالح تکرار جماعت و حدوث محاریب و ائمه در چار جهت کعبه رسیده و نیست این کار تکرار ز حوادث زمان و نوائب دوران و حدوث این محاریب در مکۀ معظمه در سنه ۷۳۰ه هفت صد و سی سال ست و حدوث جماعت ثانیه در مکة المکرمه در سنه ۸۶۰ه هشت صد و شصت سال و حدوث محراب ثانی آن بعد سنه ۹۴۰ه نهصد و چهل سال بوقوع پیوست هر چند علمای آن زمان مساعی نمایان در منع آن کار فرمودند مفید نشد و کان امر الله قدرا مقدورا پس در ظنون و اوهام عوام این خیال خام استحکام یافت که امریست معروف که اهل حرمین آن را پسند کرده اند انتهی و چون ثابت شد که تعدد محاریب بلکه نفس احداث آن در عصر نبوی و عصر صحابه نبوده لاجرم قیام دران سنت نخواهد بود و بهمین جهت اکثر فقها آن را بلفظ لا باس که اشارت به ترک اولی می سازد ترقیم فرموده اند البته امتیاز امام و تقدمش بر سائر صفوف و قیامش بمحاذات وسط صفوف سنت است که از احادیث مرفوعه وغیره ثابت است والله اعلم بالصواب و عنده ام الکتاب

حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

ابو الحسنات محمد عبد الحی

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین ان مسائل مین **سوال اول** سجدہ سورہ صاد کا شافعیہ کے نزدیک واجب ہی یا نہین اور حالت نماز مین اونکے نزدیک سجدہ صاد کا درست ہی یا نہین **سوال دوم** تراویح مین امام اگر شافعی ہو اور مقتدی حنفی ہو اوسپر سورہ صاد کا سجدہ واجب ہوگا یا نہین اور اگر مقتدی پر واجب ہوگا تو اوسکو حالت نماز یا خارج نماز ادا کر سکتا ہی یا نہین اور اگر ادا نہین کر سکتا تو اوسکے ذمہ پر باقی رہتا ہی یا ساقط ہو جاتا ہی اور حالت اقتدا مین اگر ضمن رکوع و سجود صلوۃ مین نیت کرے تو ادا ہو سکتا ہی یا نہین **سوال سوم** تراویح مین اگر امام شافعی ہو بلحاظ اسکے مقتدیون سے جو حنفی ہین سجدہ صاد کا اوسی طرح سے ادا ہو جاوے ایک ترویحہ کا امام حنفی ہوکے رکوع سجدۂ صاد کے پڑھ کے سجدہ کرے اور شافعی اوسکی اقتدا کرے تو جائز ہی یا نہین اور تعدد امام سے تراویح مین کچھ خلل ہوتا ہی یا نہین اور ایک ترویحہ مین حنفی کے امام ہونے سے تحقیر و استخفاف شافعیہ لازم آتا ہی یا نہین بینوا توجروا هو المصوب **جواب سوال اول** سجدہ سورۂ صاد کا شافعیہ کے نزدیک واجب نہین بلکہ خارج نماز مستحب ہی اور حالت نماز مین حرام ہی بلکہ مفسد صلوۃ ہے اگر سجدہ کرنیوالا عمداً سجدہ کرے اور حکم حرمت سے واقف ہو علامہ قسطلانی شافعی ارشاد الساری شرح

صحیح البخاری مین لکھتے ہین یستحب السجود لص فی غیر الصلوۃ ویحرم فیہا فان سجد فیہا عمداً عالماً بتحریمہا بطلت صلاتہ بخلاف فعلہا سہوا او جہلا للعذر انتہی **جواب سوال دوم** وجوب سجدۂ تلاوت کے تین سبب ہین ایک پہلے تلاوت آیۂ سجدہ دوسرے سماع آیت سجدہ تیسرے اقتدا اگرچہ سماع نہو جیسا کہ غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی مین ہے یجب علی التالی وعلی السامع وعلی المؤتم تلاوۃ امامہ وان لم یسمعہا لوجوب المتابعۃ علیہ انتہی اور وجوب سجدہ مین بوجہ سماع کے مذہب سامع معتبر ہے نہ مذہب تالی جیسا کہ بحر رائق مین ہے فی التجنیس التالی والسامع تلاوت کنندہ و خوانندہ ۱۲ ینظر کل واحد منہما الی اعتقاد نفسہ کالسجدۃ الثانیۃ فی سورۃ الحج لیس بموضع السجدۃ عندنا وعند الشافعی ہو موضع السجدۃ لان السامع لیس بتابع للتالی تحقیقا حتی یلزمہ العمل برایہ لانہ لا شرکۃ بینہما انتہی بنا برعلیہ جب مقتدی حنفی نے آیت سجدۂ صاد کی امام شافعی سے سنی سجدہ اوسپر واجب ہوگیا نہ امام پر جیسا کہ سجدۂ ثانیہ مین حج کے امر بالعکس ہے لیکن اس واجب کے مقتدی نے ادا کرنے کی کوئی صورت نہین ہے نہ نماز مین اور نہ خارج نماز لیکن نماز مین پس اسوجہ سے کہ مخالفت لازم آتی ہے اور مقتدی کو متابعت امام کی ضرور ہے اسیوجہ سے جب امام حنفی ہو اور وہ با وجود وجوب سجدہ کے اوسپر اور اوسکے مقتدی پر کسیوجہ سے سجدہ نکرے مقتدی کو بھی لازم ہے کہ سجدہ نکرے پس جب امام شافعی کہ جسپر سجدہ واجب نہین ہوا سجدہ نکریگا مقتدی حالت اقتدا مین بدرجہ اولی سجدہ نہین کر سکتا غنیۃ المستملی مین ہے لو لم یسجد الامام لا یسجد المقتدی ۱۲ وان سمعہا لانہ مامور بالمتابعۃ وعدم المخالفۃ انتہی اور بھی اوسمین ہے فی نظم الزندوستی خمسۃ اشیاء اذا لم یفعلہا الامام لا یفعلہا القوم القنوت وتکبیرات العیدین والقعدۃ الاولی وسجود التلاوۃ وسجود السہو انتہی اور بھی اوسمین ہے الاصل فیہ وجوب متابعۃ الامام فی الواجبات فعلا وکذا ترکا ان کانت فعلیۃ او قولیۃ یلزم من فعلہا المخالفۃ فی الفعل انتہی اور لیکن خارج نماز کے پس اس وجہ سے کہ جو سجدۂ تلاوت صلاتیہ ہو وہ خارج نماز کے ادا نہین ہو سکتا بحر رائق مین ہے ولم تقض الصلاتیۃ خارجہا لان السجدۃ المتلوۃ فی الصلوۃ افضل من غیرہا فلم یجز اداؤہا خارج الصلوۃ لان الکامل السجدۃ ۱۲ لا یتادی بالناقص انتہی اور در مختار صفحہ ۲۹۰ جلد ۱ مین ذکر واجبات صلوۃ مین مذکور ہے ومتابعۃ الامام یعنی فی المجتہد فیہ لا فی المقطوع بنسخہ او بعدم سنیتہ کقنوت فجر انتہی اور ظاہر ہے کہ سجدہ سورۂ صاد کا مجتہد فیہ ہے جیسا کہ عبارت رد المحتار المراد بالمجتہد فیہ ما کان مبنیا علی دلیل معتبر شرعا

بحیث یسوغ للمجتہد بسببہ مخالفتہ غیرہ انتہی سے واضح ہے پس آمین ہی مین متابعت امام شافعی کی ضرور ہے جیساکہ سجدۂ ثانیۂ حج مین متابعت امام شافعی کی ضرور ہی حواشی طحطاویہ للدر المختار مین ہے قولہ للمتابعۃ ظاہرہ انہ یجب علیہ متابعۃ الشافعی فی سجود الثانیۃ من سورۃ الحج لوجود الشرکۃ بخلاف خارج الصلوۃ انتہی ہرگاہ یہ معلوم ہوا کہ مقتدی حنفی سجدہ کو نہ خارج نماز ادا کرسکتا ہے اور نہ نماز مین بوجہ متابعت امام کے پس بالضرورت یہ سجدہ مقتدی سے ساقط ہوجاے گا باقی رہا ادا ہونا اوسکا ضمن مین رکوع یا سجود نماز کے پس نزدیک حنفیہ کے سجدۂ تلاوت رکوع مین ساتھ نیت کے اور سجود مین بدون نیت کے اور بعض کے نزدیک بشرط نیت کے ادا ہوجاتا ہے بشرطیکہ رکوع اور سجود بعد قرات آیت سجدہ کے فی الفور ہو اور فصل بمقدار چار آیت یا تین آیت علی الاختلاف نہو بحر الرائق مین ہے ولو لم یرکع حتی طالت القراءۃ لم یجز وان نواہ عن السجدۃ وکذا السجدۃ الصلاتیۃ لا ینوب عنہا اذا طالت القراءۃ واذا لم تطل القراءۃ لا یحتاج الرکوع او السجدۃ الصلاتیۃ فی اقامتہا عن سجود التلاوۃ الی النیۃ ومن المشائخ من قال یحتاج النیۃ واکثر المشائخ لم یقدروا طول القراءۃ بشیٔ وبعضہم قالوا ان قراءۃ آیۃ او آیتین لم تطل وان قرأ ثلاثا طالت والظاہر ان الثلث لا یعدم الفور انتہی ملخصا اور بھی اوسی مین شرح قول کنز ولم تقض الصلاتیۃ خارجہا مین ہی محل سقوطہا ما اذا لم یرکع للصلاۃ ولم یسجد صلاتیۃ فانہ ینوب عنہا اذا کان علی الفور انتہی اور درمختار مین ہے لو نواہا الامام فی رکوعہ ولم ینوہا المؤتم لم یجزہ ویسجد اذا سلم الامام ویعید القعدۃ ولو ترکہا فسدت صلاتہ کذا فی القنیۃ وینبغی حملہ علی الجہریۃ نعم لو رکع وسجد لہا فورًا ناب بلا نیۃ انتہی اور حواشی طحطاوی مین ہے قولہ نعم استدراک علی قولہ لم یجزہ یعنی ان عدم الاجزاء للمؤتم فیما اذا نواہا الامام فی الرکوع اما اذا لم ینوہا فیہ بان نواہا فی السجود او لم ینوہا اصلا فلا شیٔ علی المؤتم نواہا او لم ینوہا بشیٔ انتہی اور رد المحتار مین ہے قولہ نعم لو رکع وسجد لہا ای للصلوۃ فورا وان لم ینو والظاہر ان المقصود بہذا الاستدراک التنبیہ علی انہ ینبغی للامام ان لا ینویہا فی الرکوع لانہ اذا لم ینوہا فی الرکوع ونواہا فی السجود او لم ینوہا اصلا لا شیٔ علی المؤتم لان السجود ہو الاصل فیہا انتہی ان عبارات سے

یہ معلوم ہوا کہ اگر امام فی الفور بغیر فصل طویل رکوع وسجدۂ صلاتیہ کرے اور نیت ادائے رکوع وسجود کی کرے نہ سجدۂ تلاوت کی اس صورت مین بھی مقتدیون سے ضمن سجدۂ صلاتیہ مین نیت کرین یا نہ کرین سجدۂ تلاوت ادا ہوجاوے گا بنائً علیہ امام شافعی کو بہتر ہی کہ بعد قرأت آیت سجدۂ صاد کے دو تین آیت پڑھ کے رکوع اور سجدۂ نماز بدون نیت سجدۂ تلاوت کرے تا مقتدیون سے سجدۂ تلاوت خودبخود ادا ہوجاوے کیونکہ اگر نیت سجدۂ تلاوت کی کرے گا تو اوسکے مذہب کے موافق فساد ہوگا اور اگر بعد فصل طویل کے رکوع وسجود کرے گا تو مقتدی حنفی سے سجدۂ تلاوت فوت ہوجاویگا اور اس صورت مین کہ بعد دو تین آیت کے رکوع اور سجدہ کرے نہ بقصد سجدۂ تلاوت بلکہ بقصد اتمام رکعت کسی مذہب والے کا نقصان نہوگا **جواب سوال سوم**

تراویح دو امام سے بھی پڑہنا درست ہی جیسا کہ فتاوی قاضیخان وغیرہ مین مصرح ہی لیکن اولی یہ ہی کہ ایک ایک ترویحہ سے کم نہ ادا کرے فتاوی قاسم بن قطلوبغا حنفی مین ہے اذا صلی الترویحۃ الواحدۃ امامان کل واحد منہما تسلیمۃ اختلف المشائخ فیہ قال بعضہم لا باس بہ والصحیح انہ لا یستحب ذلک ولکن کل ترویحۃ یؤدیہا امام واحد وعلیہ عمل اہل الحرمین وغیرہم ویکون تبدیل الامام بمنزلۃ الانتظار انتہی اور ملا باقر آگاہ شافعی رسالہ ایقاظ النیام فی التقلید بمقلد کل امام مین لکھتے ہین در فتح الجواد فرمودہ واین یعنے سجدۂ ص مستثنی ست از وجوب مفارقت نزد فعل امام مبطلی را در اعتقاد ماموم نظر برینکہ جنس سجود تلاوت مغتفر شود در نماز انتہی اور بھی اوسمین ہی قول تحفہ بمنزلۂ ساہی وقول ابن قاسم بمنزلۂ جاہل این معنی دارد کہ ہرچہ از ساہی وجاہل مغتفر شود اگر امام حنفی آن را بعمل آرد از وی مغتفر شود وشافعی از اقتدائے او ممتنع نہ گردد انتہی ان دونون عبارتونسے معلوم ہوا کہ اگر بعد ترویحہ سجدۂ صاد کے امام حنفی کیا جاوی تو بہتر ہی کہ تراویح کے ادا مین خلل نہوگا اور سجدہ بھی حنفیونسے ادا ہوجاویگا اور شافعی کی نماز واقتدا مین بھی کچھ فتور نہوگا اور یہ خیال کرنا کہ اس مین تحقیر واستخفاف شافعیہ ہی قبیل وساوس سے ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی محمد وآلہ وصحبہ الکریم۔ اما بعد بعالی خدمت فیض درجت نکتہ

دان کلام الٰہی یا بندۂ رموزات احادیث مصطفوی امام العلما قدوۃ الفضلا مولانا و اولانا مولوی حافظ محمد عبد الحی صاحب قبلہ ادام اللہ تعالےٰ فیوضاتکم ۔ بعد التماس آداب تسلیم واضح رای شریف ہووے کہ عنایت نامہ و الاسع فتوی حسب خواہش مسکینان ۲۹ ۔ شعبان روز پنجشنبہ وصول مسرت شمول ہوکر جمیع احناف کو عموماً و خصوصاً آنکھونکو نور دلونکو سرور بخشا جزاکم اللہ ۔ غرض یکم ماہ رمضان شریف بروز جمعہ بعد نماز جمعہ اکثر عمائدین شہر اور اکثر شافعیہ مسجد امیر الامرا مین جمع ہوکر فتوی جناب کو پڑہکر سنانے سے سب لوگون نے قبول کیا اور رفع فساد مطلق ہو گیا حنفیہ اور شافعیہ مین جو مناقشہ درباب اداے سجدۂ صاد حنفیہ امام کو بجبراً کرکے یک ترویحہ کے ضمن مین سجدۂ صاد ادا کرانے پر کچھہ قباحت اور تحقیر امام شافعی کی ثابت نہین کرکے کل شافعیہ اور حنفیہ سے رفع شک ہوگیا چنانچہ سورۂ صاد پر حنفی امام ہوکر اداے سجدہ کرادیا بائیس ۲۲ سال کا قضیہ جناب عالی کی تحریر سے مطلق دفع ہوجانے سے جمیع ساکنین ترچناپلی دست بستہ شکریہ ادا کرکے حق تعالےٰ سے مناجات کرتے ہین کہ یا اللہ یا کریم مولانائے موصوف کو خلعت مجدد دین محمدی کا جلد عنایت فرما آمین ثم آمین ۔ مولانا یہان کے دو تین شافعی مذہب والے مسئلہ مرقومۃ الصدر مین ازراہ تعصب مذہبی فتوی مرسلہ مین خوض کرکے دیکھکر بولتے ہین کہ جناب عالی نے حنفی مذہب ہونے سے مضبوطی احناف کی کردی مگر اعلم شافعیہ کو ورغلاتے ہین آمید کہ ترچناپلی سے کوئی شخص فتوی مرسلہ طلب کرے تو فقیر حقیر کیطرف رجوع کرادیوین ۔ مردم خانہ فقیر مع فرزند صغیر مدبر دار فانی و متوجہ ملک جاودانی ہوجانے سے جواب کے لکھنے سے مقصر ہا معاف فرمانا دعاے مغفرت فرمانا ۔ زیادہ آرزوے اسلام مینی چہ نگارد ۔ شاہ محمد فضل اللہ عفی عنہ ۔ ۱۰ شوال روز سہ شنبہ ۱۲۹۵ ہجری

استفتا ۱۵۱ کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین بہ نسبت اس مسئلہ کے کہ یہ جو عوام کہتے ہین کہ لفظ ولا الضالین کے حرف ضاد کو اگر بصورت ظا یا ذال یا زا پڑہا تو مفسد نماز ہی اور اگر بصورت دال پڑہا تو مفسد صلوۃ نہین ہی اور دلیل اس دعوی پر چند وجوہ ذیل لاتے ہین اول ضاد ظا کا مشتبہ الصوت و قریب المخرج نہین ہی اور نہ متحد المخرج ہے اور یہی حال ذال و زا کا بھی ہی بلکہ اگر اشتباہ الصوت یا قریب المخرج یا اتحاد مخرج ہی تو ضاد و دال مین البتہ ہی اسواسطے کہ اگر ضاد و ظا مین اشتباہ الصوت فی الواقع ہوتا تو ان کے عمومیت عبارت فتاوی قاضیخان ان کان لا یمکن الفصل

فی کتاب الصلوٰۃ
از معظم دائی بارکی مولوی محمد نظر علی
رسالہ مولوی عبد الرؤف
بن منشی [illegible] علی صاحب
ساکن رحیم [illegible]
سنہ ۱۲۹۵ ہجری

بین الحرفین الا بمشقة کالضاد مع الظاء الخ ضرور تہا کہ جہان کہین حرف ضاد ہو اگر اوسکے بدلے ظا پڑہ لیا جاوے تو مفسد صلوۃ نہو حالانکہ یہہ حکم مطلقاً ثابت نہین آتا ہی کیونکہ اوسی فتاوی مین موجود ہی وکذا لو قرء غیر المغضوب بالظاء او بالذال تفسد صلاتہ پس عمومیت اس قاعدہ کی باطل ہوئی دوم ذخیرہ کہ کتب معتبرہ اور متداولہ بین الناس سے ہی اوسمین لکہا ہی کہ اگر دو حرف ایسے ہون کہ درمیان اون دونون حرفون کے نہ اتحاد مخرج ہو اور نہ قرب اوسکا مگر یہ کہ بیچ ابدال ایک کے بجاے دوسرے کے بلوی عام ہو جیسے لانا زامی محض کا بجای ذال معجمہ کے یا ظای معجمہ کو بجای ضاد معجمہ کے پس اس صورت مین نزدیک بعض مشائخ کے نماز فاسد نہوگی انتہی ترجمۃ ہکذا فی المنیۃ اور فتاوی قاضیخان مین اسکے برخلاف لکہا ہی کیونکہ مذہب ابدال ظای معجمہ کے بجای ضاد معجمہ وبالعکس اوسکے منسوب باکثر فقہا کیا ہی اور قول فساد صلوۃ کو اس صورت مین منسوب بہ بعض کیا ہی جیسا کہ ملاحظۂ عبارت مرقوم الصدر وان کان الخ سے ظاہر ہوتا ہی اور صاحب درمختار نے بہی اس قول مین موافقت قاضیخان کی کی ہی چنانچہ عبارت درمختار یہہ ہی کالضاد مع الظاء فاکثرہم علی انہا تفسدہا پس یا ان دونون عبارت یعنی قاضیخان وذخیرہ مین تطبیق دیجاوے یا کوئی قول ان دونون سے غلط قرار دیا جاوے ورنہ اجتماع النقیضین لازم آتا ہی اور ہر دو عبارتون مین تعارض واقع ہوتا ہی اور اصول کا مسئلہ ہی اذا تعارضا تساقطا ششم بعض لوگ اس عبارت فتاوی قاضیخان سے استدلال کرتے ہین اس بات پر کہ ضالین کو ساتھ دال کے پڑھنا مفسد صلوۃ ہی اور ظا و ذال سے پڑہنا مفسد نماز نہین ہی وہ عبارت یہ ہی ہکذا وکذا لو قرء الظالین بالظاء او بالذال لا تفسد صلاتہ ولو قرء الدالین بالدال تفسد صلاتہ الا اس عبارت سے استدلال کرنا اس بات پر مخدوش ہی کیونکہ جس لفظ و لا الضالین مین یہ بحث ہی وہ صرف ضاد ہی ہی اور صاحب فتاوی مذکور نے یہ حکم اوس لفظ و لا الضالین مین بیان کیا ہی جو حرف بدلہ ظا سے ہی جیسا کہ ملاحظۂ عبارت فتاوی مذکور مطبوعۂ قدیم کلکتہ سے ظاہر ہوتا ہی پس دلیل دعوی پر منطبق نہوئی اور اگر یہ تاویل اسکی کیجاوے کہ یہ زلۃ قلم ناسخ سے ہی تو جب بہی خدشہ باقی ہی اولاً اسکی کیا دلیل کہ یہ زلۃ قلم ناسخ ہی اور برتقدیر صحیح ہونے اور تسلیم کر لینے اس بات کی کہ یہ بیشک ناسخ سے سہو ہوا تاہم مفید مدعا مستدل نہین کیونکہ طحطاوی مین تحت قول صاحب درمختار

باب ما یفسد الصلوۃ ۱۲

الا ما یشق تمییزہ بزازیہ سے نقل کیا ہی کہ غیر المغضوب کو ظاء سے پڑہنا اور ضالین کو دال سے یا ذال سے پڑہنا موجب فساد صلوۃ نہین ہی بلکہ پڑہنا درست ہی اور اسی پر فتوی اکثر مشائخ ہی اور فتاوی حجہ مین بھی یہی لکہا ہوا ہی پس روایت صاحب قاضی خان اور طحطاوی و بزازیہ وفتاوی حجہ مین تعارض واقع ہو گیا واذا تعارضا فتساقطا چہارم تمامی علماء وقراء عرب وعجم ولا الضالین کو ساتہ دال کے پڑہتے ہین پس فعل جمہور علماء کیونکر بغیر وجہ موجب غلط قرار دیا جاوے پس مستفتی مستدعی ہی کہ جواب شافی استفتاء ہذا کا مع جمیع شکوک مندرجہ اور باقی اور جو کچہ کہ پیدا ہوتے ہین موافق مذہب مفتی بہ ملت حنفیہ کے مع نقل عبارات کتب معتبرہ فقہیہ وتفسیر وقرأت وحدیث کے حوالہ قلم اعجاز رقم ہووے تاکہ تحقیق وافی کہ جسمین مجال چون وچرا پہر باقی نرہے ہو جاوے اور زاویہ نشینان ضلالت کے حق مین ہدایت ہووے بینوا تفصیلاً توجروا کثیراً فقط **ہو المصوب** مخفی نرہے کہ درباب زلۃ قاری کے ساتہ ابدال ایک حرف کے دوسرے حرف کے ساتہ اختلاف متقدمین ومتاخرین مین واقع ہی متقدمین کی رای یہ ہی کہ اگر ایسا تغیر ہو جس سے بوجہ فساد معنی کے کفر لازم آتا ہی تو نماز فاسد ہو جاویگی اور اگر ایسا تغیر نہو پس اگر بعد تغیر کے ایسی لفظ پڑہی کہ مثل اوسکا کہین کلام اللہ مین موجود نہو اور معنی اوس لفظ کے اصل لفظ قرآن کے معنے سے بعید ہو جیسے عذاب کی جگہ عتاب پڑہنا تو بہی نماز فاسد ہو جاویگی اور ایسہی اگر اوس لفظ کے کہ بعد تغیر کے پیدا ہوئی ہی کچہ معنی نہون جیسے سرائر کی جگہ سرائل پڑہنا اور اگر مثل اوسکا قرآن مین موجود ہو اور معنی اوسکے بعید ہون لیکن متغیر بہ تغیر فاحش نہون تو بھی نماز فاسد ہوگی امام ابوحنیفہ ومحمد کے نزدیک نہ ابو یوسف کے نزدیک اور اگر مثل اوسکا قرآن مین نہو لیکن معنے متغیر نہون جیسے قوامین کی جگہ قیامین پڑہنا اس صورت مین ابو یوسف کے نزدیک نماز فاسد ہوگی نہ نزدیک ابوحنیفہ ومحمد کے اور یہ تفصیل قدماء کے نزدیک ہر صورت تغیر مین ہی خواہ بوجہ اعراب کے ہو یا بوجہ ابدال حرف کے یا غیر ذلک اور متاخرین کی رای یہ ہی کہ اگر تغیر بوجہ خطاء فی الاعراب کے ہو نماز نہ فاسد ہوگی تغیر معنی ہو یا نہو اور اگر خطا تبدیل حرف ہو پس اگر دونو حرف مین بغیر مشقت فصل وامتیاز ممکن ہی تو نماز فاسد ہوگی باتفاق المتاخرین جیسے صالحات کی جگہ طالحات اور اگر اون دونو حرف مین بمشقت امتیاز ہوتی ہو جیسے ظاء معجمہ مکان ضاد معجمہ وصاد مہملہ مکان سین مہملہ وطاء مہملہ مکان تاء پس نزدیک اکثر متاخرین کے

نماز فاسد نہوگی لعموم البلوی اور بعض متاخرین کے نزدیک اگر دونو حرف قریب المخرج ہین تو فساد نہوگا اور اگر نہین تو فاسد ہوگا غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی مین ہے ان الخطأ فی القرآن اما ان یکون فی الاعراب ای الحرکات والسکون ویدخل فیہ تخفیف المشدد وقصر الممدود وعکسہا او فی الحروف بوضع حرف مکان آخر او لم یکن الا ما کان من تبدیل الجمل مفصولا بوقف تام والا لم یکن التغیر کذلک فان الاصل فیہ انہ ان لم یکن مثلہ فی القرآن والمعنی بعید من معنی لفظ القرآن متغیر تغیرا فاحشا قویا بحیث لا مناسبۃ بین المعنیین اصلا تفسد کما اذا قرأ ہذا الغبار مکان ہذا الغراب وکذا اذا لم یکن مثلہ فی القرآن ولا معنی لہ کما اذا قرأ یوم تبلی السرائل مکان السرائر وان کان مثلہ فی القرآن ومعنی اللفظ الذی قرأہ بعید من معنی اللفظ المراد ولم یکن تغیرا فاحشا تفسد ایضا عند ابی حنیفۃ ومحمد وہو الاحوط وقال بعض المشائخ لا تفسد لعموم البلوی وہو قول ابی یوسف وان لم یکن مثلہ فی القرآن ولکن لم یتغیر بہ المعنی نحو قیامین مکان قوامین فالخلاف علی العکس فالمعتبر فی عدم الفساد عند تغیر المعنی کثیرا وجود المثل فی القرآن عندہ والموافقۃ فی المعنی عندہما فہذہ قواعد المتقدمین واما المتاخرون محمد بن مقاتل ومحمد بن سلام واسمعیل الزاہد وابی بکر بن سعید البلخی والہندوانی والحلوانی فاتفقوا علی ان الخطأ ان کان فی الاعراب لا تفسد مطلقا وان کان مما اعتقادہ کفر لان اکثر الناس لا یمیزون بین وجوہ الاعراب وان کان الخطأ بابدال حرف بحرف فان امکن الفصل بین الحرفین بلا کلفۃ کالصاد مکان الطاء فاتفقوا علی انہ مفسد وان لم یکن الا بمشقۃ کالظاء مکان الضاد والصاد مکان السین والطاء مع التاء فاکثرہم علی عدم الفساد لعموم البلوی وعن ابن مقاتل یعتبر قرب المخرج وعدمہ انتہی ملخصا اور فتاوی بزازیہ مین ہے ان تغیر المعنی ولیس مثلہ فی القرآن فسد ولا عبرۃ لقرب المخرج وانما العبرۃ لاتفاق المعنی عندہما ولوجود المثل فی القرآن عندہ والاصل فیہ انہ ان امکن الفصل بین الحرفین بلا کلفۃ کالصاد مع الطاء بان قرأ الطالحات مکان الصالحات فسد عند الکل وان لم یمکن الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد والصاد مع السین والطاء مع التاء فالاکثر علی انہ لا یفسد لعموم البلوی واطلق البعض الفساد ان تغیر المعنی وقال القاضی ابو الحسن وابو عاصم ان تعمد فسد وان جری علی لسانہ لو کان لا یعرف التمییز لا یفسد وہو اعدل الاقاویل وہو المختار انتہی اور

صـ ۴۶۳ ۱۲
ردالمحتار میں ہی قال فی الخانیۃ والخلاصۃ الاصل فیما اذا ذکر حرفا مکان حرف وغیر المعنی ان امکن
فی زلۃ القاری ۱۲
الفصل بینہما بلا مشقۃ تفسد وان کان لایمکن الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد المعجمتین والصاد مع السین المہملتین والطاء مع التاء قال اکثرہم لاتفسد وفی خزانۃ الاکمل قال القاضی ابو عاصم ان تعمد ذلک تفسد وان جری علی لسانہ ولایعرف التمییز لاتفسد وہو المختار حلیۃ انتہی اور خزانۃ الروایات میں ہی فی التہذیب لو قرء الضاد مکان الظاء او علی العکس تفسد عند ابی حنیفۃ ومحمد وتفسد عامۃ المشائخ کابی مطیع ومحمد بن سلمۃ لاالان للعجم بلوی عاما وفی الغیاثیۃ ان قرء اللہ السمد مکان الصمد او السیف مکان الصیف او السالحین مکان الصالحین او قرء غیر المغضوب بالظاء والضالین بالظاء او بالذال قال بعضہم لاتفسد لانہ بلوی عام فان العوام لایمیزون ولایعرفون مخارج الحروف منہم ابو القاسم ومحمد بن سلمۃ وکثیر من المشائخ افتوا بہ وبعضہم قالوا ان تغیر المعنی تفسد صلاتہ منہم ابو مطیع وقال القاضی الامام ابو الحسن والقاضی الامام ابو عاصم ان تعمد فی ذلک تفسد وان جری علی لسانہ اولا یعرف التمیز لاتفسد وہذا اعدل الاقاویل وہو المختار وفی الذخیرۃ ان الحرفین اذا کانا من مخرج واحد او کان بینہما قرب المخرج واحدہما یبدل بالآخر کان ذکر ہذا الحرف کذکر ہذا الحرف فلا یوجب فساد الصلوۃ وکذا اذا لم یکن بین الحرفین اتحاد المخرج ولا قربہ الا ان فیہ بلوی العامۃ نحو ان یاتی بالذال مکان الصاد وان یاتی بالزاء المحض مکان الذال والظاء مکان الضاد لاتفسد عند بعض المشائخ انتہی اور خزانۃ المفتیین میں نقلا عن الخلاصۃ مرقوم ہی ان ذکر حرفا مکان حرف وغیر المعنی فان امکن الفصل بین الحرفین کالطاء مکان الصاد تفسد صلاتہ وان کان لایمکن الفصل بین الحرفین الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد والطاء مع التاء والصاد مع السین فالاکثر علی انہ لاتفسد انتہی ان عبارات سے یہ معلوم ہوا کہ مفتی بہ اور اکثر مشائخ کا قول یہ ہی کہ مدار فساد و عدم فساد حصول امتیاز بین الحرفین بمشقت و بلا مشقت ہی اور بعض کے نزدیک بر تقدیر تغیر معنے کے صورت مشقت میں تعمد موجب فساد ہی اور عدم تعمد عفو ہی اور بعض کے نزدیک اعتبار قرب مخرج و بعد مخرج کا ہی اگر تغیر قریب المخرج کے ساتھ ہووے نماز نہ فاسد ہوگی ورنہ ہوگی اور بعض کے نزدیک اگر بلوے عام ہو نماز نہ فاسد ہوگی

اگرچہ قربِ مخرج واتحادِ مخرج نہو اور معنے بھی متغیر ہو یہ سب اقوال متاخرین کے ہین ہرگاہ یہ امر ممہد ہوا پس سمجھنا چاہیے کہ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْہِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ مین بنا بر قول متقدمین کے

صفحہ ۱۲۱ ج ۱ مطبوعہ مصر

فتاوے قاضی خان مین مرقوم ہی لو قرء غیر المغضوب بالظاء او بالذال تفسد صلاتہ ولو قرء الضالین بالظاء او بالذال لا تفسد ولو قرء الدالین بالدال تفسد انتہی اور غنیۃ المستملی مین ہے غیر المغضوب بالظاء والذال المعجمتین تفسد اذ لیس لہما معنے واما الضالین بالظاء المعجمۃ او الدال المہملۃ لا تفسد لوجود لفظہما فے القرآن وقرب المعنے لصحۃ تقدیر ولا الظالین اے المتمرین فے الظلال والدالین اے القائلین ہل ندلکم علے رجل الآیہ ولو قرء بالذال المعجمۃ تفسد لبعد معناہ لانہ اسم فاعل من ذل النخلۃ اذا وضع عذقہا علے الجریدۃ لتحملہ ولیس من الذلۃ اذ لم یستعمل الوصف منہا علے فاعل بل فعیل انتہی اور بنا بر مذہب اکثر مشائخ کے ظا اور ذال ساتھ پڑھنے سے نماز نہ فاسد ہو گی بوجہ تعسر امتیاز درمیان ض معجمہ اور ظ معجمہ اور ذال معجمہ کے بخلاف دال مہملہ کے کہ اسمین اور ضاد معجمہ مین امتیاز بہ مشقت نہین ہی اور ایسا ہی بنا مذہب مختار کے درصورت عدم تعمد کے جیسا کہ عبارت خزانۃ الروایۃ وغیرہ سے واضح ہی پس لازم ہی کہ ض معجمہ اپنے مخرج سے کہ ممتاز ہی مخارج تمام حروف سے اخراج کیا جاوے اور بقصد ادائے ضاد معجمہ کے اگر ظاء معجمہ یا ذال معجمہ ادا ہو گا تو نماز بمذہب مختار صحیح رہیگی اور اگر دال مہملہ ادا ہوگی نماز فاسد ہوگی ہذا ہو خلاصۃ الحکم فے ہذا الباب واللہ اعلم بالصواب

جواب سوال اول جو شخص کہتا ہے کہ حرف ضاد کو اگر بصورت ظاء یا زاء پڑھا تو مفسد ہی اور بصورت دال مفسد نہین ہے اوسکا قول نہ موافق مختار اکثر مشائخ کے ہی کیونکہ اونکے نزدیک ظاء اور زاء سے نماز نہین فاسد ہوتی ہی اور نہ موافق متقدمین کے کیونکہ اونکی راے پر بھی ظاء ولا الضالین مین مفسد نہین ہے جیسا کہ عبارت قاضی خان وغنیہ سے ظاہر ہی بلکہ موافق عبارت قاضیخان کی ذال معجمہ بھی ولا الضالین مین مفسد نہین اور دال مہملہ مفسد اور عبارت غنیہ اسکے عکس پر دال ہی اور دلیل اوس شخص کی بھی قابل التفات نہین کیونکہ تمام کتب فقہیہ وغیرہ مین مذکور ہی کہ ضاد اور ظاء متشابہ الصوت ومتعسر الامتیاز ہین اور بر بنا اس قاعدہ

[illegible]

متاخرین کے حرف ضاد جہان ہو اوسکے بدلے اگر ظاء پڑھ لیا جاوے تو نماز نہ فاسد ہوگی اور عبارت قاضیخان کی ولو قرء غیر المغضوب بالظاء او الذال تفسد متفرع طریقۂ قدماء پر بلحاظ تغیر معنے و عدم تغیر ہے نہ طریقۂ مختار پر جیساکہ صاحب غنیہ بعد ذکر فروع مذکورۂ فتاوے قاضیخان کے کہتے ہین ہذا ما ذکرہ قاضیخان من ابدال ہذہ الاحرف الثلثۃ بعضہا من بعض وکلہ مخرج علی قواعد المتقدمین انتہی **جواب سوال دوم** جو قاعدہ فتاوے قاضیخان وغیرہ مین منسوب بطرف اکثر مشائخ کے ہے اوسمین اعتبار فصل بمشقت و بلا مشقت و تعسر امتیاز و عدم تعسر امتیاز کیا گیا ہے اور جو قاعدہ ذخیرہ مین منسوب بہ بعض مشائخ کے ہے اوسمین قطع نظر اسکے اعتبار بلوی عامہ کا کیا گیا ہے پس دونون قاعدے جداگانہ ہین اسیوجہ سے صاحب غنیہ شرح منیہ نے اولاً قاعدۂ مذکورۂ فتاوے قاضیخان کو بطرف اکثر منسوب کرکے بعد تمام قاعدۂ ذخیرہ تحریر کیا ہذہ قاعدۃ اخرے لبعض المتاخرین اعتبروا فیہ البلوی العامۃ انتہی **جواب سوال سوم** عبارت مذکورۂ قاضیخان مین ولا الظالین نسخ مطبوعہ مین زلت ناسخ سے ہے اسوجہ سے کہ اس فرع کو اوسنے بعد ذکر المغضوب کے لکھا ہے پس ظاہر یہ ہے کہ یہ اوس ضالین کا ذکر ہے جو اوسکے ساتھ متصل ہے اور وہ نہین ہے مگر ساتھ ضاد معجمہ کے اور بھی اسوجہ سے کہ اگر ظالین ظاء معجمہ سے ہو تو لفظ بالظاء کے اوسکے کلام مین لغو ہوئی جاتی ہے اور بھی اسوجہ سے کہ اور کتب فقہیہ مین مسألہ ولا الظالین کا مذکور ہے پس یہ عبارت ولا الضالین بالضاد المعجمۃ مین متفرع اوپر قول مشائخ متقدمین کے ہے اور جو طحطاوی و بزازیہ وغیرہ مین مذکور ہے کہ ذال معجمہ و ظاء معجمہ ولا الظالین مین مفسد نہین ہے وہ متفرع ہے مذہب مختار متاخرین پر فلا تعارض ولا تساقط عبارت طحطاوی یہ ہے فی البزازیہ قال غیر المغضوب بالظاء او الذالین بالذال او الظاء قیل لا تفسد لعموم البلوی فان العوام لا یعرفون مخارج الحروف وکثیر من المشائخ افتوا بہ انتہی اس عبارت مین کہین دال مہملہ کا ذکر نہین جیساکہ سائل نے ذکر کیا ہے شاید اوسنے معجمہ کو مہملہ سمجھا اور یہی مسئلہ اور کتب مین بھی اسیطور سے مذکور ہے کہین دال مہملہ کا نشان نہین ہے بلکہ ذال معجمہ و ظاء معجمہ پر جواز کا ذکر ہے اور برطبق مذہب متاخرین دال مہملہ کے ساتھ جواز ممکن بھی نہین کیونکہ ضاد معجمہ و دال مہملہ مین تعسر تمیز جو باعث جواز ہو نہین ہے البتہ برطبق مذہب متقدمین دال

مہملہ مین جواز غنیہ مین مذکور ہی جیساکہ عبارت سابقہ سے واضح ہی لیکن ظاہر یہ ہی کہ صاحب غنیہ سے اس مقام پر عبارت فتاوی قاضیخان کے سمجھنے مین غلطی واقع ہوگئی ذال معجمہ کو مہملہ اور مہملہ کو معجمہ سمجھنے سے حکم صاحب غنیہ کا عکس حکم قاضیخان ہوگیا ہی **جواب سوال چہارم** قراء عرب و عجم کا ولا الضالین کو دال مہملہ سے پڑہنا غلط محض ہی کیونکہ جبکہ امتیاز مخرج ضاد اور دال مین نہین اور دونون مین امتیاز پر قدرت نہین وہ قاری نہین اور علمای عرب اور عجم بھی جو فن قرأت سے واقف ہین اور مسائل فقہیہ پر مطلع ہین وہ دال مہملہ نہین پڑہتے ہین اور جو ایسے نہین وہ حکم عوام مین ہین اونکا اعتبار نہین واللہ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؁

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۱۵۲ **استفتا** کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین ان صورتون مین کسی ہندو بیدین بت پرست نے اپنے کسی تہوار یا تقریب شادی یا غمی مین کسی مسلمان دیندار پرہیزگار یا مسلمان بے نماز زناکار شراب خوار بدعتی کی دعوت کی اور اون مسلمانون نے اوسکی دعوت قبول کی اور کوئی چیز مثل کہانے کے کھائے ویا کہانے کا سامان یا نقد روپیہ لیا اور اوسے اپنے ہاتھ سے پکایا اور کہایا تو اسطرحکا ہندؤن کا کہانا اور دعوت لینا درست ہی یا نہین فقط

۲- اگر اسطرحکا کہانا ہندؤن کا درست ہو تو فبہا ورنہ اون کہانے والون کی کیا سزا ہی فقط

۳- مسلمان مبتدع شیعہ وسود خوار ورشوت خوار وشراب خوار کے گھر مسلمان دیندار کو کہانا اور نوکری کرنا درست ہی یا نہین باوجودیکہ اوسکے گھر کہیتی بھی ہوتی ہی اور مال حلال بھی ہی فقط ۴- ایک شخص کبھی نماز پڑہتا ہی اور کبھی غفلت سے نہین پڑہتا ہی اور ایک شخص مقیم ہمیشہ نماز پڑہتا ہی اور مسائل دانی اور قرأت اور عمر مین برابر ہیں ان دونون مین کسکی امامت جائز ہی اور کون کسکے پیچھے نماز پڑہ سکتا ہی

۵- ایک شخص معذور جنب کہ غسل کرنے سے عاجز اور احتمال بیماری بڑہنے کا ہی اور وضو کرنے مین کچھ ضرر بھی نہین پس وہ شخص وضو کرکے نماز ادا کرے یا تیمم کرکے فقط ۶- ایک شخص نے اپنی زوجہ اور لڑکے کو سوای ظلم کے کبھی شفقت شوہرانہ اور پدرانہ سے نہین دیکہا اور نہ پرورش کیا اسلیے وہ زوجہ اور لڑکا اوس سے دور ہوگیا اور اب کسیطرح پرورش پاکر ہوشیار ہوا چونکہ شوہر و پدر سزاوار الاطاعت ہین اور یہ دونون بسبب بے مہری اوسکی اطاعت سے محروم رہی پس اسمین گناہگار کون ہی اور کون کسکے واسطے پوچھا جائیگا

ف کتاب الحظر والاباحۃ

بماہ شعبان سنہ ۱۲۹۵ ہجری از ضلع مرشدآباد محکمہ رام پور ہاٹ تہانہ کپلسا انگیش مورارودی مرسلہ مولوی فضل الرحمن صاحب

ع [illegible] شخص کی [illegible] ضاد کو ظا [illegible] اہل عرب کا [illegible] استفتا [illegible] مین [illegible]

باوجودیکہ زوجہ اور لڑکا اپنی خواہش سے طاعت سے محروم نہین ہی فقط ۷ ایک شخص بارہا اپنے لڑکے کو نماز کے لیے تاکید کرتا ہی لیکن وہ نہین سنتا ہی پس ایسے لڑکے کو حسب شرع دور کرنا چاہیے یا بسبب محبت کے رکھنا چاہیے اور بسبب پیار کے رکھے بھی تو وہ شخص اپنے لڑکے بے نمازی کے لیے ماخوذ ہوگا یا نہین ۸ افیون اور گانجا اور مدک کھانا پینا حرام ہی یا نہین مع تارٹی فقط ۹ عصبہ بنفسہ اور عصبہ بالغیر مین کسکو ترجیح ہی امثال۔ ام بنت اخت ابن الاخ۔ زوجہ۔ ام بنت اخت ابن الاخ۔ زوج۔ ام بنت اخت۔ ابن الاخ بینوا توجروا

ہو المصوب جواب سوال اول ہندو کے تہوار کے دن ہدیہ یا دعوت لینا مسلمان کو نہین درست ہی جیسا کہ فتاوی ذخیرہ مین ہی لا ینبغی للمؤمن ان یقبل ہدیۃ الکافر فی یوم عیدہم ولو قبل لا یرسل الیہم شیئا انتہی اور خزانۃ الروایات مین ہی فی الفصول والتاتارخانیۃ من المحیط ما یاتی المجوس فی یوم نیروزہم من الاطعمۃ الی الاکابر والسادات من کانت بینہ وبینہم معرفۃ وذہاب ومجئ فقد قیل من اخذ ذلک علی وجہ الموافقۃ یضرہ ذلک بدینہ انتہی باقی تقریب شادی اور غمی مین اگر ہندو دعوت کرے تو اوسکا قبول کرنا درست ہی بعض فقہا کے نزدیک اور بعض کے نزدیک مکروہ ہی جیسا کہ خزانۃ الروایات مین ہی فی مفید المستفید من الواقعات لا باس بالذہاب الی ضیافۃ اہل الذمۃ ہکذا ذکر محمد لکن المذکور فی النوازل یخالف ہذا فانہ کرہ فیہ الاجابۃ انتہی اور بر تقدیر جواز قبول ضیافت وہ مشروط ساتھ اس امر کے ہی کہ مجلس دعوت غنا و مزامیر و بت پرستی وشراب خواری واطوار کفر وشرک ومحرمات سے خالی ہو اور اگر اوس مجلس مین ایسے امور ہون تو جانا نہین درست ہے جیسا کہ در مختار مین ہے دعی الی ولیمۃ وثمہ لعب او غناء قعد واکل والمنکر فی المنزل فلو علی المائدۃ لا ینبغی ان یقعد بل یخرج فان قدر علی المنع فعل والا صبر وان علم اولا باللعب لا یحضر اصلا سواء کان ممن یقتدی بہ اولا انتہی ملخصا **جواب سوال دوم** جس شخص نے دعوت ہندو کے تہوار کی قبول کی یا ضیافت تقریب مین باوجود موجود ہونے منکرات شرعیہ کے گیا اوسپر توبہ واستغفار لازم ہے **جواب سوال سوم** اگر مال حلال غالب ہے تو اوسکے یہان کھانا کھانا اور نوکری کرنا درست ہی اور اگر حرام غالب ہے تو نہین درست ہے جب تک یہہ نہ معلوم ہو کہ یہہ کھانا یا یہہ تنخواہ مال حلال سے ہے اشباہ مین ہے اذا کان غالب

صفحہ ۲۲۲ کتاب الحظر والاباحۃ ۱۲

[illegible]

ھو المصوب یہ شرط جائز اور واجب التعمیل ہر زمانہ مین ہے فتاوی عالمگیریہ مین ہے فی فتاوی محمد بن الفضل سئل عمن شرط فی اصل الوقف الولایة لنفسه ولاولاده قال یجوز بالاجماع انتھی اور بھی اسی مین ہے ان شرط ان یلیه فلان بعد موتی ثم بعده یلیه فلان ثم بعده یلیه فلان فھذا الشرط جائز کذا فی محیط السرخسی انتھی اور فتاوی قاضی خان مین ہے لو شرط الواقف فی الوقف ان یکون الولایة له ولاولاده فی تولیة القیم وعزله والاستبدال بالوقف و[illegible] الولایة واخراجه من یده ای المتولی جاز ذلک ذکره فی السیر انتھی اور اشباہ مین ہے شرط ا[illegible] کنص الشارع یجب اتباعه انتھی اور طحطاوی حاشیہ درمختار مین لکھتے ہین شرائط الواقف معتبرة کالنصوص فیراعی کالنصوص انتھی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

الاستفتا ۲۴۳ سوال ایک عورت سـ۱ نے زنا اور رقص کے ذریعہ سے روپیہ پیدا کیا اسمین سے خیرات کرکے اگر امیدوار ثواب کی ہے تو کافر ہو جاویگی یا مسلمان رہیگی سـ۲ ایسی عورت کے ہاتھ کوئی چیز بیچکر اسکے روپیہ مین سے قیمت لینا حلال ہے یا حرام سـ۳ کوئی ڈاکٹر یا طبیب عورت مذکورہ کا علاج کرے تو حق العلاج اسکے روپیہ مین سے لینا درست ہے یا نہین سـ۴ عورت مذکورہ کو اپنے گھر مین کرایہ پر رکھکر اسکے روپیہ مین سے کرایہ لینا کیسا ہے سـ۵ وہ عورت اگر للہ کسی کو روپیہ نذر کرے تو اسکی نذر لینا حلال ہے یا حرام سـ۶ جو روپیہ اسنے زنا کے ذریعہ سے پیدا کیا اور جو ناچ گا کے ان دونون مین کچھ فرق ہے یا حرمت مین برابر ہے اسکے واسطے اور نذر لینے والے کے واسطے سـ۷ وہ عورت اگر دعوت کرے یا کچھ تحفہ بھیجے تو اسکو قبول کرنا درست ہے یا نہین سـ۸ وہ عورت جسکے پاس مال حلال بالکل نہین فقط زنا اور رقص کی اجرت کا روپیہ ہے اگر وہ خیرات کرنا چاہے تو کیونکر کرے سـ۹ اگر وہ عورت قرض لیکر خیرات کرے اور پھر اپنے روپیہ سے قرض ادا کردے تو ثوا

خیرات دیا کرے یا نہیں مثلاً اگر [illegible] عورت کسبی [illegible] ہے تو وہ نذر قبول کرنا جائز ہے یا نہیں [illegible]
[illegible] اور رقص [illegible] میں اسکی ایک قسم تنخواہ مقرر ہے اسکے سوا کچھ اور روپیہ [illegible]
[illegible] دیتا [illegible] تو ان قسموں کی حرمت میں برابر ہیں یا نہیں هو المصوب
[illegible] زنا و رقص [illegible] کے ذریعہ سے جو مال پیدا ہوا وہ خبیث اور حرام ہے اور اسی طرح جو [illegible]
زنا اور ناچ کا [illegible] سب برابر ہیں [illegible] بذریعہ اجرت کسی معصیت کے حاصل ہو وہ
خبیث ہے ہاں جو مال [illegible] کو کسی نے بغیر اجرت و بغیر شرط کے ابتداً تبرع کیا وہ خبیث
نہیں ہے اور مال خبیث کا حکم یہ ہے کہ اس مال کو واپس کر دینا اصل مالک کو اگر معلوم ہو واجب ہے
اور اگر معلوم نہو تو تصدق کل کا واجب ہے لیکن نہ بہ نیت طلب ثواب کے بلکہ بہ نیت فراغ ذمہ
کے اور اگر ایسے مال کے تصدق میں نیت طلب ثواب کی کیجاویگی پس اگر حرمت اس مال کی
قطعی ہے جیسا کہ مال غصب وغیرہ تو وہ شخص کافر ہو جاویگا اور اگر قطعی نہیں ہے یعنے دلائل
قطعیہ سے نہیں ثابت ہے تو وہ کافر نہوگا جیسے مال زنا و رقص کہ اسکی حرمت دلائل ظنیہ سے
ثابت ہے مگر اس نیت سے وہ شخص قابل مواخذہ ہوگا اور صدقہ اسکا مقبول نہوگا قال [illegible] ان الله طیب
لا یقبل الا الطیب اور اسکا ماخذ حاشیہ در مختار کے کتاب الاجارہ میں باب الاجارة الفاسدة میں ہے فی المنتقی امرأة
نائحة او صاحبة طبل او زمر اکتسبت مالا ردته علی اربابه ان علموا والا تتصدق به وان من غیر شرط
فهو لها قال الامام الاستاذ لا یطیب والمعروف کالمشروط انتهی قلت وهذا مما یتعین الاخذ به فی زماننا
لعلمهم انهم لا یذهبون الا باجر البتة طحطاوی انتهی اور در مختار کے کتاب الاجارہ کے باب الاجارة الفاسدة میں
ہے ولا تصح الاجارة لعسب التیس وهو نزوه علی الاناث ولا لاجل المعاصی مثل الغناء والنوح
والملاهی ولو اخذ بلا شرط یباح انتهی اور بھی اسی میں کتاب الزکوة میں ہے فی شرح الوهبانیة
عن البزازیة انما یکفر اذا تصدق بالحرام القطعی انتهی رد المحتار میں ہے قوله اذا تصدق بالحرام
القطعی ای مع رجاء الثواب الناشی عن استحلاله اور شرنبلالی کے رسالہ حفظ الاصغرین عن
اعتقاد ان الحرام لا یتعدی الی ذمتین میں ہے لا یقصد به ای بالتصدق من المال الخبیث
تحصیل الثواب بل تفریغ الذمة اور ایسی عورت جسکے پاس مال حرام ہے اگر اور مال حلال
بھی اسکے پاس ہے اور وہ بہ نسبت حرام کے زیادہ ہے تو اسکی نذر قبول کرنا اور اسکی دعوت کھانا

اور اُنکی صدقہ اور ہدیہ لینا اور اجرت کرایہ مکان یا اجرت علاج وغیرہ لینا درست ہے بشرطیکہ یہ نہ معلوم ہو کہ یہ جو اُسنے دیا ہی عین مال حرام سے ہی اور اگر یہ معلوم ہو یا یہ کہ مال حرام غالب ہو تو لینا نہین درست ہی اشباہ والنظائر مین ہے اذا کان غالب مال المہدی حلالا فلا باس بقبول ہدیتہ واکل مالہ ما لم یتبین انہ من حرام وان کان غالب مالہ الحرام لاینبغی قبولہا ولا یاکل الا اذا قال انہ حلال ورثہ او استقرضہ انتہی اور حفظ الاصغرین مین ہے فان قلت کیف ساغ للفقیر تناول ما فیہ خبث قلت محلہ عدم علمہ بحقیقۃ الحال وان علم بہ فہو کغیرہ لا یحل لہ انتہی اور خزانۃ الروایات مین ہے فی الملتقط الناصری آکل الربوا وکاسب حرام اہدی الیہ او اضافہ وغالب مالہ حرام لا یقبل ولا یاکل ما لم یخبرہ ان ذلک المال حلال ورثہ او استقرضہ وان کان غالب مالہ حلالا لا باس بقبول ہدیتہ والاکل منہ انتہی اس سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اگر وہ شخص کہ کل مال اُسکا حرام ہے وہ اگر خیرات کرنا چاہے تو قرض لیکے کرے اور اپنے مال خبیث سے اُس قرض کو ادا کرے اور قرض سے لیکے جو دیگا اُسکا ثواب اُسکو ملیگا اور نذر و تحفہ وغیرہ اُس سے لینا بھی درست ہوگا حفظ الاصغرین مین ہے فی الخلاصۃ قال فی شرح حیل الخصاف شمس الائمۃ ان الشیخ ابا القاسم کان ممن یاخذ جائزۃ السلطان وکان یستقرض لجمیع حوائجہ ویقضی دینہ بما یاخذہ من الجائزۃ انتہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵

۲۳۹ استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علماے دین ایسے موے مبارک کی زیارت کی نسبت اور نیز اُس محفل زیارت مین شرکت کی بابت جو بغیر اسناد صحیح کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کیجاتی ہے حالانکہ اُس مجلس زیارت مین بعض منہیات شرعیہ اور بدعات سیئہ کا ارتکاب بھی کیا جاتا ہے یعنی شب زیارت کو کثرت سے چراغان و روشن کیے جاتے ہین نوبت و شہنائی نوبت بہ نوبت بجائی جاتی ہی آتشبازی بھی چھوٹتی ہے راگ بھی مع مزامیر وغیرہ ہوتا ہی غرضکہ جملہ رسومات شادی اُس محفل زیارت مین ادا ہوتے ہین اور اسباب عیش و طرب مہیا کیے جاتے ہین صبح روز زیارت کو مالیدہ پر آنحضرت کی روح پر فتوح پر فاتحہ دینا کرنا بھی واجبات سے خیال کیا جاتا ہی اور نیز ارشاد ہو کہ شیفتگان موے مبارک اکثر نقد و جنس بطور نذر و نیاز کے موے مبارک پر چڑھاتے ہین اُس کا لینا کیسا ہے اور کسکو لینا چاہیئے

فی کتاب النوادر
بماہ ذی حجہ سنہ ۱۲۹۶ ہجری از مقام علی گڈھ

اور کسیقدر اراضی وغیرہ بطور اعانت عرس موی مبارک کے سلاطین اہل اسلام کے عہد سے معاف چلی آتی ہی اوسپر خادمان موے مبارک کا متصرف ہونا اور اوسمین سے اپنا اور اپنے اہل وعیال کا نفقہ چلانا شرعاً کیسا ہی بینوا توجروا الجواب جاننا چاہیے ہر مسلمان کو کہ جن چیزون کو ذات بابرکات حضرت رسول الثقلین سیدنا ومولانا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی قسم کا علاقہ ہی خواہ وہ موے مبارک ہو خواہ جبہ مبارک ہو خواہ نعلین پاک ہون خواہ اور کوئی چیز ہو کہ جسکو آنحضرت صلعم نے مس فرمایا ہو یا اور کسیطرح آنحضرت سے اوسکو علاقہ پیدا ہوا ہو ایسی تمام چیزون کی تعظیم کرنا اور اونسے برکت حاصل کرنا نشان کمال ایمانی اور دلیل غایت محبت نبوی ہی اور جملہ آثار محمدی پر جان نثار کرنا ایک عمدہ علامت علامتہای اسلام سے ہی اس باب مین کسی عاشق جناب نبوی کو کلام اور کسی اہل ایمان کو اس سے انکار کی مجال نہین ہی اور اسمین شبہہ نہین ہو سکتا کہ ایسے آثار ومشاہد کی تعظیم وتکریم اور اونسے برکت حاصل کرنا دراصل تعظیم وتکریم جناب احمدی کی ہی جو راس الایمان ہی اور ثبوت اسکا اکثر احادیث صحیحہ اور آثار صحابۂ کرام سے ہوتا ہی چنانچہ موے مبارک کی تعظیم اور برکت حاصل کرنے کی نسبت عثمان بن عبداللہ بن موہب سے روایت ہی ارسلنی اہلی الی ام سلمۃ بقدح من ماء وکان اذا اصاب الانسان عین او شئی بعث الیہا مخضبتہ فاخرجت من شعر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکانت تمسکہ فی جلجل من فضۃ فخضخضتہ لہ فشرب منہ قال فاطلعت فی الجلجل فرأیت شعرات حمرا رواہ البخاری ترجمہ عثمان بن عبداللہ بن موہب فرماتے ہین کہ بہیجا مجھکو میرے گھر والون نے حضرت ام سلمہ کے پاس ایک پیالہ پانی کا لیکر اور عادت سبکی یہ تھی کہ جب کسی آدمی کو نظر لگتی یا اور کچھ بیماری ہوتی تو وہ حضرت ام سلمہ کے پاس پانی کا پیالہ بہیجدیا کرتا پس ام سلمہ رسول اللہ صلعم کا موی مبارک نکالتین اور وہ اوسکو ایک چاندی کی ڈبیہ مین رکھا کرتی تھین پس اوسی موی مبارک کو اوسی پانی مین ڈالکر ہلا دیا کرتی تھین اور وہ اوسکو پی لیا کرتا تھا پس مینے جہانک کر ڈبیا مین

دیکھا تو اوسمین چند بال تھے سرخ رنگ کے روایت کیا اسکو بخاری نے اور جبہ مبارک کی تعظیم اور اوس سے برکت حاصل کرنے کی نسبت حضرت اسماء بنت ابی بکر ہمشیرہ خاص حضرت عائشہ صدیقہ رض سے روایت ہے انہا اخرجت جبۃ طیالسۃ کسروانیۃ لہا لبنۃ دیباج وفرجیہا مکفوفین بالدیباج وقالت ہذہ جبۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کانت عند عائشۃ فلما قبضت قبضتہا وکان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یلبسہا فنحن نغسلہا للمرضی نستشفی بہا رواہ مسلم ترجمہ حضرت اسماء بنت ابی بکر سے روایت ہے کہ اونہوں نے نکالا ایک جبہ طیالسی کسروانی کہ اوسمین گریبان پر ریشمی سنجاف تھی اور دونوں چاکونپر اوسکے ریشمی سنجاف تھی اور کہا کہ یہ جبہ ہے رسول اللہ صلعم کا حضرت عائشہ رض کے پاس تھا پس جب عائشہ رض نے انتقال کیا تو یہ جبہ مینے لے لیا اوسکو آنحضرت صلعم پہنا کرتے تھے اور اب ہم اوسکو دھوکر مریضوں کو پلاتے ہین کہ اوسکی برکت سے شفا حاصل کرین روایت کی اسکو مسلم نے اور اس سے بظاہر یہ ثابت ہے کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اپنے آثار مبارک کا تبرکا اورون کو عطا فرمایا ہے اور بطریق تبرک اوسکا استعمال کرایا ہے چنانچہ باب حجۃ الوداع مین حضرت انس سے مروی ہے قال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتی منی فاتی الجمرۃ فرماہا ثم اتی منزلہ بمنی ونحر نسکہ ثم دعا بالحلاق وناول الحالق شقہ الایمن فحلقہ ثم دعا ابا طلحۃ الانصاری فاعطاہ ایاہ ثم ناول الشق الایسر فقال احلق فحلقہ فاعطاہ ابا طلحۃ فقال اقسمہ بین الناس رواہ الشیخان ترجمہ حضرت انس سے مروی ہے کہ آنحضرت صلعم آئے منا مین پس جمرہ کی جگہ آکر رمی کی پھر آپ نے اپنے قیامگاہ پر مراجعت فرماکر قربانی کی پھر حجام کو بلاکر جانب یمین سر مبارک اوسکی طرف کی اوسنے حلق کیا پھر ابو طلحہ انصاری کو بلاکر وہ موی مبارک دیدیے پھر حلاق کو دوسری شق یسار کی دی اور فرمایا کہ حلق کر چنانچہ اوسنے حلق کیا تو فرمایا ابو طلحہ کو دیکر کہ یہہ سکو بانٹ دے اور ایسی مروی ہے حضرت ام عطیہ سے حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل اور تکفین کے قصہ مین انہا قالت فالقی حقوہ فقال اشعرنہا ایاہ ترجمہ حضرت ام عطیہ فرماتی ہین کہ حضرت نے اپنا تہبند ہماری طرف پھینکا اور فرمایا کہ اس کپڑے کو سب کپڑون سے پہلے پہنا کر کفن دو یعنی اوسکو

بدن سے متصل رکھو اور یہ حدیث دلیل ہے برکت حاصل کرنے مین صلحا کے آثار سے جیسا کہ صاحب لمعات نے اسکے تحت مین افادہ فرمایا ہے وہذا الحدیث اصل فی التبرک بآثار الصالحین و لباسہم الخ۔ ترجمہ۔ صاحب لمعات نے افادہ فرمایا ہی کہ یہ حدیث اصل ہے بیچ حاصل کرنے برکت کے ساتھ آثار صلحا اور لباس اونکے سے اور اسیطرح جن چیزون کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مس فرمایا اونکی برکت ثابت ہی چنانچہ حضرت کبشہ روایت فرماتے ہین قالت دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فشرب من فی قربۃ معلقۃ قائما فقمت الی فیہا فقطعتہا ترجمہ حضرت کبشہ روایت فرماتی ہین کہ آن حضرت ہمارے گھر آئے اور ایک مشکیزہ لٹکتا تھا اوسکے منہ سے منہ لگا کر آپنے پانی پیا پس مینے اوس مشکیزے کے دہانے کو تراش رکھا اور قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے شفا مین افادہ فرمایا ہی ومن اعظامہ و اعظام جمیع اسبابہ و اکرام مشاہدہ وامکنتہ من مکۃ والمدینۃ ومعاہدہ وما لمسہ علیہ الصلوۃ والسلام وایضا قال کانت فی قلنسوۃ خالد بن الولید شعرات من شعرہ صلی اللہ علیہ وسلم فسقطت قلنسوۃ فی بعض حروبہ فشد علیہا شدۃ انکر علیہ اصحابہ لکثرۃ من قتل فیہا فقال لم افعلہا بسبب القلنسوۃ بل لما تضمنت من شعر النبی صلی اللہ علیہ وسلم لئلا اسلب برکتہا وتقع فی ایدی المشرکین الخ ترجمہ۔ اور قاضی عیاض نے کہا کہ منجملہ تعظیم آن حضرت کے تعظیم ہے آپ کے تمام اسباب کی اور بزرگی آپ کے تشریف لانے کے مقامات اور مکانون کی کہ مین ہون یا مدینہ مین اور آپ کے عبادت کرنے کے مقامات اور جن چیزون کو آپنے ہاتھ لگایا رحمت ہو خدا کی آپ پر اور سلام اور نیز کہا عیاض نے کہ حضرت خالد کی ٹوپی مین چند موئے مبارک آنحضرت کے تھے پس گر گئی ٹوپی اونکی ایک لڑائی مین پس دوڑے اوس ٹوپی کیواسطے کہ اوس موقع پر اونکے ساتھیون نے ناپسند کیا اوس ہنگامہ کے قتل وقتال کے اندیشہ سے تو حضرت خالد نے فرمایا کہ مین کچھ اوس ٹوپی کے لیے نہین گھبرایا تھا بلکہ اسلیے کہ اوسمین آن حضرت کے موئے مبارک تھے مجکو اندیشہ ہوا کہ مبادا وہ مشرکین کے ہاتھ لگے اور مین اوسکی برکت سے محروم ہو جاؤن اور ایضا قال القاضی وحکی عن عبد الرحمن السلمی عن احمد بن فضلویہ الزاہد وکان من الغزاۃ الرماۃ انہ قال ما مسست القوس بیدی الا علی طہارۃ منذ بلغنی ان رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم اخذ القوس بیدہ الخ ترجمہ اور نیز کہا قاضی نے کہ مروی ہی عبدالرحمن سلمی سے وہ روایت کرتے ہین احمد بن فضلویہ زاہد سے اور وہ منجملہ غازیون تیرانداز کے تھے انہون نے کہا کہ جب سے مینے یہ سنا کہ میری کمان کو آنحضرت نے دست مبارک سے چھوا اوس وقت سے مینے اوسکو کبھی بے وضو نہین چھوا الخ ایضاً قال رأی ابن عمر واضعا یدہ علی مقعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم من المنبر ثم وضعہا علی جبہتہ الخ ترجمہ اور کہا قاضی نے کہ حضرت عبداللہ بن عمر کو لوگون نے دیکھا کہ جہان آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر بیٹھتے تھے اوس جگہ ہاتھ لگا کر پیشانی پر مس فرماتے تھے۔ پس ان تمام احادیث و روایات سے اہل ایمان کی نظر مین بخوبی ثابت ہوتا ہی کہ جملہ آثار و مشاہد نبوی سے برکت حاصل کرنا اور اونکی تعظیم کرنا عمدہ نعمای الٰہی سے ہی اور اس قسم کی برکت اور تعظیم کا ثبوت خود آنحضرت و صحابۂ کرام کے افعال مبارک سے ظاہر ہوتا ہی لیکن مسلمان کو چاہیے کہ وہ اسبات پر نظر کرے کہ جسطرح ان احادیث سے آثار نبوی کی برکت و تعظیم کا ثبوت ہوتا ہی اسیطرح تعظیم و برکت حاصل کرنیکا طریقہ بھی انہین احادیث سے ثابت ہوتا ہی پس جسطرح وہ شخص جو منکر برکت آثار نبویہ ہو بد دین اور گنہگار ہی اسیطرح وہ شخص جو خلاف طرق مرویۂ حدیث کے کوئی خاص طریقہ تعظیم کا اپنی طرف سے اختراع کرے وہ مبتدع اور مخالف سنت سمجھا جاوے گا اسلیے کہ مخالفت سنت مین دونون برابر ہین اور یہ اوس صورت مین ہی جبکہ اوس طریقہ مخترعہ مین کوئی امر خاص صریح منہیات شرعیہ اور محرمات یقینیہ سے شامل نہو اور اگر اوس طریقہ مخترعہ مین کوئی امر محرمات شرعیہ سے بھی شامل کیا جاوے تو اوس حالت مین دو نقصان ہونگے ایک تو طریق خاص کا احداث اور دوسرے محرمات شرعیہ کا ارتکاب اور ان دونون باتون کا حکم یہ ہی کہ انکا مرتکب غیر مستحل فاسق اور مستحل کافر ہی دوسرے اس بات پر نظر رکھنی چاہیے کہ جو تعظیم اور برکت آنحضرت کے آثار کے واسطے ثابت ہی وہ آنحضرت ہی کے آثار کے ساتھہ مخصوص ہی اور دوسرے کے آثار کے ساتھہ وہ معاملہ کرنا جو آنحضرت کے آثار کے ساتھہ مخصوص ہی حرام ہی پس ضرور ہوا کہ جب کسی خاص جبہ اور خاص لباس اور خاص موکی نسبت یہ دعوی

کیا جاوے کہ یہ آنحضرت کے آثار ہین تو اول اس بات کا یقین حاصل کیا جاوے کہ یہ آثار فی الواقع آنحضرت کے آثار ہین یا دوسرے شخص کے ہین جنکو آنحضرت کیطرف کسی را طمع سے منسوب کر دیا ہی تاکہ اس یقین سے غیر کے آثار کے ساتھہ آنحضرت کے آثار کا سا برتاؤ کرنا لازم نہ آوے اور اس قسم کے یقین کا حصول ایسے امور کی نسبت بجز اس طریقہ کے ممکن نہین جسکو ہمارے محدثین رحمہم اللہ نے روایت حدیث مین اختیار کیا ہی کیونکہ اثبات آثار نبوی بعینہ حدیث عن رسول اللہ ہی اور حدیث عن رسول اللہ مین یہی طریقہ مسلوک ہی اور یہ بات ظاہر ہی کہ جب ان آثار کا ثبوت ایسے طریق روایت پر موقوف ہو تو اوسکی صحت و عدم صحت بہی صحت اسناد اور عدم صحت اسناد پر موقوف ہو گی اور جس صورت مین اسکے واسطے سند ضعیف بھی میسر نہو تو صرف چند جاہلون کے محضر نامے کب اسکو ثابت کر سکتے ہین پس خلاصہ کلام یہ ہوا کہ بلاشبہہ تعظیم آثار نبوی علامات ایمانی مین سے ہی جسکا ثبوت احادیث صحیحہ سے ہوتا ہی لیکن وہ تعظیم اور تبرک منحصر ہی انہین طرق مین جو احادیث سے ثابت ہین اور یہ تعظیم فرع ہی اس بات کی کہ ان آثار و تبرکات کا انتساب آنحضرت کی ذات پاک کیطرف صحیح ہوا اور صحت انتساب موقوف ہی صحت روایت پر پس جو آثار بصحت روایت ثابت ہین بلاشبہہ اونکی تعظیم صحابہ کرام کے طریقہ کے بموجب کرنی چاہیے اور اونسے برکت حاصل کرنے مین کوئی شبہہ نہین اور جو بصحت روایت ثابت نہین ہین اون کے ساتھہ بلاتحقیق وہ معاملہ کرنا جو آنحضرت کے آثار ثابتہ کے ساتھ کرنا چاہیے ایسا ہی جیسا کہ بلا سند کے کلام کو حدیث کہنا اور اوسپر عمل کرنا جسکی نسبت سخت وعید وارد ہی قال ابن عباس قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتقوا الحدیث عنی الا ما علمتم فمن کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار رواہ الترمذی ترجمہ حضرت عبد اللہ بن عباس سے مروی ہی کہ آنحضرت نے فرمایا کہ تم میری طرف کسی بات کے منسوب کرنے سے خوف خدا کرو اور بغیر تحقیق کے مجھسے کوئی روایت مت کرو کیونکہ جو مجھپر جھوٹ باندھے جان بوجھکر وہ اپنا ٹھکانا جہنم مین کر لے پس واجب ہی ہر مسلمان پر یہ بات کہ جب تک اوسکو اس بات کا علم نہو کہ جس امر کی نسبت آن حضرت کیطرف کیجاتی ہی وہ نسبت صحیح ہی یا نہین اوسوقت تک اوسکی روایت نکرے اور جب روایت جائز نہین تو عمل بطریق اولی جائز نہوگا البتہ ایسی

صورت مین احتیاط کا مقتضا یہ ہی کہ جب کوئی شے آن حضرت کیطرف دعوے کے ساتھہ منسوب کیجاوے تو قبل تحقیق کے جیسے انکا اقرار جائز نہین ہی انکار پر بھی اصرار نکرے بلکہ سکوت کرے چنانچہ ایسی صورت مین حدیث نبوی سے بھی توقف ثابت ہوتا ہے صاحب مرقاۃ نے اس حدیث کے تحت مین قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لا تصدقوا اہل الکتاب ولا تکذبوہم وقولوا آمنا باللہ وما انزل الینا الخ رواہ البخاری۔ ترجمہ مت تصدیق کرو تم اہل کتاب کی اور نہ تکذیب کرو انکی اور کہو تم کہ ایمان لائے ہم اللہ پر اور اوس چیز پر جو اوترے ہمپر اوتاری روایت کیا اوسکو بخاری نے لکھا ہی لا تصدقوا اہل الکتاب ای فیما لم یتبین لکم صدقہ لاحتمال ان یکون کذبا وہو الظاہر من احوالہم قولہ ولا تکذبوہم ای فیما حدثوا من التوراۃ والانجیل ولم یتبین لکم کذبہ لاحتمال ان یکون صدقا وان کان نادرا لان الکذوب قد یصدق وفیہ اشارۃ الی التوقف فیما اشکل من الامور والعلوم الخ غرض کہ اسیطرح ایسے مواقع پر بہی توقف کا طریقہ اسلم ہی ترجمہ نہ تصدیق کرو اہل کتاب کی یعنی اوس بات مین جسکی تمکو بخوبی تصدیق نہین ہوئی واسطے احتمال اسبات کے کہ شاید وہ جھوٹ ہو اسلیے کہ انکا ظاہر حال جھوٹ ہی کو مقتضی ہی اور نہ تکذیب کرو انکی اون باتون مین جو توراۃ اور انجیل سے روایت کرتے ہین جب تک انکی تکذیب ظاہر نہو جاوے اسلیے کہ شاید سچے ہون گو سچ اونسے نادر ہے اسواسطے کہ کبھی جھوٹا بھی سچ بول دیتا ہی اور اسمین اشارہ ہی اسبات کا کہ جو امور مشتبہ ہون اعتقادی اور عملی معاملات مین سے تو انمین توقف چاہیے الخ پس یہ جب تمام امور مرکوز خاطر ہو چکے تو اب سائل کو دیکھنا چاہیے کہ جو لوگ موے مبارک آنحضرت کی زیارت طریقہ مذکورہ سوال کے بموجب کراتے ہین بدعات اور مخترعات کے پابند ہین دیکھو روایت مذکورہ بالا کے بموجب جب موے مبارک کا پانی مریض کیواسطے حضرت ام سلمہ سے طلب کیا تو اونہون نے ڈھول تاشے نہین بجوائے نہ آیت اور قرآن خوانی نہین کرائی نہ ترتیب مجلس اور تعیین وقت اور تاریخ نہین کیا غرضکہ کسی قسم کے تعینات خاصہ سے اوسکو مقید نہین فرمایا بلکہ اوسکی برکت کو ہر حالت مین قابل استفادہ تصور فرمایا بخلاف اس صورت کے جبکہ سائل نے بیان کیا ہی جسمین تعیین ماہ و یوم و تاریخ کو امر ضروری

اور موثر فی ازدیاد الثواب خیال کیا ہی جسکی سنت نبویہ مین کچہہ بہی اصل نہین ہی اور تداعی اور انعقاد محافل خاصہ کو لابد خیال کیا ہی اور اوسمین نوبت و نقارہ وجملہ مزامیر مہیا کیے جاتے ہین جو سراسر افعال شیاطین سے ہین بالیقین موے مبارک بہی بطور نذر لغیر اللہ کیا جاتا ہی اور بطور تبرک کے تقسیم حال آنکہ اوس سے انتفاع حرام قطعی ہی غزلین گاتے ہین حالانکہ ایسے راگ بالاتفاق حرام ہین پس برکت حاصل کرنا جو غایۃ الامر مستحب ثابت ہوگی باعث ہوتی ہی ایسے محرمات شرعیہ کے ارتکاب کی جن سے اجتناب واجب ہی اور ظاہر ہی کہ جس امر مستحب کے ارتکاب سے ترک واجب لازم آوے اوس مستحب کا ترک واجب ہی پس اس صورت مین ہرگز شریعت غرای محمدیہ اس بات کی اجازت نہین دیتی کہ ایسے بدعیات کے ساتہہ اس امر مستحب کا ارتکاب صحیح ہوا اور نفس استحباب اسکا بہی اوس صورت مین مسلم ہی جبکہ یہ بخوبی ثابت ہوجاوے کہ فی الواقع یہ موی مبارک آنحضرت ہی کا ہی اور اگر یہ امر پایۂ ثبوت کو نہ پونہچے تو ایسے جلسہ مین بقصد تبرک حاضر ہونا بہی جائز نہین ہی اور جو لوگ نذر مانتے ہین موی مبارک کی اور اوسپر چڑہاوا چڑہاتے ہین وہ حرام ہی کیونکہ نذر عبادت ہی اور عبادت لغیر اللہ حرام ہی اور ظاہر ہی کہ یہ نذر لغیر اللہ ہی پس یہ حرام ہی چنانچہ لکہا ہی صاحب بحر رائق نے والنذر للمخلوق لایجوز لانہ عبادۃ والعبادۃ لاتکون لمخلوق یعنے نذر مخلوق کی ناجائز ہی اسلیے کہ وہ عبادت ہی اور عبادت کسی مخلوق کے لیے نہین ہوتی الخ اور جسطرح یہ فعل حرام ہی اسیطرح اوس قسم کے چڑہاوے کا لینا اور اوسکا کہانا اور اپنے صرف مین لانا بہی حرام ہی اور ایسی نذر منعقد نہین ہوتی اور ذمہ پر اوسکا ادا واجب نہین ہوتا چنانچہ اوسی بحر الرائق مین ہی الاجماع علی حرمۃ النذر للمخلوق ولا ینعقد ولا تشتغل الذمۃ بہ ولانہ حرام بل سحت ولا یجوز لخادم الشیخ اخذہ ولا اکلہ ولا التصرف فیہ بوجہ من الوجوہ الخ ترجمہ یعنے اسبات پر اجماع ہی کہ نذر مخلوق کی حرام ہی اور وہ نذر منعقد بہی نہین ہوتی اور ذمہ پر اوسکا وجوب نہین ہوتا اور مجاورون کو اوسکا لینا اور کہانا اور کسی قسم کا تصرف کرنا جائز نہین ہی اور جو اوقاف موی مبارک کے خدام کیواسطے مقرر ہین اگر وہ اوقاف اس

غرض سے مقرر کیے گئے ہین کہ وہ تمام بدعات ومنکرات جو سوال مین مذکور ہین اس وقف کے ذریعہ سے رائج کیے جاوین اور ایسے بدعات مین ان اوقاف سے صرف کیا جاوے تو فی نفسہ یہ وقف ہی باطل ہی اور انکا واقف گنہگار ہی کیونکہ منجملہ شرائط صحت وقف کے ایک یہ شرط ہی کہ وہ کام جسکے لیے وقف کیا ہی فی نفسہ قربت اور عبادت معلوم فی الدین ہو اور ظاہر ہی کہ یہ امور نعوذ باللہ منہا عبادت نہین ہین چنانچہ عالمگیریہ مین ہی ومنہا ای من شرائط صحتہ ان یکون قربۃ فی ذاتہ وعند التصرف الخ ترجمہ۔ اور منجملہ شرائط کے ایک یہ شرط ہی کہ وہ امر فی نفسہ قربت ہو اور وقت تصرف کے الخ اور اگر اوسنے صرف یہ نیت کی ہی کہ جو فقرا ومساکین یہان حاضر ہون اونپر صرف کیا جاوے اور جو شخص اوسکے متولی ہون وہ بھی بقدر حاجت اوسمین سے لیا کرین تو وقف صحیح ہی اور بقدر حاجت خود لینا اور باقی فقرا پر صرف کرنا حلال ہی واللہ اعلم۔ کتبہ العبد الذلیل محمد اسمعیل۔ محمد اسمعیل

اجاد من اجاب محمد لطف اللہ فی الواقع برکت لینا ایسی چیزون سے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف بانتساب صحیح بطریق صحیح منسوب ہین جائز ومستحسن ہی لیکن ایسی مجالس مین جانا جسکو سائل نے ذکر کیا بوجہ اشتمال ان کے بدعات مستقبحہ اور افعال محرمہ پر شریک ہونا نہین جائز ہی اور نہ ایسے آثار سے جنکا انتساب بطریق صحیح ثابت نہین ہی برکت لینا جائز ہی اور جو اشیاء عوام کالانعام موی مبارک پر چڑہاتے ہین اونکا لینا بوجہ منذور لغیر اللہ ہونیکے نہین جائز ہی وللہ در المجیب حیث اتی بتفصیل رائق وہو فیہ مصیب واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

کتاب الاجارۃ

از بانس بریلی مرسلہ الہ یار خانصاحب تاجر کتب

استفتا سوال کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ گاڑیان واسطے پہونچا دینے لٹھون کے گھاٹ دریا سے ایک مقام معین کو کرایہ کین اور لٹھے دریا کے اوس پار سے بذریعہ کشتی عبور ہوکر آتے تھے گاڑی والون نے کہا کہ ان لٹھون کو کشتیون مین سے اسی جگہ یعنے ہماری گاڑیون کے متصل کھول دو ہم اپنے گاڑیون مین بھر لینگے اونسے کہا گیا کہ یہ جگہ اندیشہ کی ہی اس جگہ کھولنے سے لٹھے بہجاوینگے بجای امن انکو کھولینگے وہان سے تم بھر لینا گاڑی والون نے کہا کہ ہمارا آرام اسی جگہ ہی اور تم اس جگہ لٹھونکو کھول دو اگر یہان سے

تلف ہو جاوینگے تو ہم دلوینگے چنانچہ لٹھا ہی مذکور اوسی جگہہ کہو گیا گاڑی بانان [illegible]
اور اونہون نے اوس روز گاڑیان نہین بھرین اوسی شب مین دو لٹھے اور نہین [illegible]
اور بعد تلاش بسیار کے ایک لٹھا ملا اور دوسرا نہین ملا اس صورت مین گم شدہ لٹھے کی قیمت [illegible]
تاوان اور اوسکی تلاش کا صرف اور ملے ہوئے لٹھے کی تلاش کا صرف گاڑی بانان [illegible]
وصول کرنا درست ہی یا نہین اور در صورت جواز وصول تاوان کے کیا قیمت لیجاویگی [illegible]
یہ کہ عورتونکو اس قسم کا زیور نقرئی پہننا جو خود بجنے والا نہو مگر ایک دوسرے سے لگ کر بجتے [illegible]
کڑے چھڑے معمول اس دیار کے تین تین عدد پیرونمین پہنتے ہین اور وہ بروقت رفتار لگ کر
بجتے ہین یا گھونگرو اس قسم کے کہ جنکے اندر بجانیوالا دانہ نہو مگر وہ بھی آپسمین لگ کر بجتے ہون
جائز و درست ہی یا نہین بینوا توجروا فقط الجواب صورت مسئولہ مین گاڑی بان سے
تاوان لینا اگرچہ جائز نہین ہی بقول امام اعظم رح کے اسواسطے کہ گاڑی بان اجیر مشترک ہی
اور اجیر مشترک پر در صورت ہلاک ہونے ما فی یدہ کے بغیر اوسکے عمل کے ضمان نہین اگرچہ
ضمان کی شرط اوسپر کی گئی ہو اسواسطے کہ جو مال اوسکے سپرد کیا وہ امانت ہی اور ضمان کی
شرط امانت مین باطل ہی مثل مودع کے اسی قول پر فتوی ہی ایسا ہی عامۂ کتب معتبرہ مین اور
اسی کا جزم کیا ہی اصحاب متون نے پس یہ ہی مذہب ٹھرا بخلاف روایت اشباہ کے
کما فی الدر المختار ولا یضمن ما ہلک فی یدہ وان شرط علیہ الضمان لان شرط الضمان فی الامانۃ
باطل کالمودع وبہ یفتی کما فی عامۃ المعتبرات وبہ جزم اصحاب المتون فکان ہو المذہب خلافا
لما فی الاشباہ انتہی وفی العالمگیریۃ وحکم الاجیر المشترک ان ما ہلک فی یدہ من غیر صنعہ فلا ضمان
علیہ فی قول ابی حنیفۃ رح وہو قول زفر والحسن وانہ قیاس سواء ہلک بامر یمکن التحرز عنہ کالسرقۃ
والغصب او بامر لا یمکن التحرز عنہ کالحرق الغالب والغارۃ الغالبۃ انتہی لیکن اس زمانے مین
صاحبین کے قول پر فتوی ہی یعنی ضمان لینا جائز ہی کما فی العالمگیریۃ وبقولہما یفتی الیوم
لتغیر احوال الناس وبہ یحصل صیانۃ اموالہم کذا فی التبیین انتہی اس صورت مین گاڑی
بانون سے تاوان لٹھے گم شدہ کا بقدر اوسکی قیمت اوس جگہ کی جہان گم ہوا اور صرف تلاش لٹھے
گم شدہ اور یافتہ کا وصول کرنا درست ہی لیکن بجبر وصول کرنے مین روایتین مختلف ہین

تصحیح عدم جبر کو ہی کما فی العالمگیریۃ وبعضهم افتوا بالصلح عملاً بالقولین والشیخ الامام ظهیر الدین المرغینانی یفتی بقول ابی حنیفۃ رح قال صاحب العدۃ فقلت له یوماً من قال منهم یفتی بالصلح هل یجبر الخصم لو امتنع قال کنت افتی بالصلح فی الابتداء فرجعت لهذا انتهی جواب دوسرے سوال کا یہ ہی کہ عورتونکو ایسا زیور پہنا جو حرکت پاکر خود آواز کرے یا ایک دوسرے سے لگ کر بجے جسکی آواز سے اظہار مخفی زینت کا ہو اور جانا جاوے کہ عورت فلان زیور والی ہی منع ہی اسواسطے کہ علم باواز زیور مورث میل وخواہش کا ہوتا ہی مردونکو کما فی البیضاوی وَلَا یَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِیُعْلَمَ مَا یُخْفِیْنَ مِنْ زِیْنَتِهِنَّ لیتقعقع خلخالها فیعلم انها ذات خلخال فان ذلک یورث میلاً فی الرجال وهو ابلغ من النهی عن اظهار الزینۃ وادل علی المنع من رفع الصوت انتهی اور یہ معلوم ہی کہ جس مرد پر غلبہ شہوت عورتون کا ہوتا ہی جب اونکے زیور کی آواز سنتا ہی ہوجاتا ہی یہ سبب زیادتی خواہش کا اونکے دیکھنے مین کما فی التفسیر الکبیر اما قولہ تعالی وَلَا یَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِیُعْلَمَ مَا یُخْفِیْنَ مِنْ زِیْنَتِهِنَّ فقال ابن عباس وقتادۃ کانت المرأۃ تمر بالناس وتضرب برجلها لیسمع قعقعۃ خلخالها ومعلوم ان الرجل الذی یغلب علیه شهوۃ النساء اذا سمع صوت الخلخال یصیر ذلک داعیۃ له زائدۃ فی مشاهدتهن وقد علل تعالے ذلک بان قال لِیُعْلَمَ مَا یُخْفِیْنَ مِنْ زِیْنَتِهِنَّ من الحلی وغیرہ انتهی اور حدیثون سے ایسا ظاہر ہی کہ لڑکیونکو بھی ایسا زیور پہنا منع ہی کما فی المشکوۃ وعن ابن الزبیر ان مولاۃ لهم ذهبت بابنۃ الزبیر الی عمر بن الخطاب وفی رجلها اجراس فقطعها عمر و قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول مع کل جرس شیطان رواه ابوداود وعن بنانۃ مولاۃ عبد الرحمن بن حیان الانصاری کانت عند عائشۃ اذ دخلت علیها بجاریۃ وعلیها جلاجل یصوتن فقالت لا تدخلنها علی الا ان تقطعن جلاجلها سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا تدخل الملائکۃ بیتا فیه جرس رواه ابوداود انتهی واللہ اعلم بالصواب نمقہ شجاعت علی عفی عنہ فی الواقع ایسا زیور پہنا کہ آواز دیتا ہی نہین جائز ہی اور درباب ضمان اجیر مشترک کے اگرچہ اوسپر ضمان شرط کیا ہو امام ابوحنیفہ کے نزدیک ضمان نہین ہی اور صاحبین کے نزدیک ضمان ہی بشرطیکہ اوسکی قدرت مین رفع صورت ہلاک ہو

ردالمختار مین ہی حاصل ما فی فتاوی الطوری عن المحیط ان ضمان المشترک ما تلف مقید بثلثۃ شرائط
ان یکون فی قدرتہ رفع ذلک فلو غرقت بموج او ریح او صدمۃ جبل لا یضمن الخ واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

ابو الحسنات محمد عبد الحی

کتاب الطلاق

از آرہ ضلع شاہ آباد ملکی محلہ مرسلہ شیخ امیر علی وکیل ماہ ذیحجہ سنہ ۱۲۹۶ ہجری

استفتا ۲۴۱ ما قولکم رحمکم اللہ تعالے کیا فرماتے ہین علمای دین اس صورت مین کہ زید نے اپنی زوجہ کی خالہ سے بحالت غصہ جو بوجہ تکرار سابق مابین زن و شوہر کے جھگڑے کا ہوا تھا کہا کہ کہدو اوس سے یعنی زوجہ سے ہمنے اوسکو آجکی تاریخ سے طلاق دیا طلاق دیا تب اوس زوجہ کی خالہ نے کہا کہ ایسی بات منہ سے مت نکالو یہ فتوی و حدیث کی بات ہی تب اوس زوج یعنی زید نے کہا کہ فتوی و حدیث کو طاق پر رکھو ہمنے اوسکو طلاق دیا طلاق دیا بعد ازان پاس زن و شوہر کے کچھ گفتگو کھانے پینے کی رہا کی اب وہ زوج یعنی زید طلاق دینے سے انکار کرتا ہی اور اوس طلاق کو اوسکی زوجہ اور اوسکی خالہ اور چند اشخاص زوجہ کے برادری والون نے خود سنا تھا پس اولاً از روے مذہب حنفیہ یہ قول مرد کا کہ طلاق نہین دیا ہی معتبر ہوگا یا یہ قول عورت کا کہ طلاق دیا ہی معتبر ہوگا اور طلاق واقع ہوگا اور بصورت وقوع طلاق کون قسم کا طلاق شمار کیا جاوے گا اور پھر اون دونون مین معاشرت کی کون سی صورت ہے یا یہ کہنا مرد کا کہ فتوی و حدیث کو طاق پر رکھو کلمہ ارتداد سمجھا جاوے گا اور بدین وجہ وہ شخص دائرہ اسلام سے خارج سمجھا جاوے گا اور پھر از سر نو اسلام لا کر اوسی زوجہ سے تجدید نکاح کرسکتا ہی جواب اسکا از روے مذہب حنفیہ مع روایات مصرحہ کتب فقہیہ مع مہر و دستخط خود و دیگر علمای معتبرین ثبت فرمایا جاوے فقط

ہو المصوب یہ قول کہ فتوے اور حدیث کو طاق پر رکھو کہ مفید اہانت شریعت و استخفاف احکام شرعیہ سے ہے موجب ارتداد ہی ایسے الفاظ کے ساتھ تکلم بحسب تصریحات فقہا باعث کفر ہے کشف الوقایہ مین ہی اگر گوید من نماز را بطاق نہادم یکفر کذا فی خزانۃ المفتین انتہی ملخصا اور بھی اوسی مین ہی لو قال شریعت را چہ کنم یکفر انتہی اور عالمگیریہ مین ہی لو قال با من شریعت و این حیلہا سود ندارد او قال در پیش نرود او قال شریعت چہ کنم فہذا کلہ کفر انتہی بنائً علیہ اوس شخص پر جسنے اس لفظ کے ساتھ تکلم کیا مجرد اس تکلم کے

حکم ارتداد کا دیا جاوے گا اور اس ارتداد سے نکاح فی الفور فسخ ہو جاویگا جیسا کہ کنز وغیرہ مین ہے وارتداد احدہما فسخ فی الحال انتہی اور چونکہ قبل اس ارتداد کے وہ دو مرتبہ طلاق دیچکا ہے اور یہ فسخ حکم طلاق مین نہین ہے اور بعد اس ارتداد کے جو دو مرتبہ طلاق اوسنے کہا اوس کا بوجہ نہ باقی رہنے نکاح کے اعتبار نہوا بنائً علیہ از سر نو اسلام لا کے وہ شخص تجدید نکاح کر سکتا ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔ محمد عبد الحی ابو الحسنات

ف کتاب الرضاع

استفتا ۲۴۲ ما قولکم رحمکم اللہ کیا فرماتے ہین علماے دین اس صورت مین کہ ہندہ نامی ایک عورت کی دو دختر اور دو پسر موجود تھے بعدہ پسر کلان کے ایک پسر پیدا ہوا اور خود ہندہ کے ایک تیسری دختر پیدا ہوئی ہندہ نے پسر پسر مذکور کو دودہ پلایا کہ جس سے رضاعت ثابت ہے بعدہ ہندہ کی دختر کلان کی ایک دختر پیدا ہوئی اب مابین پسر پسر کلان مذکور جسکو ہندہ نے دودہ پلایا ہے اور دختر دختر کلان مذکور کے عقد مناکحت از روے مذہب حنفیہ صحیح ہے یا بوجہ اسکے کہ از جانب شیر دہ ہمہ خویش شوند ان دونون مین حرمت رضاعت ثابت ہو گی جواب مسئلہ ہذا از روے مذہب حنفیہ بروایات مصرحہ کتب فقہیہ مع مہر و دستخط خود و دیگر علماے معتبرین ثبت فرمایا جاوے فقط **ہو المصوب** نکاح پسر پسر مذکور کا ساتھ دختر دختر مذکور کے بوجہ حرمت رضاعت کے نہین درست ہے فتاوی عالمگیریہ مین ہے المرضعۃ لو ولدت من ہذا الرجل او غیرہ قبل ہذا الارضاع او بعدہ فالکل اخوۃ الرضیع واخواتہ واولادہم اولاد اخوتہ واخواتہ انتہی۔ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔ محمد عبد الحی ابو الحسنات

مرسلہ شیخ علی شاہ از اورنگ آباد ضلع گیا تاریخ ۲۳ ذی الحجہ ۱۲۹۶ سنہ ہجری

ف کتاب الصلوٰۃ

استفتا ۲۴۳ **سوال اول** بعضے علما فرماتے ہین کہ رسول اللہ صلعم نے گاہے سینہ پر اور گاہے زیر ناف نماز مین ہاتھ باندہا ہے اور آپ کا رفع یدین اور آمین بالجہر کہنا بھی ثابت ہے پھر بعضے علما ان افعال سے کیون منع کرتے ہین اور کہتے ہین کہ یہ طریقہ وہابی اور شافعیہ اور دوسرے فرقون کا ہے اور کیا وجہ ہے کہ حنفیہ کے نزدیک ان اعمال کا کرنا جائز نہین ہوا اور دوسرے ائمہ کے یہان

مسنون ٹھہر آیا یہ اعمال زمانۂ نبوی مین پائے گئے یا نہین اور اگر حضرت نے ان افعال کو کیا اور ہونا اسکا زمانۂ نبوی مین ثابت ہی تو پھر کیون ائمہ و علما باہم مختلف ہوئے کہ کوئی سنیت و جواز کا قائل ہوا اور کوئی ترک و ممنوعیت کا فتوے دینے لگا وجہ اختلاف علما سے آگہی بخشی جاوے اور ہم لوگ عوام حنفیہ کہ قدرت فہم اصول شرعیہ کی نہین رکھتے ایسے حال مین کیا کرین آیا حسب معمول سابق ترک رفع یدین اور آمین بالجہر کے عامل رہین اور ہاتھ زیر ناف باندہین یا کیا کرین آور جو لوگ رفع یدین اور آمین بالجہر کرتے ہین اور سینہ پر ہاتھہ باندہتے ہین اونکو گمراہ اور مرتد اور کافر کہنا اور اونپر لعن کرنا روا ہی یا نہین جواب عام فہم ارشاد ہو **سوال دوم** جو لوگ شافعی یا حنبلی و مالکی ہون اور نماز مین رفع یدین اور آمین بالجہر اور دیگر امور خلاف مذہب حنفیہ کے کرتے ہون تو اونکی اقتدا کرنا حنفی المذہب کو درست ہی یا نہین اور ایسے لوگون کے پیچھے ہم لوگ حنفیونکو نماز پڑہنا مستمرا یا احیانا جائز ہے یا نہین ھ

ہو المصوب جواب سوال اول زمانۂ جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم مین مسائل جزئیہ مدون اور مدلل اور متفرع اوپر دلائل و براہین کے نہ تھی بلکہ عمل صحابۂ کرام کا محض اوپر ظاہر قول و فعل آن حضرت کے تھا مثلاً ایک صحابہ نے آپ کو ایک وقت وضو مین جملہ اعضای وضو کو ایک ایک بار دہوتے دیکھا اوسپر اونہون نے عمل کیا اور دوسرے صحابہ نے دوسرے وقت دو دو بار ہر اعضا کو دہوتے دیکھا اونہون نے اوسکو اختیار کر لیا کسی صحابہ نے کسی وقت مین تین تین بار دہوتے مشاہدہ کیا وہ اوسکے آخذ اور عامل و راوی ہوئے علی ہذا کیفیت ادای نماز مین بہی عمل صحابہ کا مختلف رہا اور روایتین بہی مختلف ہوئین مثلاً ایک صحابی نے آپ کو رفع یدین کرتے دیکھا اوسکو مسنون سمجہا اور عمل اور روایت کیا بعضے صحابہ نے ترک اس عمل کو مشاہدہ کیا وہ سنیت عدم رفع کے قائل ہوئے ایسی کیفیت اختلاف صحابہ کے احادیث قولیہ مین ہوئی مثلاً ایک صحابی نے ایک وقت مین حکم کسی مسئلہ کا پوچہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بنظر مصلحت اوسوقت اور اوس شخص کے جو جواب

اوسکا دیا اوس سائل اور حاضرین مجلس نے اوسپر عمل کیا اور حسب سماع اپنے روایت اوسکی کی و دوسرے کسی صحابہ نے دوسرے وقت اوسی مسئلہ کا حکم دریافت کیا اور آنحضرت نے بوجہ اسکے کہ وہ حکم سابق منسوخ ہوگیا تھا یا بوجہ کسی مصلحت تیسیر و بیان جواز وغیرہ مصالح وقت کے دوسرے طور پر جواب اوسکا بیان فرمایا اس سائل نے اور حضار نے اس قول کو محفوظ رکھا اور روایت کیا بعد وفات آنحضرت ص کے جب صحابۂ کرام بلاد و امصار مین متفرق ہوگئے اور مباشر امر افتا و قضا ہوے جس شہر مین جو صحابہ پہونچے وہان اونہون نے حسب سماع و رویت اپنے حکم و فتوی دیا اور کبھی صحابہ نے جب تعارض بین الاحادیث پایا یا حدیث مسموع و استنباط مین اپنے تعارض پایا تو جس جانب ظن غالب ثبوت کا ہوا اوسپر عمل کیا اسوجہ سے بعضے احادیث کو متروک العمل کردیا اور بعضی پر عمل لازم سمجھا جیساکہ حضرت ابوہریرہ نے بعد سننے اس امر کے ازواج مطہرات سے کہ صبح کرنا جنب کا بحالت جنابت مفسد صوم نہین ہے اپنے مذہب سابق سے رجوع کیا اور حدیث مسموعہ سابق کو متروک العمل کردیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حدیث مروی فاطمہ بنت قیس کو بخصوص عدم وجوب نفقہ و سکنی مطلقہ ثلثہ کے بوجہ مخالفت نص قرآنی کے مردود فرمایا اور بعضی حدیثین جو کسی صحابہ کو نہ پہونچی تھین اور بوجہ درپیشی واقعہ جدیدہ کے حاجت پڑی اور متفحص ہوے اور بعد تفحص کے دوسرے صحابی سے سنا تو اوسپر عمل کرلیا اور باوصف کمال جلالت و کثرت صحبت سلینے بھی احادیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو مقصور اوپر علم اپنے کے نرکہا جیساکہ بخصوص نصیب جدہ حضرت ابوبکر رض نے قول حضرت مغیرہ بن شعبہ کو بہ تصدیق محمد بن مسلمہ کے قبول فرمایا اور حسب روایت اونکی جدہ کو سدس مال دیا اور بعضے صحابہ کو جو بعضی احادیث نہ پہونچین تو وہ اوسکے عمل سے معذور رہے اور حسب استنباط اپنے فتوی دیتے رہے جیساکہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ عورتونکو وقت غسل کے حکم کہولنے سب بالون کا اور پہونچانے پانی کا نیچے کل بالون کے فرماتے تھے بوجہ اسکے کہ اس مادہ مین جو رسول اللہ

صلعم نے نہ کہو لینے چوٹیون کے عورتون کو رخصت دی تھی وہ اون تک نہ پونہچی تہی چنانچہ اس حال کو سنکر حضرت عایشہ نے انکار فرمایا تہا جیساکہ صحیح مسلم مین مروی ہی اس قسم کے اختلاف درمیان صحابۂ کرام کے بہت تھے اور یہ اختلاف صحابہ منجر باختلاف تابعین ہوا اور اختلاف تابعین منجر باختلاف تبع تابعین ہوا اور بوجہ وقوع کثرت اختلاف اور وقائع کے نوبت تدوین کتب وترتیب ابواب فقہیہ اور تفریع مسائل علی الادلہ کے پونہچی اور ہر مجتہد نے بقدر وسع اپنے اصول وقواعد واسطے تطبیق بین الاحادیث المختلفہ والآثار المتعارضہ کے قائم کیے اور جسکو جسقدر حدیثین پونہچین اوسپر عمل کیا اور اوسی سے استنباط امور غیر منصوصہ کا کیا کیے اور فتوی دیا کیے بوجہ اسی اختلاف کے زمانۂ سلف مین تقلید کسی امام اور مجتہد خاص کی معمول نہ تہی جو شخص عامی ہوتا تہا اوسکو اختیار تہا کہ زمانۂ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین اور ائمۂ مجتہدین مین جس عالم سے چاہتے دریافت مسائل شرعیہ کرکے موافق فتوی اوسکے عمل کرتے کوئی اوسپر انکار نہین کرتا تہا اور اوسکی وجہ یہی تہی کہ یہ اختلاف ائمۂ مجتہدین مبنی تہا اوپر اختلاف صحابہ کے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم یعنی صحابہ ہمارے مثل ستارونکے منور بہ نور ایمان واسلام واحکام شرعیہ ہین پس جو شخص اون صحابہ سے کسی ایک کی اقتدا کرلے گا ہدایت پاوے گا بنا علیہ اتباع کسی صحابی کی خالی از اہتدا تو ہو نہین سکتی ہی لہذا زمانۂ سلف مین تخصیص تقلید کسی امام خاص کی نہ تہی اور نہ خود اختلاف ائمہ کا باہم باعث الزام کا ہوسکتا تہا اسواسطے کہ ہر ایک مقتدی آثار صحابہ کا تہا فراخور تفحص وتلاش اپنے الا بعد انقراض زمانۂ مجتہدین اور اندراس مذاہب مجتہدین کے اتفاق علما وصلحا کا اوپر انحصار مذہب اہل سنت کے درمیان ائمۂ اربعہ امام ابوحنیفہ ومالک وشافعی واحمد بن حنبل رحمہم اللہ کے ہوا اور فی زماننا یہی چار مذاہب شائع ہین اور جو مسائل درمیان ان ائمۂ اربعہ کے مختلف فیہا ہین کوئی بلا دلیل نہین ہین بلکہ اون ہر ایک کے دلائل موجود ہین اور ہر ایک ان ائمۂ اربعہ کا تبع آثار صحابہ واحادیث نبویہ ہی لہذا ہر چہار مہتدی اور مقتدی ہین کسی پر طعن اور تشنیع روا نہین چونکہ حضرت امام اعظم کے نزدیک

ترجیح رفع یدین اور آمین بالجہر کا ثبوت نہین ہوا بلکہ بوساطت بعضے صحابہ عدم رفع اور اسرار آمین کا ثبوت پہونچا امام ہمام نے ترک رفع یدین اور آمین بالجہر کا حکم دیا دوسرے ائمہ کو آثار صحابہ و احادیث نبویہ مثبتہ رفع یدین و آمین بالجہر پہونچین اور قوی معلوم ہوئین وہ لوگ اوسکی سنیت کے قائل ہوے اب اس امر مین آرا علما مختلف ہین کہ تقلید شخصے ایک امام خاص کی واجب ہی یا نہین اسمین دو قول ہین وجوب اور ضلالت اور ہر ایک ان دو فریق سے اپنے اپنے اثبات مدعا کے لیے ادلۂ شتے قائم کرتے ہین اور بہت سے رسائل اس امر مین تصنیف کیے گئے سائلین سوال ہذا کو کہ عامی ناواقف از اصول شرعیہ ہین چاہیے کہ اس منازعت سے برطرف رہین اور جیسا کہ سابق سے کتب متداولہ حنفیہ کے مسائل پر عامل ہین رہین رفع یدین اور آمین بالجہر کے جھگڑے مین نہ پڑین باقی مقام ہاتھ باندھنے مین خود حنفیہ مختلف ہین اور بہ تحقیق اکثر محققین اس مادہ مین وسعت ہی چاہے زیر ناف ہاتھ باندھے چاہے بالاے صدر یا زیر صدر باقی جو لوگ آمین بالجہر اور رفع یدین کرین اونپر طعن اور لعن ہرگز روا نہین اور مرتد کہنا اون لوگونکو کسیطرح جائز نہین اس امر مین سائلین سوال کو احتیاط اور کف لسان ضرور ہی خود زمانۂ صحابہ مین یہ مسئلہ مختلف فیہ تھا اکثر صحابہ رفع یدین کرتے تھے اور بعضے صحابہ نہین کرتے تھے علی ہذا آمین بالجہر مین طرق صحابہ مختلف مروی ہین مگر ایک دوسرے پر طعن اور لعن نہین کرتے تھے نہ برا جانتے تھے یہ منازعت اس زمانہ مین بوجہ کم علمی اور غلبۂ جہل اور عدم وقوف کیفیت زمانۂ نبوی و زمانۂ صحابہ و تابعین واقع ہوئی ہی اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا **جواب سوال دوم** اس مسئلہ مین علمای مذاہب اربعہ مختلف ہین اور بعضے علما نے لکھا ہی کہ حاصل اختلافات مذہب اربعہ کا اس مسئلہ مین راجع طرف چند قول کے ہی اول جواز اقتدا مطلقاً خواہ امام رعایت مذہب مقتدی کے کرے یا نکرے دوم جواز اقتدا بشرطیکہ مقتدی یہ نہ جانے کہ امام طہارت و نماز مین کسی ایسے فعل کا مباشر ہوا ہی جو بمذہب مقتدی مفسد نماز ہی سوم جواز اقتدا بشرط رعایت کرنے امام کے اون شروط کو کہ مذہب ماموم یعنے مقتدی مین وہ امور واجب المراعات ہون چہارم عدم جواز اقتدا گو امام التزام رعایت مذہب مقتدی کا رکھتا ہو پنجم جواز اقتدا

مع کراہت تنزیہی تجملان اقوال کے قول اول محقق و مختار محققین ہے چنانچہ ایقاظ النیام میں مسطور ہے قول اول جواز اقتدا بمخالف علی الاطلاق اعنی امام مراعات مذہب ماموم بکند یا نکند و درین قول رعایت مذہب امام اعتبار دارد نہ مذہب ماموم و برین قول اند جمعی از محققان ہر مذہب بمنطوق و مفہوم و ہمین ست مذہب منصور و ہمین ست مختار راقم سطور انتہی اور یہی ایقاظ النیام میں مرقوم ہے آنانکہ از حنفیہ بر جواز مطلق رفتہ اند نیز بسیار اند منبع علوم دینی و مجمع معارف یقینی شیخ محی الدین بن یوسف الحنفی الرومی الایدینی قدس سرہ در رسالۂ خود کہ در باب اقتدا بمخالف نوشتہ است نیز ذکر جواز اقتدا بمخالف علی الاطلاق گفتہ کہ شیخ ابوبکر رازی بہمین قول رفتہ و محقق ابن الہمام از شیخ خود شیخ سراج الدین الشہیر بقاری الہدایہ نقل نمودہ کہ او معتقد قول شیخ رازی بود تا آنکہ وی انکار کرد کہ فساد نماز بسبب اقتدای مذکور از متقدمین مروی باشد و ترجیح دادہ اند بعض فضلا قول شیخ رازی را و تبعیت کردہ اند شیخ سراج الدین را بنا بر قوت دلیل او و وضوح بیان او انتہی مختصراً اور شاہ ولی اللہ رح انصاف فی بیان سبب الاختلاف میں لکھتے ہیں قد کان فی الصحابۃ والتابعین ومن بعدہم من یقرأ البسملۃ ومنہم من لا یقرأہا ومنہم من یجہر بہا ومنہم من لا یجہر بہا ومنہم من کان یقنت فی الفجر ومنہم من لا یقنت فی الفجر ومنہم من یتوضأ من الحجامۃ والرعاف والقئ ومنہم من لا یتوضأ من ذلک ومنہم من یتوضأ من مس الذکر ومن لمس النساء بشہوۃ ومنہم من لا یتوضأ من ذلک ومنہم من یتوضأ مما مستہ النار ومنہم من لا یتوضأ من ذلک ومع ہذا فکان بعضہم یصلی خلف بعض مثل ما کان ابو حنیفۃ واصحابہ والشافعی وغیرہم رضی اللہ عنہم یصلون خلف ائمۃ المدینۃ من المالکیۃ وغیرہم وان کانوا لا یقرؤن البسملۃ لا سرا ولا جہرا وصلی الرشید اماما وقد احتجم فصلی الامام ابو یوسف خلفہ ولم یعد وکان افتاہ الامام مالک بانہ لا وضوء علیہ وکان الامام احمد بن حنبل یری الوضوء من الرعاف والحجامۃ فقیل لہ فان کان الامام قد خرج منہ الدم ولم یتوضأ ہل تصلی خلفہ فقال کیف لا اصلی خلف الامام مالک وسعید ابن المسیب انتہی بقدر الحاجۃ عبارت انصاف سے بسند فعل صحابہ و تابعین و قول و فعل امام ابو حنیفہ و ابو یوسف و امام شافعی و احمد بن حنبل وغیرہ ائمۂ مجتہدین ثابت ہوا کہ اقتدا حنفی کی خلف شافعی و مالکی و حنبلی کی مطلقاً جائز ہے اور رفع یدین و آمین بالجہر کہنا امام کا مفسد نماز

مقتدی ومانع جواز اقتدا نہین ہو سکتا ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو خالق العرش والفرش المدعو محمد قادر بخش السہسرامی غفر اللہ ذنوبہ وستر عیوبہ فقط صح الجواب ابن ومن رام زیادۃ التحقیق فی امثال ہذہ المباحث فلیرجع الی الانصاف وایقاظ النیام وغیرہما من مؤلفات العلماء ذوی الشان واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۲۴۴ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ ایک مسجد مین عید کے روز باوجود کثرت مسجد کے جماعت اثنا عشریہ وجماعت اہل تسنن ہر دو مجتمع ہوئین پہلے نماز اثنا عشری نے عید کی پڑہی بعد اونکے اہل تسنن کی جماعت نے پڑہا اب ایسی صورت مین نماز اہل تسنن کی ہوئی یا نہین سوال دیگر یہ ہے کہ ایک مسجد مین دو مرتبہ جماعت نماز عید کی درست ہے یا نہین مع تفصیل وحوالہ عبارت کتاب کے تحریر فرمائیے فقط **ہو المصوب** ظاہر عبارات فقہیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ تعدد نماز عید مطلقاً جائز ہے خواہ دو موضع مین ہو خواہ ایک موضع مین جیسا کہ طحطاوی حواشی مراقی الفلاح مین لکھتے ہین لو قدر بعد الفوات مع الامام علی ادراکہا مع غیرہ فعل للاتفاق علی جواز تعددہا انتہی بنا برعلیہ صورت مسئولہ مین نماز اہل تسنن کی ہوگئی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۲۴۵ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ جمعہ کے روز بعد فرض کے چار رکعت آخری ظہر اس نیت سے پڑہئے کہ یہ چار رکعت بہی فرض ہین اور جو کوئی اسکے پڑہنے سے منع کرے یا فرض کہنے مین منع کرے تو اوس منع کرنیوالے کو گمراہ اور لامذہب کہے تو اوسکے لیے کچھ گناہ ہے یا نہین رب امید ہے علمای دین سے بدلیل قرآن وحدیث زبان اردو مین صاف صاف بیان فرماوین بینوا توجروا عند ربہم **ہو المصوب** اس باب مین فقہا مختلف ہین ایک جماعت فقہا کی بعد ادای فرض جمعہ کے چار رکعت کو بہ نیت آخر ظہر ادرکت ولم اصل بعدہ احتیاطاً مستحسن لکھتے ہین اسوجہ سے کہ تعریف مصر مین جو شرائط وجوب جمعہ سے حنفیہ کے نزدیک ہین اختلاف کثیر واقع ہے اور بعض امصار موافق بعض تعریفات کے مصر نہین ٹھہرتے ہین اور بہی اسوجہ سے کہ ایک شہر مین تعدد جمعہ مین اختلاف ہے اگرچہ صحیح جواز تعدد ہے خزانۃ الروایات مین ہے فی الکافی ثم فی کل موضع وقع الشک فی جواز الجمعۃ لوقوع الشک فی المصر وغیرہ واقام اہلہ الجمعۃ ینبغی ان یصلوا بعد الجمعۃ اربع رکعات وینووا بہا

ف کتاب الصلوۃ
۲۵ ماہ ذی الحجہ ۱۲۹۶ھ ہجری مرسلہ شیخ عبد الحفیظ از مقام کنگرا ضلع مرشد آباد بازار جوتہ پٹی

ف کتاب الصلوۃ
۲۵ ذی الحجہ ۱۲۹۶ ہجری
مرسلہ مولوی سید
حسن علی صاحب از
مقام [illegible] ضلع
[illegible]
مسجد جامع

الظہر حتی لو لم تقع الجمعة موقعها خرج من عهدة فرض الوقت بيقين انتهى اور رد المحتار مین ہے بہو لاحتياط
بمعنى الخروج عن العهدة بيقين لان جواز التعدد وان كان ارجح واقوى دليلا لكن فيه شبهة قوية انتهى
اور ایک جماعت فقہا کی بدین خیال کہ ظہر ادا کرنے مین عوام کا وہم عدم فرضیت جمعہ و فرضیت
ظہر کیطرف جاویگا منع کرتی ہے بحر الرائق شرح کنز الدقائق مین ہے ليس الاحتياط في فعلها مع الزم من فعلها
في زماننا من المفسدة العظيمة وهو اعتقاد الجهلة ان الجمعة ليست بفرض لما يشاهدون من صلوة الظهر
فيظنون انها الفرض وان الجمعة ليست بفرض فكان الاحتياط في تركها وعلى تقدير فعلها ممن لا يخاف
عليه مفسدة منها فالاولى ان تكون في بيته خفية خوفا من مفسدة فعلها انتهى ان عبارات سے معلوم
ہوا کہ جنہون نے اجازت دی ہے صرف احتیاطا خروجا عن الخلاف اجازت دی نہ اس لحاظ سے
کہ جمعہ فرض نہین یا یہ چار رکعت فرض ہین بلاد ہندوستان اور ایسے ہی بلاد بنگالہ وغیرہ مین
جمعہ کے فرض ہونے مین اور اوسکے ادا ہوجانے مین بمذہب صحیح کوئی شبہہ نہین ہے مگر بوجہ
وقوع خلاف کے تعریفات مصر اور تعدد جمعہ مین اگر احتیاطاً یہ چار رکعت ادا کیجاوین تو کچھ
حرج نہین مگر بشرطیکہ خیال انکی فرضیت کا اور عدم فرضیت یا عدم جواز جمعہ کا نہ آنے پاوے
اور اگر یہ خیال آوے تو انکو نہ پڑہنا چاہیے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

ف کتاب العقائد

۲۸ ذی الحجہ ۱۲۹۶ ہجری مرسلہ مولوی محمد علی اکرم و مولوی محمد ابراہیم صاحبان از آرہ ضلع شاہ آباد

۲۲۴

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ درباب آیات صفات مثل استوی
علی العرش و ید اللہ وغیرہ مسلک تاویل حق ہے یا اور کوئی مسلک بینوا توجروا **ہو المصوب** اس
باب مین علما کے چند مسلک ہین ایک مسلک تاویل کہ استوا بمعنی استیلا و ید بمعنی قدرت و وجہ بمعنی ذات ہے
وعلی ہذا القیاس اور یہی مختار اکثر متاخرین متکلمین کا ہے دوسرا مسلک تشابہ فی المعنی وفی الکیفیۃ تیسرا مسلک
معلوم المعنی متشابہۃ الکیفیۃ اور حق ان مین مسلک ثالث ہے اور یہی مذہب صحابہ و تابعین و ائمہ
مجتہدین و محدثین و فقہا و اصولیین محققین ہے شیخ الاسلام ذہبی سیر النبلاء مین ترجمہ قتیبہ بن سعید
مین لکھتے ہین روى غير واحد عن ابي العباس السراج فقال سمعت قتيبة يقول هذا قول ائمة الاسلام
واهل السنة والجماعة ان ربنا عزوجل على العرش انتهى اور ترجمہ علی بن المدینی مین لکھتے ہین قال اكثر
العلماء ان الله على العرش انتهى اور ترجمہ اسحق بن راہویہ مین لکھتے ہین قال حرب الكرماني قلت لاسحاق

ما تقول سے فی قوله تعالى مَا يَكُونُ مِنْ نَجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ كيف تقول قال حيث ما كنت فهو اقرب اليك وهو بائن من خلقه انتهى اور ترجمہ مزنی میں لکھتے ہیں قال محمد بن اسمعیل سمعت المزنی یقول لا يصح لاحد التوحيد حتى يعلم ان الله على عرشه انتهى اور ترجمہ ابو حاتم رازی میں لکھتے ہیں قال ابو حاتم مذهبنا واختيارنا اتباع رسول الله واصحابه ونعتقد ان الله على عرشه ليس كمثله شيء وهو السميع البصير انتہی اور بھی ذہبی نے کتاب العرش میں اسی قسم کے اقوال کہ جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حق جلشانہ فوق العرش ہے بلا کیف صدہا صحابہ اور تابعین اور فقہا اور محدثین سے نقل کیے ہیں اور احادیث نبویہ جو فوقیت رب پر دال ہیں بھی ذکر کی ہیں اور ابو شکور سالمی حنفی تمہید میں لکھتے ہیں سئل رجل عن الامام مالک عن قوله تعالى الرحمن على العرش استوى كيف استوى فقال له الاستواء غير مجهول والكيف غير معقول والايمان به واجب والسوال عنه بدعة وما اراك الا ضالا فامر به فاخوا هو جهم بن صفوان وقال ابو مطيع البلخى سئلت ابا حنيفة فيمن قال لا ادرى اين الله فقال ابو حنيفة انه يكفر لانه خالف النص والله يقول اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى اقروها وآمنوا به فقال ابو مطيع كيف استوى فقال آمنوا به كما جاء انتہی اور سراج الدین علی حنفی قصیدہ بدء الامالی میں کہتے ہیں ؎ ورب العرش فوق العرش لكن ؎ بلا وصف التمكن واتصال ؎ ملا علی قاری حنفی اوسکی شرح میں لکھتے ہیں سئل الشافعی عن الاستواء فقال آمنت به بلا تشبيه واتهمت نفسي في الادراك وامسكت عن الخوض واجمع السلف على ان استواءه على العرش صفة له بلا كيف نؤمن به ونكل العلم الى الله ومذهب الخلف تاويل الاستواء بالاستيلاء ومختار السلف عدم التاويل بل اعتقاد التنزيل مع وصف التنزيه له عما يوجب التشبيه كما قال مالك الاستواء معلوم والكيفية مجهولة واختاره امامنا الاعظم وكذا كل ما ورد من الآيات والاحاديث المتشابهات من ذكر اليد والوجه ونحوه ومنه لفظ فوق فلا يؤولونه بالعظمة والرفعة كما قاله الخلف انتہی اور ابن ہمام حنفی مؤلف فتح القدیر مسایرہ سے فی العقائد المنجیہ فی الآخرۃ میں لکھتے ہیں نؤمن انه تعالى مستو على العرش مع الحكم بان استواءه ليس كاستواء الاجسام من التمكن والمماسة والمحاذاة بل بمعنى يليق به وهو اعلم به وحاصله وجوب

الایمان بانه استوی علی العرش مع نفی التشبیه فاما کون المراد به استیلاء العرش فامر جائز الارادة لکن لا دلیل علیه عیناً فالواجب علینا ما ذکرناه وکذا کل ما ورد به مما ظاهره الجسمیة کالاصبع والقدم والید فیجب الایمان به فان الید والاصبع صفة له لا بمعنی الجارحة بل بمعنی یلیق به ونتاول الید والاصبع بالقدرة والقهر لصرف العامة من فهم الجسمیة وهو ممکن ان یراد ولا نجزم بارادته انتهی اور عبد العزیز بخاری حنفی کشف الاسرار شرح اصول بزدوی مین لکھتے ہین اثبات الرؤیة واثبات الوجه والید لله حق عندنا خلافاً لقول من قال انه لا یوصف الله بالوجه والید بل المراد بالوجه الرضا والذات ومن الید القدرة او القوة او النعمة فقال المصنف بل الله یوصف بصفة الوجه والید مع تنزیهه عن الصورة والجارحة لان الوجه والید من صفات الکمال فی المشاهد لان من لا وجه له ولا ید له یعد ناقصاً وهو موصوف بصفات الکمال فیوصف بهما ایضاً الا ان اثبات الکیفیة یستحیل فیثبتنا به وصفه فیجب تسلیمه علی اعتقاد حقیة من غیر اشتغال بالتاویل انتهی اور ابو شکور تمہید مین لکھتے ہین قال بعضهم ان الله موجود فی کل مکان وهم صنف من الجهمیة واحتجوا بقوله تعالی هُوَ الَّذِی فِی السَّمَاءِ اِلٰهٌ وَفِی الْاَرْضِ اِلٰهٌ وقوله وَهُوَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَفِی الْاَرْضِ وقوله اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وقوله مَا یَکُوْنُ مِنْ نَّجْوٰی ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ والجواب ان معنی الآیة الاولی انه اله اهل السماء واهل الارض وفی الآیة الثانیة تدبیره فی السموات والارض وفی معنی الآیة الثالثة انه معهم بالنصرة وفی معنی الرابعة انه سمیع بمقالتهم بصیر بافعالهم ونحن نقول ان الله لو کان فی کل مکان یؤدی ان یکون فی افواه الدواب وافراج النساء والآبار وهذا کفر قبیح انتهی

آب چاہوا اوسکا نام سربراہ کار رکھو یا اور کچھہ رکھو نام بدل دینے سے حکم نہین بدل جاتا اور جب تعریف ولی مذکور کی شخص مذکور پر صادق آئی تو اوسمین اسلام کا پایا جانا بہی شرط ہوا اور ہرگاہ اسلام اوسمین مفقود ہے تو ولی نابالغ مذکور کا نہین ہو سکتا اور دوسری وجہ یہ ہے کہ واہبہ نے شخص مذکور کو ولی فی المال سے قرار دیا ہے اسلیے کہ زر قرضہ مندرجۂ دستاویز مدیونون سے وصول کرکے اوسمین تصرف کرنے اور اوسکے محاصل سے پرورش نابالغ کی کرنے کا بہی اوسکو اختیار دیا ہے اور ولی مال مین چھہ ہی شخص ہو سکتے ہین اونکے سوا اور کسیکو ولایت مال مین نہین ہو سکتی ایک باپ دوسرے اوسکا وصی تیسرے دادا چوتھے اوسکا وصی پانچوین قاضی چھٹے اوسکا نائب اور شخص مذکور ان چھئون سے نہین ہے پس شخص مذکور ولی نابالغ مذکور کا نہین ہو سکتا اور اسی سے معلوم ہوا کہ واہبہ بہی کہ مان نابالغ مذکور کی ہے ولی مال مین نہین ہو سکتی در مختار مین ہے الولی فی النکاح لا المال العصبۃ بنفسہ الخ اور رد المحتار مین ہے (قولہ لا المال) فان الولی فیہ الاب ووصیہ والجد ووصیہ والقاضی ونائبہ فقط الخ اور فصول عمادیہ مین ہے ذکر فی باب المصراۃ من بیوع شرح الطحاوی ان الولایۃ فی مال الصغیر الی الاب ووصیہ ثم الی وصی وصیہ فان مات الاب ولم یوص الی احد فالولایۃ الی اب الاب ثم الی وصیہ ثم الی وصی وصیہ فان لم یکن فالقاضی ومن ینصبہ القاضی الخ اور نیز فصول عمادیہ مین ہے لیس لغیر الاب والجد ووصیہما ولایۃ التصرف فی مال الصغیر الخ اور نیز اوسی مین ہے وللاب والجد ووصیہما اجارۃ عبد الصغیر وسائر املاکہ وامواله فاما غیر ہولاء من الصغیر فی حجرہ لایملک اجارۃ مال الصغیر لانہ لیس لغیر ہولاء ولایۃ التصرف فی مال الصغیر الخ اور نیز اوسی مین ہے وذکر فی ماذون شرح الطحاوی ویجوز اذن الاب والجد ووصیہما واذن القاضی ووصیہ للصغیر فی التجارۃ وعبد الصغیر ولا یجوز اذن الام للصغیر واخیہ وامہ لان ہولاء لیس لہم ولایۃ التصرف فی مالہ فلا یکون لہم ولایۃ الاذن الخ اور ثانیا یہ کہ واہبہ کا ولی مذکور کو تسلیط صریحی کرنا عین موہوب لہ کی نسبت تسلیط صریحی ہونا ممنوع ہے اور غیر مسلم غایۃ الامر یہہ ہے کہ تسلیط مذکور موہوب لہ کی نسبت تسلیط حکمی ہوگی اور تسلیط حکمی اس باب مین

کافی نہین تسلیط صریحی درکار ہے جیسا کہ عبارت مرقومۃ الصدر منقولہ رد المحتار سے معلوم ہوا اور تسلیط صریحی یہان مفقود ہے پس شرط صحت وجواز ہبۂ مذکورہ صورت مسئولہ مین مفقود ہے پس ہبۂ مذکورہ باطل اور ناجائز ہے۔ اگر یہہ کہا جاوے کہ صورت مسئولہ مین واہبہ کہ مان موہوب لہ کی ہے اگرچہ ولی فی المال نہین ہوسکتی لیکن جبکہ موہوب لہ نابالغ ہو اور مان کے عیال مین ہو اور باپ یا دادا یا اونکی وصی مین سے کوئی موجود نہو تو مان ایسی صورت مین درباب قبضۂ ہبہ کے ولی ہوسکتی ہے جیسا کہ رد المحتار مین ہے والوصی کالاب والام کذلک لو کان الصبی فی عیالہا ان وہبت لہ او وہب لہ تملک الام القبض وہذا اذا لم یکن للصبی اب ولا جد ولا وصیہما الخ اور یہان بھی یہی صورت واقع ہے کہ موہوب لہ نابالغ ہے اور مان کی عیال مین ہے اور باپ اور دادا اور اونکے وصی مین سے کوئی موجود نہین ہے پس مان درباب قبضۂ ہبہ کے ولی ہوگی اور ایسے ولی کا ہبہ نابالغ کو مجرد عقد ہبہ کے تام اور کامل ہوجاتا ہے پس عقد ہبہ مذکورہ بھی تام اور کامل ہوگی اور حاجت شرط مذکور کی نہوگی۔ تو جواب اوسکا یہہ ہے کہ ولی کا ہبہ نابالغ کو اوس صورت مین تام اور کامل ہوتا ہے جبکہ شئے موہوب واہب کے یا امین واہب کے قبضہ مین ہو اور صورت مسئولہ مین یہہ شرط مفقود ہے اسلیے کہ دین موہوب نہ واہبہ کے قبضہ مین ہے نہ اوسکے امین کے قبضہ مین بلکہ اوسکے مدیونون کے ذمہ ہے جو اوسکے امین نہین ہین پس اس صورت مین مان کی ولایت کافی نہین ہوئی اور حاجت شرط مذکور کی باقی رہی اور ہبہ مذکورہ باطل اور ناجائز رہی در مختار مین ہے وہبۃ من لہ الولایۃ علی الطفل فی الجملۃ الی قولہ تتم بالعقد لو کان الموہوب معلوما وکان فی یدہ او ید مودعہ لان قبض الولی ینوب عنہ الخ اور ہدایہ مین ہے واذا وہب الاب لابنہ الصغیر ہبۃ ملکہا الابن بالعقد لانہ فی قبض الاب فینوب عن قبض الہبۃ ولا فرق بین ما اذا کان فی یدہ او فی ید مودعہ لان یدہ کیدہ بخلاف ما اذا کان مرہونا او مغصوبا او مبیعا بیعا فاسدا لانہ فی ید غیرہ او فی ملک غیرہ الی قولہ وکذا اذا وہبت لہ امہ وہو فی عیالہا والاب میت ولا وصی لہ وکذلک

کل من یعولہ الخ الحاصل جب صورت مسئولہ مین ہبہ مذکورہ ہبہ دین کا غیر مدیون کو ہے اور ایسے ہبہ کے صحیح اور جائز ہونے کے لیے واہب کا موہوب لہ کو دین موہوب کے قبضہ کرنے کا صراحۃ حکم دینا شرط ہے اور یہ شرط مانحن فیہ مین مفقود ہے اور ولایت ولی مذکور کی متصور نہین اور نہ تولیت واہبہ کے صحیح اور نہ خود واہبہ کی ولایت قبض ہبہ مین کافی ہے جیسا کہ یہہ سب امور وجوہ مذکورہ بالا سے معلوم ہوئے تو یہ شبہہ ہبۂ مذکورہ باطل اور ناجائز ہے اور جب ہبۂ مذکورہ خود ہی باطل اور ناجائز ہے تو حاجت اوسکے رجوع وعود کے نہین اور اگر بالفرض ہبۂ مذکورہ صحیح اور جائز ہے ہوجب ہے اس ہبہ سے بدین وجہ کہ ہنوز قبضہ دین موہوب پر نہین ہوا ہے واہبہ کو اختیار رجوع اور عود کا حاصل ہے اور بدون حکم حاکم اور رضامندی یکدیگر کے رجوع اور عود کر سکتی ہے اسلیے کہ ایسی ہبہ مین بلکہ عام ہبہ مین جبتک موہوب لہ شئے موہوب پر قبضہ نکر لیوے شئے موہوب نہ اوسکی ملک ہوتی ہے اور نہ ہبہ لازم اور مستحکم ہوتا ہے اور جبتک ہبہ لازم اور مستحکم نہو واہبکو اوس سے اختیار رجوع وعود کا بدون حکم حاکم اور رضامندی یکدیگر کے حاصل رہتا ہے گو ہبہ دین رحم محرم کا ہو بلکہ ہبہ دین غیر مدیون مین واہب کو یہہ بھی اختیار حاصل رہتا ہے کہ موہوب لہ کو دین موہوب پر قبضہ کرنے سے منع کر دیوے قاضیخان مین ہے ویصیر ملکا للولد اذا قبض الخ اور اسیطرح رد المحتار مین ہے نقلا عن الخانیۃ کما نقلنا سابقا اور فصول عمادیہ مین ہے وفی بعض الکتب الفقہ الموثوق علیہ ہبۃ الدین من غیر من علیہ الدین لا یجوز الا اذا سلطہ علی قبضہ ویصیر کانہ وہبہ حین قبضہ ولا یستحکم الا بالقبض الخ اور رد المحتار مین ہے قال بعض الفضلاء ولہذا لا یلزم الا اذا قبض ولہ الرجوع قبلہ فلہ منعہ حیث کان بحکم النیابۃ عن القبض الخ اور نیز رد المحتار مین ہے قال فی الاشباہ صحت ویکون وکیلا قابضا للموکل ثم لنفسہ و مقتضاہ عزلہ عن التسلیط قبل القبض الخ اور محیط مین ہے الہبۃ انواع ہبۃ لاجنبی وہبۃ لذی رحم محرم وہبۃ لذی رحم لیس بمحرم وہبۃ لمحرم لیس بذی رحم وفی جمیع ذلک للواہب حق الرجوع

قبل التسلیم لانہ بالرجوع قبل التسلیم یمتنع عن تمام القبض الخ اور درمختار مین ہے صح الرجوع فی التصدق فیما بعد القبض اما قبلہ فلم تتم الہبۃ الخ اور قاضیخان مین ہے والصدقۃ اذا تمت بالقبض لا یرجع فیہا کانت للقریب او للاجنبی وللواہب ان یرجع فی ہبۃ قبل ان یقبضہ الموہوب لہ کان الموہوب لہ حاضرًا او غائبًا اذن لہ فی قبضہ او لم یاذن تیفرد الواہب فی الرجوع قبل القبض وبعد القبض لا یرجع الا بقضاء او رضاء الخ اور یہہ قول سائل کا کہ واہبہ نے ہبہ کرکے قبضہ اور استحقاق مالکانہ اپنا اوس جائداد سے اوٹھا لیا قبضۂ ہبہ کے لیے کچہہ مفید نہین بلکہ یہہ قول بے معنے ہے اسواسطے کہ مراد سائل کی اوس جائداد سے کیا ہے اگر زر قرضہ مندرجہ دستاویز فرنگی مدیونان سے ہے تو وہ ہنوز واہبہ کے قبضہ مین نہین کہ ہبہ کرکے اوس سے اپنا قبضہ اوٹھالیتی اور اگر مراد اوس سے جائداد مستغرقہ ہے تو وہ موہوب نہین اور نہ واہبہ کی ملک ہے کہ اوسکو ہبہ کر سکتی اور نہ استحقاق مالکانہ اپنا اوسپر رکھتی ہے کہ اوسکو اوٹھالیتی پس یہہ قول بے معنے اور لغو ہے اگر یہہ کہا جاوے کہ جس دستاویز مین زر قرضہ مندرج ہے یعنے جسکو مدیونون نے دائنہ کو لکھکر دیا ہے وہ دستاویز یا تو خود دائنہ کے قبضے مین ہوگی یا دائنہ نے موہوب لہ کے یا اوسکے ولی کے قبضے مین دیدیا ہوگا اور ان سب صورتون مین قبضۂ ہبہ متحقق ہوتا ہے اسلیے کہ اگر خود دائنہ کے قبضے مین ہوگا تو اسواسطے کہ دائنہ درباب قبضۂ ہبہ نابالغ کے ولایت رکھتی ہے جیسا کہ اوپر گذر چکا اور قبضہ ولی کا بجاے قبضۂ موہوب لہ کے ہے جیسا کہ یہہ بہی معلوم ہوا پس قبضۂ ہبہ متحقق ہوا اور اگر موہوب لہ کے قبضہ مین دیدیا ہے تو اس صورت مین تحقق قبضۂ ہبہ ظاہر ہے اور اگر ولی کے قبضہ مین دیدیا ہے تو اس واسطے کہ وہ امین واہبہ کا قبضہ بجاے واہبہ کی قبضہ کے ہے اور واہبہ کا قبضہ بجاے موہوب لہ کے قبضہ کے ہے جیسا کہ اوپر معلوم ہوا پس ان سب صورتون مین قبضۂ ہبہ متحقق ہوا اور جب قبضۂ ہبہ متحقق ہوا تو اب ہبۂ مذکورہ تام اور کامل ہوگی اور اوس سے رجوع اور عود ناجائز ہوگا اور اگر جائز بہی ہو تو بدون حکم حاکم یا رضامندی یکدیگر کے ناجائز ہوگا تو جواب اوسکا یہہ ہے کہ کسی صورت مین صورت مذکورہ سے قبضۂ ہبہ

متحقق نہین ہوتا اسلیے کہ دستاویز مذکور موہوب نہین ہے کہ اوسکا قبضہ قبضۂ ہبہ ٹھہرے بلکہ موہوب زر قرضۂ مندرجۂ دستاویز ہے جو ذمگی مدیونان ہے اور زر قرضۂ مذکور نہ واہبہ کے قبضہ مین ہے نہ موہوب لہ کے قبضہ مین اور نہ اوس شخص کے قبضہ مین جسکو واہبہ نے ولی اوسکا مقرر کیا ہے بلکہ اگر زر مذکور پر بھی شخص مذکور کا قبضہ ہوگیا ہوتا جب بھی قبضہ ہبہ کے لیے کافی نہین ہوتا اسواسطے کہ شخص مذکور موہوب لہ کا ولی نہین جیسا کہ سابقا معلوم ہوا اور اگر مجرد دستاویز مذکور کا قبضۂ واہبہ مین ہونا یا موہوب لہ کا اوسپر قبضہ کرادینا قبضۂ زر مندرجۂ دستاویز کے لیے کفایت کرتا تو جس وقت مدیون نے دستاویز مذکور لکھکر دائنہ کو دیدیا تھا اور اوسپر اوسکا قبضہ کرادیا تھا تو بھی دستاویز مذکور کا دائنہ کو دیدینا اور اوسپر اوسکو قبضہ کرادینا ادای زر قرضۂ دائنہ مندرجۂ دستاویز کے لیے کفایت کرجاتا اور یہی ادائے زر قرضۂ دائنہ سمجھا جاتا اور پھر مطالبہ ادائے زر قرضۂ مذکور کا اون سے ساقط ہوجاتا وہو کما تری اور جب ثابت ہوا کہ کسی صورت مین صور مذکورہ سے قبضۂ ہبہ متحقق نہین ہے تو ہبہ مذکورہ ناتمام اور ناکمل رہا پس واہبہ کو اختیار رجوع اور عود کا ہبۂ مذکورہ سے بلا حکم حاکم اور رضامندی یکدیگر کے باقی رہا اگر یہہ کہا جاوے کہ گو دستاویز مذکور پر موہوب لہ یا اوسکے ولی کا قبضہ کرادینا قبضۂ ہبہ کے لیے مفید نہین ہے لیکن حصول شرط صحت وجواز ہبۂ مذکورہ کے لیے تو ضرور مفید ہوگا پس ہبۂ مذکورہ صحیح اور جائز ہوگی تو جواب اوسکا یہہ ہے کہ شرط صحت وجواز ہبۂ مذکورہ تسلیط صریحی ہے نہ حکمی اور دستاویز مذکور پر قبضہ کرادینے سے اگر تسلیط متحقق بھی ہو تو تسلیط حکمی متحقق ہوگی نہ تسلیط صریحی اور تسلیط حکمی کافی نہین اور باین ہمہ تسلیط مانع رجوع نہین کما سلف مفصلا بلکہ ایسے ہبہ سے کہ واہبہ نے اسمین بے انصافی کی ہے کہ صرف بیٹے کو ہبہ کیا اور بیٹیان بھی موجود ہین اونکو محروم کیا رجوع کرلینا اولے اور بہتر ہے چنانچہ صحیحین اور دیگر صحاح مین نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ اونکے باپ نے اونکو ایک غلام ہبہ کیا تھا اور اپنی اور اولاد کو محروم کیا تھا

تب اونکی ماں نے اون کے باپ سے کہا کہ مین راضی نہونگی یہان تک کہ گواہ کرو تم رسول اللہ ص کو تب اون کے باپ اونکو لیکر حضرت رسول اللہ ص کے حضور مین حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ مینے اپنے اس لڑکے کو ایک غلام ہبہ کیا تھا اور اوسکی ماں نے مجھکو حکم کیا ہے کہ مین آپکو گواہ کرون سو آپ گواہ رہین آپ نے پوچھا کہ اسیطرح تو نے اپنی اور اولاد کو بھی ہبہ کیا ہے کہا نہین فرمایا کیا خوش آتا ہے تجھکو کہ تیری سب اولاد تیرے ساتھ بھلائی کرنے مین برابر ہون کہا کیون نہین فرمایا سو ایسا مت کر اور پھیر لے اوس غلام کو اور مت گواہ کر مجھکو کہ مین ظلم پر گواہی نہین کرتا اور فرمایا کہ اللہ سے ڈرو اور اپنی اولاد مین انصاف کرو تب اونکے باپ نے اوس ہبہ سے رجوع کیا یعنے اوس غلام کو پھیر لیا فی المشکوۃ عن النعمان بن بشیر ان اباہ اتی بہ الے رسول اللہ صلعم فقال انی نحلت ابنی ہذا غلاما فقال کل ولدک نحلت مثلہ قال لا قال فارجعہ وفی روایۃ انہ قال ایسرک ان یکونوا الیک فی البر سواء قال بلے قال فلا اذاً وفی روایۃ انہ قال اعطانی ابی عطیۃ فقالت عمرۃ بنت رواحۃ لا ارضے حتے تشہد رسول اللہ صلعم فاتے رسول اللہ صلعم فقال انی اعطیت ابنی من عمرۃ بنت رواحۃ عطیۃ فامرتنی ان اشہدک یا رسول اللہ ص قال اعطیت سائر ولدک مثل ہذا قال لا قال فاتقوا اللہ واعدلوا بین اولادکم قال فرجع فرد عطیتہ وفی روایۃ انہ قال لا اشہد علے جور متفق علیہ الخ اور دستاویز مذکور وصیت نامہ بھی نہین ہے اسلیے کہ وصیت اوس تملیک کو کہتے ہین جو مضاف بما بعد موت ہو تنویر الابصار مین ہے ہی تملیک مضاف الے ما بعد الموت اور تملیک مذکور دستاویز مین مضاف بما بعد موت نہین ہے پس دستاویز مذکور وصیت نامہ نہین ہے اور وصیت بمقابلہ وارث کے یعنے وصیت واسطے وارث کے ناجائز ہے ہدایہ مین ہے لا تجوز لوارث لقولہ علیہ السلام ان اللہ اعطے کل ذی حق حقہ الا لا وصیۃ لوارث خلاصہ جواب اصل سوال کا یہہ ہے کہ ہبہ مذکورہ بوجہ فوت ہونے شرط صحت وجواز اوسکے کی باطل ہے اور ناجائز ہے اور دستاویز مذکورہ ہبہ نامہ نہین ہے اور بالفرض

صحت وجواز بوجہ عدم لزوم واستحکام اوسکے بجہت عدم قبضہ کے واہبہ کو اختیار رجوع اور عود کا بلا حکم حاکم ورضامندی یکدیگر کے حاصل ہے اور بجہت وقوع بے انصافی کے رجوع اولی اور بہتر ہے۔ اور دستاویز مذکور وصیت نامہ بھی نہین ہے اور وصیت بمقابلہ وارث کے ناجائز ہے واللہ اعلم بالصواب حررہ محمد عبد اللہ عفا عنہ اللہ فی الواقع صورت مذکورہ مین ہبہ غیر نافذ ہے اور واہبہ کو اختیار رجوع کا ہے بلکہ رجوع بہتر ہے اور ولایت کافر کی مسلمان پر غیر معتبر ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

ابو الحسنات محمد عبد الحی

استفتا

۲۶۱

ما قول اہل التحقیق ابقاہم اللہ تعالے فی امرأۃ المفقود ہل لہا التزوج بآخر بعد انتظار اربع سنین وتربص اربعۃ اشہر وعشرۃ ایام علی ما قضی بہ الناطق بالحق والصواب امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رض وافتی بہ علماء المدینۃ الطیبۃ علیہم الرضوان ام لا بینوا الحق والصواب توجروا یوم الحساب ط

هو المصوب

قد اختلف فیہ فی عہد الصحابۃ فجمع من الصحابۃ والتابعین الی ان زوجۃ المفقود تنتظر حتی یاتیہا خبر موتہ او طلاقہ کما فی فتح القدیر فذہب علی الی انہا امرأتہ حتی یاتیہا البیان وروی عبد الرزاق عن ابن جریج قال بلغنا ان ابن مسعود وافق علیا علی ان امرأۃ المفقود تنتظر ابدا واخرج ابن ابی شیبۃ عن ابی قلابۃ وجابر بن سعید والشعبی والنخعی کلہم قالوا لیس لہا ان تتزوج حتی یستبین موتہ انتہی وہذا ہو مذہب الحنفیۃ وقد اختلفوا فی تقدیر المدۃ اختلافا فاحشا علی ما یعلم من مطالعۃ کتبہم واوردوا لتائید مذہبہم کما فی الہدایۃ وغیرہ حدیثا مرفوعا امرأۃ المفقود امرأتہ حتی یاتیہا البیان انتہی لکنہ حدیث لا یصلح للاحتجاج بسندہ فقد ذکر الزیلعی وابن حجر فی تخریج احادیثہا والعینی فی شرح الہدایۃ انہ خبر اخرجہ الدارقطنی فی سننہ عن سوار بن مصعب حدثنا محمد بن شرحبیل عن المغیرۃ بن شعبۃ قال ابن ابی حاتم فی العلل سألت ابی عن حدیث رواہ سوار عن محمد عن المغیرۃ فقال ابی ہذا حدیث منکر ومحمد متروک الحدیث یروی عن المغیرۃ مناکیر واباطیل وذکرہ عبد الحق فی احکامہ من طریق الدارقطنی واعلہ بمحمد بن شرحبیل وقال انہ متروک وقال ابن القطان فی کتابہ سوار

ف کتاب النکاح

مرسلہ مولوی عبید اللہ صاحب معروف بمولوی غلام حسن از شہر سیالکوٹ از مکان آغا محمد شہباز خان اکسٹرا اسسٹنٹ ضلع سیالکوٹ ۱۵ صفر روز چہار شنبہ سنہ ۱۲۹۵ ہجری

اشهر في المتروكين انتهى وذهب جمع منهم الى جواز التزوج بعد اربع سنين وتربص اربعة اشهر وعشرا اخرجه ابن ابي شيبة وعبد الرزاق والدارقطني ومالك في الموطا بطرق متعددة عن عمر بن الخطاب وروى عبد الرزاق عن ابن عمر وابن عباس مثله على ما بسطه ابن حجر والزيلعي وغيرهما وبه قالت المالكية وغيرهم وهو قوي من حيث الدليل واصول الحنفية ايضا تقتضي الافتاء به فان قول الصحابي في ما لا يعقل بالراي في حكم المرفوع عندهم فلا جرم جوز الحنفية ايضا الافتاء به في موضع الضرورة كما في جامع الرموز بعد ذكر مذهب مالك فلو افتى به في موضع الضرورة ينبغي ان لا باس به على ما اظن انتهى وذكر ابن وهبان في منظومته انه لو افتى به في موضع الضرورة يجوز انتهى ومثله في رد المحتار وغيره والله اعلم هذا مختصر الكلام والتفصيل يستدعي بسطا بسيطا في المرام وخير الكلام ما قل ودل حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی ۞ ابو الحسنات محمد عبد الحی

استفتا ۳۶۲ کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ جمعہ کے روز بعد فرض کے چار رکعت آخری ظہر اس نیت سے پڑھے کہ یہ چار رکعت بھی فرض ہے اور جو کوئی اوسکے پڑھنے کو منع کرے یا فرض کہنے کو منع کرے تو اوس منع کرنے والے کو گدھا اور گمراہ اور لامذہب کہے تو اوسکے لیے کچھ گناہ ہے یا نہین بینوا توجروا ۞ **ہو المصوب** اگرچہ اس مسئلہ مین جواز وعدم جواز مین چار رکعت آخری ظہر کے علماء کا بہت سا اختلاف ہے لیکن صاحب رد المحتار نے بعد رد وقدح بہت سے کے پڑھنا آخری ظہر کا خوب تحقیق سے ثابت کیا ہے بلکہ وقت قائم ہونے شک واشتباہ جمعہ کے صحیح ہونے مین واجب لکھا ہے جیسا کہ کہا وبالجملة فقد ثبت انه لا ينبغي الاتيان بهذه الاربع الخ اما عند قيام الشك والاشتباه في صحة الجمعة فالظاهر الوجوب الخ اور واجب عمل مین حکم فرض کا رکھتا ہے اور اطلاق فرض کا بھی اوسپر صحیح ہے جیسا کہ وتر کی نماز عمل مین فرض ہے اور اعتقاد مین واجب کہا صاحب مذکور نے واعلم ان الفرض نوعان فرض علما وعملا وفرض عملا فقط اما الاول كالصلوة الخمس الخ والثاني كالوتر فانه فرض عملا كما ذكرناه

کتاب الصلوة

ف از جہانگر ضلع سلہٹ محلہ تالی کورہ مسجد جامع مرسلہ سید محمد حسن علی صاحب

ولیس بفرض علما الخ تو اس راہ سے اگر ان چارون رکعت واجب کو بھی فرض کہے اور فرض کی نیت سے پڑھے تو درست ہے اور منع کرنا درست نہین ہان اگر فرض علمی و عملی جانے تو منع کرنے والے کو گدھا اور گمراہ اور بلا مذہب کہنا درست نہین کما لا یخفے اور چونکہ نیت مین آخری ظہر کے عوام الناس بلکہ بعضے خواص بھی بہت کچھ اختلاف کرتے ہین اسواسطے لکھتا ہون کہ حق یہ ہے کہ فرض کی نیت سے ادا کرے تا جمعہ صحیح نہونے کی صورت مین ظہر کے فرض سے خلاصی پاوے اور یہی مقتضا دلیلون کا ہے جو اوسمین لکھا ہے و نقل المقدسی عن المحیط کل موضع وقع الشک فی کونہ مصرا ینبغی لہم ان یصلوا بعد الجمعۃ اربعا بنیۃ الظہر احتیاطا حتی لو لم تقع الجمعۃ موقعہا یخرجون عن عہدۃ فرض الوقت باداء الظہر بلکہ تصریح لفظ فرض کی بھی اوسی نے فتح سے نقل کی ہے جیسا کہ کہا ثم نقل المقدسی عن الفتح انہ ینبغی ان یصلی اربعا ینوی بہا آخر فرض ادرکت وقتہ ولم اودہ ان تردد فی کونہ مصرا او تعددت الجمعۃ پس حاصل یہ ہے کہ جس جگہ جمعہ کے صحیح ہونے مین شک واقع ہووے جیسا کہ اکثر دیہات اور قریہ مین بنگالہ کے کہ اوسمین کوئی تعریف مصر کی بخوبی نہین پائی جاتی ہے اور بے ضرورت کے ایک ایک بستی مین دو تین جگہہ خالی ضد یا دل سے جمعہ پڑھتے ہین تو وہان آخری ظہر چار رکعت پڑھنا واجب ہے اور نیت فرض کی بھی کیا چاہیے تاکہ فرض سے ظہر کے خلاصی پاوے اور بہتر یہ ہے کہ بعد فرض جمعہ کے دس رکعت نماز اس ترتیب سے پڑھے کہ چار رکعت سنت بعد الجمعہ کے پھر چار رکعت فرض آخری ظہر کی پھر دو رکعت سنت الوقت کو ادا کرے تاکہ ظہر پورا پورا بلا کم و کاست ادا ہو جاوے اور ہر ایک چار رکعت مین آخری ظہر کے سورہ فاتحہ کے ساتھہ کوئی سورہ بھی ملاوے کیونکہ اگر یہ فرض مین داخل ہوئی تو ضم سورہ سے کچھہ حرج نہین وگرنہ نفل بے سورہ کے درست نہ ہوگا جیسا کہ اوسی رد المحتار مین تصریح کیا ہے قال فی شرح المنیۃ الصغیر والاولی ان یصلی بعد الجمعۃ سنتہا ثم الاربع بہذہ النیۃ ای نیۃ آخر ظہر ادرکتہ ولم اصلہ ثم رکعتین سنۃ الوقت وینبغی ان یقرء السورۃ مع الفاتحۃ فی ہذہ الاربع ان لم یکن علیہ قضاء فان وقعت فرضا فالسورۃ لا تضر وان وقعت

نفلاً فقراءۃ السورۃ واجبۃ فقط واللہ اعلم بالصواب ۔ نمقہ الراجی الی اللہ الصمد محمد عبد الحلیم انعام الدین رحمہ عفا عنہ اللہ الکریم وتجاوز عن سیاٰتہ بفضلہ العمیم ط محمد عبد الحلیم ۱۲۸۴ الجواب صحیح والمجیب نجیح حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا ۲۹۳ کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ خالد نے ایک قطعۂ باغ خواہ قطعۂ اراضی اپنے پاس ولید کے رہن رکہی اور فصل اوس باغ کی یا منافع اراضی کا خالد نے ولید کو بعوض اوس روپیہ کے بحل اور مباح کر دیا ہے پس ایسا منافع جائز ہے یا نہین ہے اگر نہین ہی تو کیون نہین ہے بینوا توجروا

ہو المصوب ایسا منافع ناجائز ہے حواشی درمختار للطحطاوی مین ہے فی شرح الملتقی انہ یحرم الانتفاع بلا اذن وبہ ای بالاذن یکرہ کما فی المضمرات وغیرہا انتہی اور بہی اوسمین ہے والغالب من احوال الناس انہم انما یریدون عند الدفع الانتفاع ولولاہ لما اعطاہ الدرہم وہذا بمنزلۃ الشرط لان المعروف کالمشروط وہو مما یعین المنع انتہی اس سے معلوم ہوا کہ اگر راہن اجازت نہ دے تو نفع لینا مرتہن کو حرام ہی اور اگر اجازت دے تو مکروہ تحریمی ہے خصوصاً جبکہ مشروط ہو یا حکم مشروط مین ہو جیسا کہ اس زمانہ مین دستور ہے کہ بعض تو ایسے معاملہ کے وقت راہن سے شرط اون کی کر لیتے ہین اور رہن نامہ مین لکہوا لیتے ہین اور بعض اگرچہ بظاہر شرط نہین کرتے ہین لیکن مقصود اونکو یہی ہوتا ہے یہانتک کہ اگر اون کو یہ معلوم ہو کہ راہن اجازت منافع و فصل وغیرہ کی نہ دے گا تو کبہی رہن نہ لیوین یہہ صورت حکماً مشروط کی ہے اور حدیث مین بہی ایسی صورت سے ممانعت وارد ہے تاریخ بخاری مین حضرت انس سے مروی ہے قال قال رسول اللہ صلعم اذا اقرض احدکم فلا یاخذ ہدیۃ کذا فی اغاثۃ اللہفان اور بہی اوسمین ہے فی صحیح البخاری عن ابی بردۃ عن ابی موسی قال قدمت المدینۃ فلقیت عبد اللہ بن سلام فقال لی انک بارض الربا فیہ فاش فاذا کان لک علی رجل حق فاہدی الیک حمل شعیر فلا تاخذہ فانہ ربا وجاء ہذا المعنی عن ابن مسعود وابن عباس وابن عمر انتہی اور مصنف ابن ابی شیبہ مین

ف کتاب الرہن
از کاکوری مرسلہ مولوی محمد عبد السمیع صاحب مورخہ ۲۱ ۔ صفر روز چارشنبہ ۱۲۹۶ ہجری

عطار سے مروی ہے کانوا ای الصحابۃ یکرہون کل قرض جر منفعۃ آور مسند حارث بن اسامہ مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کل قرض جر نفعا فہو ربا انتہی ان احادیث سے اور اقوال صحابہ سے معلوم ہوا کہ قرض دینے والے کو کسیطرح کا ہدیہ قبول کرنا اوس شخص کا جسنے قرض لیا ہے یا اوس سے کسیطرح کی منفعت حاصل کرنا مکروہ تحریمی ہے اگرچہ برضا و رغبت اوس شخص کے ہو آور یہہ جو بعض کتب حنفیہ مین مرقوم ہے کہ نفع لینا مرتہن کو باذن راہن جائز ہے اوس سے مراد یہ ہے کہ جب اذن خالص ہو شائبہ اوسمین شرط کا نہو نہ عبارت مین اور نہ خاطر مین اور جب دل مین خیال آگیا جیسا کہ اس زمانے مین ہے تو وہ حکم ربا مین داخل ہوگیا علاوہ ازین جیسے ایک جماعت فقہا کی اذن کے صورت مین جائز رکھتے ہے ایک جم غفیر فقہا کی منع بہی کرتی ہے عبارت طحطاوی کی اسپر شاہد ہے اور تنقیح فتاوی حامدیہ مین ہے لیس للمرتہن ولا للراہن ان یزرع الارض ولا یواجرہا لانہ لیس لہما الانتفاع بالرہن انتہے آور قنیہ مین جامع التفاریق سے منقول ہے عن ابی یوسف المرتہن سکن الدار باذن الراہن یکرہ انتہے آور مجمع البرکات مین ہے الحاصل ان المرتہن لا ینتفع بالرہن سواء اذن لہ الراہن اولم یاذن وفی التہذیب یکرہ للمرتہن الانتفاع بالرہن وان اذن لہ الراہن کذا فی المعدن انتہے آور حواشی اشباہ مین ہے فی الجامع لمجد الائمۃ عن عبد اللہ محمد بن اسلم انہ لا یحل لہ ان ینتفع بشئی منہ وان اذن لہ الراہن لانہ اذن فی الربا لانہ یستوفی دینہ فیکون المنفعۃ ربا انتہی آور اشباہ مین ہے یکرہ للمرتہن الانتفاع بالرہن باذن الراہن انتہے اور زیادہ تحقیق اس مسئلہ کی میرے رسالہ الفلک المشحون فیما یتعلق بانتفاع المرتہن بالمرہون مین موجود ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۶۴ استفتا

کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ زید نے ایک قطعہ کنوئے اپنا پاس عمرو کے اس غرض سے رکھدیا ہے کہ عمرو منافع اوسکا زید کو دیا کرے پس یہ منافع جائز ہے یا نہین اگر نہین ہے تو کیون کیا یہ بہی داخل سود ہے بینوا توجروا ہو المصوب

کتاب الرہن

ف تحریر تاریخ ۲۹ صفر روز چارشنبہ ۱۲۹۶ ہجری

یہ منافع صریح سود اور حرام ہے اس سبب سے کہ نوٹ اگرچہ بظاہر کاغذ ہے لیکن بسبب استعمال وہ روپیہ ہے اسی وجہ سے اگر کسی کا نوٹ مثلاً دس روپیہ کا ہلاک ہو گیا تو مالک دس روپیہ ہلاک کرنے والے سے بھر لیتا ہے نہ قیمت اوسقدر کاغذ کی کہ شاید دو ایک پیسا ہو پس نوٹ کا رکھنا بعینہ روپیہ کا رکھنا ہے اور اوس سے منافع لینا حرام قطعی ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۵ استفتا ۲۶۵ انقلاب نحاس وغیرہ بطرف ذہب وفضہ کہ نتیجہ علم کیمیاست ممکن است یا نہ بینوا توجروا **ہو المصوب** علمائے حکمت درین باب اختلاف دارند بعضے مثل شیخ رئیس وغیرہ قائل بامتناع گشتہ اند لیکن دلیلے قوی کہ مفید استحالہ باشد ازو شان نیست وجمعی از ایشان قائل بامکان اند وادلۂ امتناع را از بیخ برکندہ اند در کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون می نویسد حاصل ما ذکرہ ای اللہ فدی فی شرح لامیۃ العجم ان الناس فیہ علی طریقین فقال کثیر منہم ببطلانہ منہم الشیخ الرئیس ابن سینا ابطلہ بمقدمات من کتاب الشفاء والشیخ تقی الدین ابن تیمیۃ صنف رسالۃ فی الکیمیا فی انکارہ وصنف یعقوب الکندی ایضا رسالۃ فی ابطالہ لکنہم لم یوردوا شیئا یفید الظن لامتناعہ فضلا عن الیقین وذہب آخرون الی امکانہ منہم الامام الرازی فانہ فی المباحث المشرقیۃ عقد فصلا فی بیان امکانہ والشیخ نجم الدین بن ابی الدار البغدادی رد علی الشیخ ابن تیمیۃ وزیف ما قالہ فی رسالتہ ورد ابو بکر محمد بن زکریا الرازی علی یعقوب الکندی واستدل الامام فی الملخص علی امکانہ فقال الامکان العقلی ثابت لان الاجسام مشترکۃ فی الجسمیۃ فوجب ان یصح علی کل واحد ما یصح فی الآخر وحکی ابن ماجۃ الاندلسی فی بعض تالیفہ عن الشیخ ابی نصر الفارابی انہ قال قد بین ارسطو فی کتابہ من المعادن ان صناعۃ الکیمیا داخلۃ تحت الامکان الا انہا من الممکن الذی یعسر وجودہ بالفعل انتہی ملخصا واکثر از ارباب شرع ہم قائل بامکان ہستند ابن حجر مکی ہیتمی در تحفۃ المحتاج شرح منہاج در باب الانجاس می نویسد اختلف فی انقلاب الشیء عن حقیقتہ کالنحاس الی الذہب فقیل نعم لانقلاب العصا ثعبانا حقیقۃ والا لبطل الاعجاز وقیل لا لان قلب الحقائق محال والحق الاول انتہی

کتاب الفوائد

از سہارنپور مرسلہ مولوی محمد یحیی الہ آبادی بحیات صاحب تاریخ ۲۶ صفر روز چہارشنبہ سنہ ۱۲۹۶ ہجری

ملخصا و نیز می نویسند کثیرا ما یسأل عن تعلم علم الکیمیا وحله ولم نر لاحد کلاما فی ذلک والذی یظهر انه یبتنی علی ہذا الخلاف فعلی الاول من علم العلم الموصل لذلک القلب علما یقینیا جاز له علمه وتعلیمه اذ لا محذور فیه بوجه وان قلنا بالثانی او لم یعلم الانسان ذلک بالعلم الیقینی وکان ذلک وسیلة الی الغش فالوجه الحرمة انتہی ملخصا و در رد المحتار حاشیہ در مختار بعد نقل این عبارت می نویسد حاصله انا اذا قلنا باثبات قلب الحقائق وہو الحق جاز العمل به وتعلمه الا لمن یغش لان النحاس ینقلب ذہبا او فضة حقیقة وان قلنا انه غیر ثابت لا یجوز لانه غش کما لا یجوز لمن لا یعلم حقیقة لما فیه من اتلاف مال المسلمین او غش المسلمین والظاہر ان مذہبنا ثبوت انقلاب الحقائق بدلیل ما ذکروہ فی انقلاب العین فی النجاسة کانقلاب الخمر خلا والدم مسکا ونحو ذلک انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی ط

محمد عبد الحی ابو الحسنات

مورخہ غرہ ربیع الاول روز پنجشنبہ ۱۲۹۵ ہجری مرسلہ مولوی ابو الخیر مکی از جونپور

کتاب الصلوۃ

استفتا ۲۶۶ نماز مین ارسال یدین کی حدیث وارد ہوئی ہے یا نہین ط **ہو المصوب** بعض روایات مین ارسال وارد ہوا ہے طبرانی نے معاذ رض سے روایت کی ہے ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا کان فی الصلوۃ رفع یدیه قبال اذنیه فاذا کبر ارسلهما اور ابن ابی شیبہ نے عمرو بن دینار سے روایت کی ہے قال کان ابن الزبیر اذا صلی ارسل یدیه لیکن جمہور کے نزدیک اس ارسال سے مراد وہ ارسال ہے کہ قبل وضع کے اور بعد تکبیر تحریمہ کے کسیقدر ارسال مستحب ہے اور تمام قیام مین صرف ارسال نہین ثابت ہے اور شیخ دہلوی فتح المنان فی تائید مذہب النعمان مین لکھتے ہین مذہب مالک ارسال الیدین وہو عزیمة عنده والوضع رخصة والعجب انه لا یوجد حدیث یتمسک به لا فی جامع الاصول الذی جمع احادیث الکتب ومنها الموطا ولا فی الجامع الکبیر وجمع الجوامع للسیوطی وقد ادعی احاطة الاحادیث وجمعها من نحو خمسین کتابا لا من روایة مالک ولا من روایة غیره انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی ط

کتاب الاکل والشرب

استفتا ۲۶۷ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لحم بقر کا کھایا ہے یا نہین ط **ہو المصوب** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بقر کو ذبح کرنا اپنے ازواج کی

ملخصاً و نیز می نویسند کثیرا ما یسأل عن تعلم علم الکیمیا و حلہ ولم نر لاحد کلاما فی ذلک والذی یظہر انہ یبتنی علی ہذا الخلاف فعلی الاول من علم العلم الموصل لذلک القلب علما یقینیا جاز لہ علمہ و تعلیمہ اذ لا محذور فیہ بوجہ وان قلنا بالثانی او لم یعلم الانسان ذلک بالعلم الیقینی وکان ذلک وسیلۃ الی الغش فالوجہ الحرمۃ انتہی ملخصاً و در رد المحتار حاشیۂ درمختار بعد نقل این عبارت می نویسد حاصلہ انا اذا قلنا باثبات قلب الحقائق وہو الحق جاز العمل بہ و تعلمہ لانہ لیس بغش لان النحاس ینقلب ذہبا او فضۃ حقیقۃ وان قلنا انہ غیر ثابت لا یجوز لانہ غش کما لا یجوز لمن لا یعلمہ حقیقۃ لما فیہ من اتلاف مال المسلمین او غش المسلمین والظاہر ان مذہبنا ثبوت انقلاب الحقائق بدلیل ما ذکروہ فی انقلاب العین فی النجاسۃ کانقلاب الخمر خلا والدم مسکا ونحو ذلک انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا ۲۶۶ کیا ارسال یدین کی حدیث وارد ہوئی ہے یا نہیں

ہو المصوب بعض روایات میں ارسال وارد ہوا ہے طبرانی نے معاذ رض سے روایت کی ہے ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا کان فی الصلوۃ رفع یدیہ قبال اذنیہ فاذا کبر ارسلہما اور ابن ابی شیبہ نے عمرو بن دینار سے روایت کی ہے قال کان ابن الزبیر اذا صلی ارسل یدیہ لیکن جمہور کے نزدیک اس ارسال سے مراد وہ ارسال ہے کہ قبل وضع کے اور بعد تکبیر تحریمہ کے کسیقدر ارسال مستحب ہے اور تمام قیام میں صرف ارسال نہیں ثابت ہے اور شیخ دہلوی فتح المنان فی تائید مذہب النعمان میں لکھتے ہیں مذہب مالک ارسال الیدین وہو عزیمۃ عندہ والوضع رخصۃ والعجب انہ لا یوجد حدیث یتمسک بہ لا فی جامع الاصول الذی جمع احادیث الکتب ومنہا الموطا ولا فی الجامع الکبیر وجمع الجوامع للسیوطی وقد ادعی احاطۃ الاحادیث وجمعہا من نحو خمسین کتابا لا من روایۃ مالک ولا من روایۃ غیرہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۲۶۷ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لحم بقر کا کھایا ہے یا نہیں

ہو المصوب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بقر کو ذبح کرنا اپنے ازواج کی

مورخہ غرہ ربیع الاول روز پنجشنبہ ۱۲۹۰ ہجری مرسلہ مولوی ابو الخیر مکی از جونپور

کتاب الصلوۃ

کتاب الاکل والشرب

طرف سے حجۃ الوداع مین اور آپ کے ازواج کے پاس اوس گوشت کا آنا صحیح مسلم و صحیح بخاری وغیرہ مین موجود ہے اور کہانا آپکا صراحۃً کسی روایت مین نظر سے نہین گذرا اور شیخ دہلوی نے مدارج النبوۃ مین لکہا ہے وخوردہ است آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم لحم شاۃ را وخوردن لحم بقر بخصوص معلوم نشدہ جز آنکہ در حدیث آمدہ است کہ آنحضرت قربانی کرد از ازواج مطہرۃ خود گاوی را وظاہر آنست کہ ازان خود ہم خوردہ باشد انتہے - اور صحیح مسلم مین آخر کتاب الزکوۃ مین حضرت عایشہ سے مروی ہے قالت اتی النبی صلے اللہ علیہ وسلم بلحم بقر فقیل ہذا ما تصدق بہ علے بریرۃ فقال ہو لہا صدقۃ ولنا ہدیۃ انتہے اس سے ظاہرا معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے تناول فرمایا اور محتمل ہے کہ آپ نے خود نہ کہایا ہو ازواج کو دیدیا ہو واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ھ

کتاب العقائد

از مقام جام پور ضلع ڈیرہ غازی خان ملک پنجاب مرسلہ مولوی تاج محمود صاحب تاریخ ۲۳ ربیع اول سنہ ۱۲۹۷ ہجری

استفتا ۲۶۸

ما قولکم رحمکم اللہ تعالے درین مسئلہ کہ عادت عوام این دیار ست کہ در وقت مصیبت وحاجت از دور و بعید انبیا علیہم السلام یا اولیاے کرام را بطریق استمداد می خوانند واعتقاد میدارند کہ ایشان حاضر و ناظر اند در ہمہ حال و ہر وقت کہ ما مردم ایشان را مے خوانیم مطلع گشتہ در انجاح مقاصد دعا میکنند این صورت جائزست یا نہ بینوا توجروا۔

الجواب وہو الموفق للصواب صورت مذکورہ حرام بلکہ شرک صریح است چہ این صورت متضمن اعتقاد علم غیب ست براے غیر او تعالے واعتقاد مذکور شرک صریح ست بیانش آنکہ شرک در شرع عبارت ست از شریک گردانیدن غیر او تعالے شانہ در ذات یا صفات مختصہ یا عبادت وی عز وجل وعلم غیب از صفات مختصہ بوے سبحانہ وتعالے است کما ہو مصرح فی کتب العقائد لا نطول بذکر العبارات کلہا بل نقتصر علی نقل عبارۃ علی القاری فی شرح الفقہ الاکبر وہی ہذہ - وبالجملۃ العلم بالغیب امر تفرد بہ سبحانہ وتعالے ولا سبیل الیہ للعباد الا باعلام منہ والہام بطریق المعجزۃ والکرامۃ وارشاد الی الاستدلال بالامارات فیما یمکن فیہ ذلک ولہذا ذکر فی الفتاوی ان قول القائل عند رویۃ حالۃ القمر ای دائرتہ یکون مطر ادعیا علم الغیب لا بعلامۃ کفر وذکر الحنفیۃ تصریحا بالتکفیر باعتقاد ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم

یعلم الغیب لمعارضة قوله تعالی قُلْ لَا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰهُ کذا فی المسایرة انتہی ملخصا و درین جز و زمان رسائل متعددہ درین باب تالیف شدہ و فتویہا نوشتہ آمد من شاء الاطلاع علی الدلائل فلیرجع الیها واللّٰه اعلم وعلمه اتم ـ کتبه محمد بشیر عفا اللّٰه عنه

صح الجواب عبد الصمد پشاوری ـ صح الجواب ذو الفقار ـ صح الجواب سید محمد سیوانی

هو المصوب فی الواقع ہمچو اعتقاد کہ حضرات انبیا و اولیا ہر وقت حاضر و ناظر اند و بہمہ حال بر ندا را مطلع میشوند اگرچہ از بعید باشد شرک است چہ این صفت از مختصات حق جل جلاله است کسی را دران شرکت نیست در فتاوی بزازیہ مینویسد تزوج بلا شهود وقال خدای و رسول خدای و فرشتگان را گواہ کردم یکفر لانه اعتقد ان الرسول والملک یعلمان الغیب انتہی و نیز در بزازیہ است و عن ہذا قال علماؤنا من قال ان ارواح المشائخ حاضرة تعلم یکفر انتہے واللّٰه اعلم حررہ الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللّٰه عن ذنبه الجلی والخفی ۵

کتاب الطلاق

مرسلہ مولوی محمد خدا بخش صاحب مدرس رانچی ضلع لوہردگا تاریخ ۲۳ - ربیع اول سنہ ۱۲۹۶ ہجری

۱۲۹ **استفتا** مشتمل بر چہار مسئلہ **مسئلہ اول** طلاق لغت عربی ہی معنی اسکے چھوڑ دینے کے ہین پس اس صورت مین اگر کوئی زوج اپنی زوجہ کو بلغت ہندی کہے کہ ہمنے تجکو چھوڑ دیا اور پھر زوج عرصہ سال یا دو سال تک نان نفقہ یا اور کسی طور سے پرسان حال زوجہ مذکورہ کا نہو تو ایسی حالت مین زوجہ پر طلاق واقع ہوگا یا نہین **مسئلہ دوم** جبکہ زوج نے اپنی زوجہ کو گھر سے اپنے نکال دیا اور آپ سفر دور و دراز چلا گیا اور زوجہ اپنے ماں باپ کے گھر چلی آئی اور عرصہ دو سال یا زیادہ گذر گیا زوج کبھی پرخاش و پرسان حال نان نفقہ یا خط کتابت سے زوجہ کا نہوا پس آیا ایسی حالت مین زوجہ کے والدین کو اختیار ہوگا کہ نکاح کو جو کہ زوج مذکور سے ہوا ہے فسخ کرکے اپنی لڑکی کا نکاح کسی دوسرے مرد سے کردیوین یا نہین بینوا توجروا **مسئلہ سوم** زن منکوحہ اپنے خاوند کے گھر سے نکل جاوے اور بار عام زنا ہر ایک کے ساتھہ کرتی ہو اور یہی سبا شعار ہو یہہ بات بخوبی ہر کس خورد و کلان پر بلکہ اوسکے زوج پر معروف و معلوم ہو جاوے اور اسکو عرصہ پانچ سات برس کا گذر جاوے زوج مذکور کو زن زانیہ سے کچھہ سروکار نہین ہو اگرچہ زوج مومی الیہ طلاق دینے سے انکار کرتا ہو تو ایسی حالت مین زن مومی الیہ مطلقہ ہوگی یا نہین اور مستحق دین مہر پانے کی ہوگی یا نہین **مسئلہ چہارم** جبکہ زن منکوحہ بلا اجازت شوہر کے

گھر سے شوہر کے نکل کر اپنے ماں باپ کے گھر یا ایک قریہ سے دوسرے قریہ [illegible]
ایسی حالت میں دین مہر و جہیز مذکورہ کا جو کہ اوپر ذمہ زوج اوسکے قرض ہے [illegible] ہوگا یا
نہیں **ھو المصوب** جواب سوال اول اس لفظ سے کہ [illegible]
طلاق کے ہیں طلاق واقع ہو جاوے گا۔ جواب سوال دوم اس صورت میں نکاح دوسرا [illegible]
ہو سکتا جب تک کہ شوہر طلاق نہ دیوے۔ جواب سوال سوم ایسی حالت میں بغیر طلاق [illegible]
شوہر کے زن مطلقہ نہوگی اور مہر اوسکا شوہر پر واجب الادا ہوگا۔ جواب سوال چہارم ایسی
حالت میں نان و نفقہ عورت کا اوس شوہر سے ساقط ہو جاوے گا لیکن دین مہر ساقط نہ ہوگا
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہیں علمای محققین اس مسئلہ میں کہ اگر کوئی شخص [illegible]
علیہ صلوۃ اللہ الاکبر کی لغت میں معلم [illegible] لکھے تو معنی طلاق کیا ہو سکتے [illegible]
لیے جاویں تو لفظ معلم [illegible] شیر [illegible] اور [illegible]
مرتکب کسی گناہ کا یا داخل کسی سود او [illegible] ہو سکتا ہے یا نہیں [illegible] **ھو المصوب** اس
لفظ کے یہ معنے ہو سکتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]
تعلیم کیا یا [illegible] اس لفظ کا اطلاق [illegible] ہوگا مگر احتمال [illegible] کا [illegible]
ارتکاب [illegible] تعلیم کی [illegible] طلاق ایسے لفظ کا خالی سوء ادب سے نہیں واللہ اعلم حررہ الراجی عفو
ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہیں
علمای شرع شریف اس مسئلہ میں کہ کوئی عورت انگریز [illegible] کے بیان سے [illegible]
[illegible] معلوم ہوتا ہے الا اس [illegible] پابندی کا [illegible]
[illegible] واقف کو شبہ میں ڈال سکتی ہیں اور مرد [illegible]
[illegible] اور [illegible] چیزوں کا [illegible] ہو سکتا [illegible]
[illegible] شرع [illegible] **ھو المصوب** جس [illegible] اگر [illegible]
[illegible] واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ
الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین [illegible] اس مسئلہ میں کہ [illegible]

متیمم کے پیچھے بحالت عذر یہ درست ہے اسیطرح نماز غاسل کی جنب متیمم کے پیچھے درست ہے یا نہیں ؟ **هو المصوب** درست ہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؟ **استفتا** ۲۷۳ کیا فرماتے ہیں علمای دین ان مسلوں میں ۱ شیعہ کو کافر کہنا چاہیے یا نہیں ؟ ۲ حضرت کو دافع البلا کہنا چاہیے یا نہیں ؟ ۳ جو شخص کہ خلاف لا تقربوا الزنا و لا تقتلوا النفس الخ کرے اوسکو کافر کہنا چاہیے یا نہیں ؟ **هو المصوب** جو شیعہ کہ منکر ضروریات دین ہیں وہ کافر ہیں اور صرف تبرا سے شیعہ کافر نہیں ہیں اور جو شخص لا تقربوا الزنا وغیرہ کے خلاف کرے وہ کافر نہیں فاسق ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دافع البلا بایں معنے کہنا کہ آپ کے ذریعے سے بلا دفع ہوتی ہی درست ہی اور بایں معنے کہ آپ خود استقلالاً دفع کرتے ہیں نہیں درست ہی ایسے الفاظ سے کہ موہم معنی غیر مشروع کو ہو دین اجتناب اولی ہی الفاظ تعریفات صحیحہ شرعیہ منقولہ کا حکم نہیں ہیں واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۲۷۴ چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئلہ اہل تشیع چہ باشندگان لکھنو و چہ ساکنان جوار لکھنو آنانکہ فی زماننا موجود ہستند طعام خانہای شان و ذبیحہ دست آنہا جائز است یا نہ بینوا توجروا۔ دیگر زید بحالت غفلت و جاہلیت زنا کرد زان بعد بہوش آمدہ و متوجہ بخدا و در دلش پیدا شد توبہ کردہ درین حالت بباعث توبہ نمودن زید از جرم زنا بری شد یا نہ بینوا توجروا ؟ **هو المصوب** شیعہ کہ منکر ضروریات دین اند مثل آنانکہ علی رضی را خدا میگویند و ہمچنین آنانکہ قذف حضرت عائشہ رض مینمایند کافر اند ذبیحہ شان ناجائز و آنانکہ چنان نیستند اگرچہ سب شیخین مینمایند کافر نیستند بلکہ فاسق ذبیحہ شان درست است و جرم زنا از توبہ نصوح معاف میشود واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؟

استفتا ۲۷۵ **سوال** چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین باب زید بابت قرضہ یکصد روپیہ از آن خود بنام بکر دعوی بعدالت نمود و زمان دوران مقدمہ بست و پنج روپیہ خرچہ اسٹامپ و محنتانہ وکیل وغیرہ از زید را ادائی افتاد بوقت ڈگری زر اصل و خرچہ جملہ یکصد و بست و پنج روپیہ مندرج ڈگری گردید پس زید را صرف یکصد روپیہ اصل گرفتن جائز است یا زر خرچہ ہم بینوا توجروا ؟ **هو المصوب** زر خرچہ گرفتن شرعاً جائز نیست واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

کتاب البیوع

ف مرسلہ شیخ محمد حبیب الحق صاحب از ہولالپور قاضی پرگنہ نوابگنج ضلع گونڈہ ۲۳ ربیع اول سنہ ۱۲۹۷ ہجری

۲۷۴ **استفتا سوال اول** تجارت چرم ذبیحہ وغیر ذبیحہ بلا دباغت درست ہے یا نہین حسب الارشاد ہر چہار امام رحمۃ اللہ علیہم ارشاد فرماوین **سوال دوم** تجارت غلہ کیونکر حلال ہے اور کس صورت مین اطلاق حرمت ہے **سوال سوم** بہت خرید غلہ روپیہ کا دینا قبل درو زراعت کے بعد طے وزن کے درست ہی یا نہین **سوال چہارم** زید نے بکر کو دو روپیہ دیئے اور غلہ کا دینا بروقت درو زراعت کے بہ تعیین وزن وقت معین قرار پایا یا کہ بلا تعیین وزن بوقت معین نرخ بازار قرار پایا اگر زید کو غلہ نہین ملا اور بعد درو زراعت غلہ بھی کم وزن معینہ سے فروخت ہوا تو زید نے اوسی حساب سے دو روپیہ کا تین خواہ چار بدنگی بکر ٹھہرا کر اوسکا مطالبہ کیا اس صورت مین اطلاق حلت ہے یا حرمت بینوا توجروا **ہو المصوب** تجارت چرم کی بغیر دباغت کے حرام ہی اور تجارت غلہ ہر طور سے درست ہی جبتک کہ کوئی معاملہ خلاف شرع نہو اور واسطے خرید غلہ کے قبل زراعت کے روپیہ دینا درست ہی مگر طے کرنا وزن کا اور بیان کرنا جنس و وصف غلہ کا ضرور ہی اور بدون تعیین وزن کے اس طور پر کہ جو نرخ بازار ہوگا لینگے نہین درست ہی اور جس صورت مین کہ روپیہ دینے والے کو غلہ نہین ملا اوسکو صرف اپنا روپیہ واپس کر لینا درست ہی یا اوسقدر غلہ لینا جو وزن مقرر ہو گیا ہو زیادہ کم نہین درست ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

کتاب الدعوے

ف مرسلہ شیخ محمد منور صاحب از بہرائچ ۲۳ ربیع اول سنہ ۱۲۹۷ ہجری

۲۷۵ **استفتا سوال** چیست حکم شرع کہ شیخ بشارت اللہ چہار پسران مسمی منور و پیر محمد و امان علی و زور آور گذاشت وہیچ ترکہ جدی و کسبی نگذاشت مسمیان مذکور بعد وفات پدر جدا جدا بود و باش ساختند شیخ منور از قوت بازوی خود زرے پیدا کردہ سامان کشت کاری و ٹھیکا داری ساخت و برادران خود را یکجا ساختہ شریک خورد و نوش گردانید پیر محمد و زور آور بعد چندے علیحدہ شدند امان علی از سنہ ۱۲۶۴ فصلی تا سنہ حال شریک حال ماندہ باتفاق پسران منور کشتکاری و زراعت میکردند اندرین مدت آنچہ فائدہ و منافع گردید ازان شیخ منور در شادی برادر خود مسمی امان علی و تقریبات پسران خود صرف کرد حالا بسبب ناموافقت باہمی امان علی علیحدہ شدہ دعوی تقسیم جائداد موجودہ از قسم نقد و جنس و اثاث البیت مع زیور و اسباب جہیز زوجہای پسران منور میکنند پس شرعاً جائز ست یا نہ و اگر جائز ست چہ قدر امان علی را میرسد بینوا توجروا

ہوالمصوب درین صورت چونکہ اصل مال پیدا کردہ شیخ منورست امان علی را دران حصہ نیست مگر بقدر محنت و اعانت در کاشتکاری وغیرہ امان علی مستحق اجر مثل خواہد بود واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

ف کتاب الحظر والاباحۃ

استفتا ۲۷۸ بعالی خدمت علمای دین و مفتیان شرع متین اینکہ کسے نام خود کہ ہدایت علی میداشت بایہام اسمای شرکیہ تبدیل نمودہ ہدایت العلی نہاد شخصے بران معترض شد کہ لفظ ہدایت مشترک ست بین معنیین ارائۃ الطریق والایصال الی المطلوب وہذا لفظ علی بغیر الف و لام مشترک ست بین اسماء الٰہیہ و حضرت علی کرم اللہ وجہہ مجیب گفت کہ درین صورت تائید اثبات مدعای من ست چہ ہرگاہ لفظ ہدایت و علی مشترک شد بین معنیین پس برین تقدیر چہار احتمال متحقق میشوند یکی ازان از ہدایت معنی اول و از علی اللہ جلشانہ دوم از ہدایت معنی ثانی و از علی جل جلالہ سیوم از ہدایت معنی اول و از علی حضرت علی کرم اللہ وجہہ چہارم از ہدایت معنی ثانی و از علی حضرت علی پس سہ احتمال اول خالی از ممانعت شرعیہ ہستند البتہ احتمال رابع خالی از ممنوعیت نیست چہ در جملہ اسمای شرکیہ مفہوم میشود پس ہر اسم کہ دائر شود بین اسماے شرکیہ و عدمہ احتراز ازان لابدیست بلکہ واجب کما ہو ثابت واگر کسی بر اسم متنازع فیہ قیاس نمودہ بر عبدالنبی شرک ثابت کند و یا با علی الغنی ممانعت نماید آیا اعتراض معترض و قیاس او صحیح است یا نہ و بر تقدیر صحت اعتراض تائید کلام مجیب قرار می یابد یا چنانکہ معترض حسب تصور فرمودہ اند بینوا توجروا **ہوالمصوب** لفظ علی کہ از اسمای الٰہیہ ست الف لام بران زائد میشود و یا براے تعظیم چنانکہ در الفضل والنعمان وغیرہ رضی در شرح کافیہ می نویسد وقد یزاد اللام فی العلم وقال الکوفیون قد یکون اللام للتعظیم کما فی اللہ وفی الاعلام ولا یعرفہا البصریون انتہی ملخصا و ابن مالک در الفیہ و شراح الفیہ در اعلام زیادت لام ذکر کردہ بہ الفضل ونحو ذلک ممثل کردہ اند و علے کل تقدیر لام بر اسماے الٰہیہ سواے لفظ اللہ جز بر علم نیست و بر لفظ علی کہ از اسماے مرتضے رضا ست لام داخل نمیشود و بحر العلوم در حواشی میر زاہد ملا جلال مینویسند دخول اللام علے الاعلام فصیح سوے لفظۃ محمد علی مسماہ الصلوۃ والسلام وسوے لفظ علی رضی اللہ عنہ عن مسماہ انتہے بنا برعلیہ ہدایت العلی اولے ست از ہدایت علی چہ در اولے اشتباہ اضافت ہدایت بسوے

علی مرتضے رضنیست و در صورت ثانیہ بسبب اشتراک لفظ ہدایت بحسب استعمال و اشتراک
لفظ علی اشتباہ امر ممنوع موجود و در اسامی از ہمچو اسم کہ ایہام مضمون غیر مشروع سازد احتراز
لازم بہمین سبب علما از تسمیہ بعبد النبی وغیرہ منع ساختہ اند واما در عبد اللہ وغیرہ ہیچ
ایہام امر غیر مشروع نیست بل ہو احب الاسماء الی اللہ علی ما ورد بہ الحدیث فی الصحیحین
ور یا علی ہرگاہ مقصود ندا پروردگار باشد نزاعی نیست واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ
القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [۲۷۹] استفتا زید نے اپنی
عورت مدخولہ سے کہا لفظ واحد مین طلاق ہی طلاق ہی طلاق ہی تب اوس سے پوچھا کہ تمنے
کتنے طلاق دی ہین تب اوس نے جواب دیا کہ صرف ایک طلاق کی تاکید مین باقی
لفظون کو مینے ادا کیا ہے اب اوسکی عورت پر کی طلاق واقع ہوئی ۲ ہو المصوب اس
صورت مین اوسکی تصدیق فیما بینہ وبین اللہ کیجاویگی لیکن قاضی اسکو تسلیم نکریگا در مختار مین
ہی کرر لفظ الطلاق وقع الکل وان نوی التاکید دین انتھی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو
ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [۲۸۰] استفتا زید کو
عمرو فریباً اپنے مکان کے اندر لیگیا چند آدمیون کو بلا کے زید سے اوسکی بی بی کو جبراً
تین طلاق دلوا لئے بلکہ عمرو کے مددگار اور عمرو لاٹھی لیکر آمادہ ہوے کہ اگر ذرہ طلاق
دینے مین انکار کیا تو فوراً مار ڈالین گے بعد طلاق دینے کے رہا کیا چونکہ زید اور اوسکی
بی بی سے نہایت الفت ہی جدائی از حد محال ہی بضرورت بہ تقلید مذہب شافعی نکاح
جائز ہی یا نہین بینوا توجروا ہو المصوب عند الضرورۃ الشدیدۃ تقلید مذہب شافعی
درست ہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی
[۲۸۱] استفتا ایک شخص کی چار بیبیان ہین ایک مکان مین چارون موجود ہین دروازہ بند تھا
شوہر نے باہر سے پکارا کسی بی بی نے اندر سے جواب دیا اور جواب دیکر خاموش ہو گئی
صبح کو مرد نے کہا کہ جس بی بی نے جواب دیا اوسکو تین طلاق ہین عورتون سے پوچھا کہ
کس نے جواب دیا ہی ہر ایک نے انکار کیا اب کس پر طلاق واقع ہوا بینوا توجروا
ہو المصوب اس صورت مین سب سے وطی کرنا بسبب اشتباہ کے حرام ہی جبتک

فی کتاب الطلاق

[illegible]

فی کتاب التقلید
مرسلہ مولوی محمد خیرات علی صاحب

فی کتاب الطلاق
ایضاً مرسلہ مولوی محمد خیرات علی صاحب

بہنیت مطلقہ کی معلوم نہوا اشباہ مین ہی الاصل فی الابضاع التحریم فاذا تقابل فی المرأة حل وحرمة غلبت الحرمة ولہذا لایجوز التحری فی الفروج واذا طلق احدی نسائہ بعینہا ثلاثا ثم نسیہا تو کہ لکہا ان بینہن کلہن الا واحدة لم یسعہ ان یقربہا حتی انہا غیر المطلقة انتہی ملخصاً اور بہی اوسی مین دوسرے مقام مین ہی لو اختلطت زوجتہ بغیرہا فلیس لہ الوطی ولا بالتحری انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

ف کتاب الصلوة

ایضاً مرسلہ مولوی محمد [illegible] صاحب

استفتا ۲۸۲ جسکے ہاتہہ پاؤن اعضاء وضو سے کٹے ہون اوسکی نماز کیونکر درست ہے بینوا توجروا ہو المصوب جو عضو اعضاء وضو سے بالکل کٹا ہوا اوسکو دہونا وضو مین اوس شخص سے ساقط ہی بقیہ اعضا کو دہولے اور نماز پڑہے بحر الرائق مین ہی لو قطعت یدہ اور جلہ فلم یبق بین المرفق والکعب شئی سقط الغسل ولو بقی وجب انتہی اور درمختار مین ہی مقطوع الیدین والرجلین اذا کان بوجہہ جراحة یصلی بغیر طہارة انتہی اوسکے حاشیہ رد المحتار مین ہے قولہ مقطوع الیدین ای من فوق المرفقین والکعبین والا مسح محل القطع قولہ اذا کان بوجہہ جراحة والا مسحہ علی التراب ان لم یمکن غسلہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

ف کتاب الحظر والاباحة

مرسلہ مولوی محمد اسحٰق صاحب از صاحب گنج ۲۶ ربیع ثانی روز چارشنبہ ۱۲۹۵ ہجری

استفتا ۲۸۳ اس دیار مین عرصہ دوماہ سے لوگون نے عجیب ایک نئی صورت ذکر کی جاری کی ہی وہ یہ ہی کہ نماز فرض کی سلام کے بعد زور سے تین چار بار سب مقتدی لا الہ الا اللہ کہتے ہین اور سب ہی وہ سنتے ہین جب اللہ اکبر کہتے ہین کیا اسطرح سے سرہین وہین کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین لوگ اللہ اکبر کہا کرتے تہے فرض نماز کے بعد یا صحابہ رضی اللہ عنہم کے زمانہ مین لوگ کہا کرتے تہے یا ہمارے امام اعظم رحمة اللہ علیہ کیوقت مین یہ دستور ہوا یا امام کے شاگردون سے یہ صورت کذائی ذکر کی منقول ہے اگر اسطرح کے ذکر ان حضرات مین کسی سے کسی معتبر کتاب مین منقول ہون تو ہم لوگ بہی ذکر خیر و کار خیر جان کر ذکر مذکور کو بہیئت کذائی رواج دین اور اگر اسطرح کے ذکر امام اور شاگردان امام سے منقول نہین تو پہر اسمین کہ محدث لوگ کیا کہینگے ورایسے ذکر سے لوگونکو بصورت اختیار باز رکہین یا اجازت کرنی ہوین اور ہمارے حنفی مذہب مین علاوہ اس محل خاص کے جو ذکر کہ ثابت ہی وہان جہری ذکر کرنا افضل ہی یا آہستہ بینوا توجروا ہو المصوب اس قسم کا ذکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ سے اور ائمہ وغیرہ سے

منقول نہین اور بہ تصریح علماء حنفیہ وغیر حنفیہ ذکر بعد نماز کے سراً مستحب ہی نہ جہراً البتہ بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہی کہ آنحضرت صلعم کے زمانے مین صحابہ بعد نماز کے جہراً تکبیر کہتے تھے جیسا کہ صحیح بخاری اور مسلم مین ہے ابن عباس سے قال کنت اعرف انقضاء صلوة النبی بالتکبیر انتہی فتح الباری مین ہے الظاہر انہ لم یکن یحضر الجماعة لانہ کان صغیرا لا یواظب علی ذلک فکان یعرف انقضاء الصلوة بما ذکر وقال غیرہ یحتمل ان یکون حاضراً فے آخر الصفوف فکان لا یعرف انقضاءہا بالتسلیم وانما کان یعرفہ بالتکبیر انتہی لیکن شراح حدیث نے اسکو حالت جہاد وغیرہ پر محمول کیا اور سر کو جہر سے افضل قرار دیا اور بعضون نے اسکو بعض اوقات پر محمول کیا اور التزام کو اسکے منع کیا کتاب المدخل لابن الحاج المالکی مین ہے اما ما رواہ ابن الزبیر کان رسول اللہ صلعم اذا سلم من صلاتہ یقول بصوتہ الاعلی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علے کل شئ قدیر لا حول ولا قوة الا باللہ ولا نعبد الا ایاہ لہ النعمة ولہ الفضل ولہ الثناء الحسن الجمیل لا الہ الا اللہ مخلصین لہ الدین ولو کرہ الکافرون وما روی البخاری عن ابن عباس ان رفع الصوت بالذکر حین ینصرف الناس من المکتوبة کان علی عہد رسول اللہ فالجواب من وجہین احدہما ما ذکرہ الامام الشافعی فی الام حیث قال واختار الامام والماموم ان یذکران اللہ بعد الانصراف من الصلوة ویخفیان الذکر الا ان یکون اماماً یجب ان یتعلم منہ فیجہر حتے یرے انہ قد تعلم منہ ثم یسر فان اللہ یقول وَلَا تَجْہَرْ بِصَلَاتِکَ وَلَا تُخَافِتْ بِہَا یعنے بالدعاء لا تجہر ترفع ولا تخافت حتے لا تسمع نفسک واحسب ما روے ابن الزبیر من تہلیل النبے صلعم وما روے ابن عباس من تکبیرہ کما رویناہ انما جہر قلیلاً لیتعلم الناس منہ وذلک لان عامة الروایات التی کتبناہا لیس یذکر فیہا بعد التسلیم ولا تکبیر انتہی کلامہ بلفظہ فہذا الامام الشافعی حمل ذلک علے سبیل التعلیم فان حصل التعلیم امسک وہذا بخلاف ما یعہد الیوم من القراءة والذکر جہراً وجماعة فانہم لا یریدون التعلیم بل الثواب والجواب الثانی ما ذکرہ ابو الحسن ابن بطال فے شرح صحیح البخاری لما ان تکلم علے حدیث ابن عباس قال یحتمل ان

یکون اراد به المجاهدین فان کان کذلک فهو الی الآن وعلیه العمل و هو ان المجاهدین اذا صلوا الخمس یستحب لهم ان یکبروا و اجهرا به فعون اصواتهم لیرهبوا العدو فان لم یحمل علی ذلک فیکون منسوخا بالاجماع لانه لا نعلم احدا من العلماء یقول به انتهی اور یہی مدخل میں دوسرے مقام میں ہے ولیحذروا جمیعا من الجهر بالذکر والدعاء عند الفراغ من الصلوة ان کان فی جماعة فان ذلک من البدع انتهی اور علامہ شیخ الاسلام بدر الدین العینی الحنفی بنایہ شرح ہدایہ میں لکھتے ہیں قال ابوبکر الرازی قال مشائخنا التکبیر جهرا فی غیر ایام التشریق والضحی لا یسن الا بازاء العدو واللصوص وقیل وکذا فی الحریق والمخاوف کلها انتهی وفی نصاب الاحتساب اذا کبروا علی اثر الصلوة جهرا یکره وانه بدعة یعنی سوی ایام النحر والتشریق انتهی اور عبارات حنفیہ اس قسم کی بہت ہیں جس سے کراہت ذکر جہری بجز چند مواضع مستثناة کے ثابت ہوتی ہے تفصیل اسکی میرے رسالہ سباحة الفکر فی الجهر بالذکر میں موجود ہے الحاصل ذکر جہری بعد نماز کے سوائے ایام تشریق وغیرہ کے اگر احیانا ہو تو کچھ مضائقہ نہیں بشرطیکہ جہر مفرط نہو اور ایسے ہی اگر مقصود جہر سے تعلیم ہو اور بدون ان اغراض کے اوسکا التزام و اہتمام کرنا جیسا کہ سوال میں مذکور ہے خلاف طریقہ نبویہ وطریقہ سلف صالح ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۸۹

استفتا چہ میفرمایند علمای دین درین صورت کہ مثلا درمیان زید و عمرو بحث درین امرست کہ زید میگوید کہ گواہان نفی متواتر دران صورت شرعا مقبول اند کہ کسان کوفہ گواہی دہند کہ فلان کس در فلان سال در مقام کوفہ بود زیرا کہ این متضمن نفی بودنش در بصرہ است نہ اینکہ چہل یا پنجاہ کسان شہر بصرہ گواہی دہند کہ فلان کس در فلان سال در بصرہ نیامدہ بود چہ این گواہی بر علم نیست بلکہ بر عدم علم آمدنش ہست ونیز برای استدلال قول خود بروایت فتاوی ہندیہ مرقومہ ذیل میکند و عمرو این گواہی عدم علم را نیز جائز میگوید و استدلال قول خود بروایت حموی مرقومہ تحت میکند و میگوید کہ این گواہی بر عدم علم نیست بلکہ بر علم عدم آمدن فلان ست پس قول و استدلال زید صحیح ست یا عمرو بینوا بالدلائل والتفصیل لتکون الخواطر تسکنوا و انتم توجروا باجر الجلیل۔ روایۃ فتاوی ہندیہ اقام امراة رجلین ان فلانا طلق امراته یوم النحر بالکوفة واقام فلان البینة انه کان فی ذلک

فی باب الشهادة

مرسلہ مولوی محمد نجف خانصاحب وکیل عدالت دیوانی از رامپور ضلع مرادآباد ۴ جمادی الاولی سنہ ۱۲۹۶ ہجری

اليوم حاجًا بمنى فالبينة بينة المدعى ولا يلتفت الى بينة المدعى عليه الا ان ناتى العامة وتشهد بذلك فيؤخذ بشهادتهم كذا في الذخيرة انتهى ؛ روايه حموى قال في المحيط ان تواتر عند الناس وعلم الكل عدم كونه في ذلك المكان والزمان لا تسمع الدعوے عليه ويقضے بفراغ ذمته لانه يلزم تكذيب الثابت بالضرورة والضروريات مما لا يدخلها شك انتهى هو المصوب

شهادت نفی در هر دو صورت خواه نفی معنے باشد واثبات صورت مثل گواهی باین طور که فلان کس در فلان سال در کوفه بود که متضمن نفی بودنش در بصره است وخواه نفے صریح باشد مثل اینکه گواهی دهند که در بصره نبوده مقبول نیست مگر بر تقدیری که امر مشهود به متواتر باشد خواه نفے صریح باشد یا نفے ضمنی درین صورت مقبول است و روایت فتاوی هندیه متضمن یک صورت و روایت حموی متضمن صورت دیگر ست در فتاوی بزازیه مے آرد شهد انه استقرض من فلان في يوم كذا في بلد كذا فبرهن علے انه لم يكن في ذلك المكان بل كان في مكان آخر لا يقبل لان قوله لم يكن فيه نفے صورة ومعنے وقوله بل كان في كذا نفے معنے واصله ما ذكر في النوادر عن الثاني شهد عليه بقول او فعل يلزم عليه بذلك اجارة او كتابة او بيع او طلاق او عتاق او قصاص او قتل في مكان وزمان وصفات فبرهن المشهود عليه انه لم يكن ثمه يومئذ لا يقبل لكن قال في المحيط ان تواتر عند الناس وعلم الكل عدم كونه في ذلك المكان والزمان لا يسمع الدعوى ويقضے بفراغ الذمة لانه يلزم تكذيب الثابت بالضرورة والضروريات مما لا يدخلها الشك وكذا الكل بينة اقامت على ان فلانا لم يفعل ولم يقل ولم يقر انتهى ودر درمختار مینویسد شهادة النفي المتواتر مقبولة انتهى ودر رد المحتار میگوید بخلاف غيره فلا يقبل سواء كان نفيا صورة او معنے وسواء احاط به علم الشاهد او لا انتهى ۔ والله اعلم

حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

محمد عبد الحي
ابو الحسنات

استفتا ۳۲۵ **سوال اول** کہنا یا رسول الله و یا ولی الله کا جائز ہے یا نہیں **سوال دوم** مدد چاہنا پیغمبران و ولی الله سے جائز ہے یا نہیں **سوال سوم** شفاعت رسول الله صلی الله علیه وسلم کو حق جانتے ہو و شفاعت ہو چکی یا نہیں و کہنا اب شفیع المذنبین کا جائز ہے یا نہیں

[illegible]

سوال چہارم اب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم رسول ہین یا نہین و نبوت ختم ہوگئی یا نہین و خاتم النبیین ہین یا نہین **سوال پنجم** چار امام و چار مذہب کو حق جانتے ہو یا نہین **سوال ششم** تقلید مذہب کو واجب و فرض جانتے ہو یا نہین **سوال ہفتم** ثواب درود شریف و کلام اللہ پاک و خیرات و صدقہ کا بروح مردگان پونہچتا ہی یا نہین **سوال ہشتم** مولود شریف کرنا و شیرینی پر فاتحہ کرنا و قیام کرنا و خوشبو جلانا کہ کعبہ شریف و مدینہ منورہ مین جاری ہی اس ملک مین بہی جائز ہی یا نہین **سوال نہم** کرامات اولیاء اللہ حق ہی یا نہین اگر حق ہی تو بعد ممات کے بہی حق ہی یا نہین ۵

جوابات مولوی محمد اسحق صاحب

جواب سوال اول کہنا یا رسول اللہ ساتھ صلوۃ وسلام کے جائز ہی جیسا کہ التحیات وغیرہ سے سمجھا جاتا ہی باقی کہنا یا رسول اللہ و یا ولی اللہ کا جو بندیون کی عادت ہی کہ اوٹھتے بیٹھتے کہا کرتے ہین سارے فقہاء حنفیوں کے نزدیک بالاتفاق ناجائز ہی بلکہ اس محل خاص مین بمقتضای آیہ الَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِہِمْ الخ و موافق دستور قرون ثلثہ یا اللہ یا رحیم یا کریم وغیرہ کہنے کی عادت کرنا چاہیے **جواب سوال دوم** مدد چاہنا واسطے قبول ہونے دعا اور حاصل ہونے مطلب کے جناب پیغمبران و ولی مدد سی بالاتفاق جائز رہا اور ذات با برکات آپ لوگون کے باعث حصول مقاصد اور موجب قبولیت دعا ہوتی رہی اور سلف صالح کا قرون ثلثہ وغیرہ مین یہی دستور رہا کہ جو حضرات اپنے زمانہ مین صالح و ولی اللہ معلوم ہوے اونکو لوگ اپنے قبولیت دعا کے واسطے تکلیف دیتے رہے اور اونسے دعا کرانے کی خواستگاری رہی بناءً علیہ اگر اب بہی کوئی صالح یا ولی اللہ معلوم ہو اور اوس سے لوگ دعا کرائین یا اپنی دعا کی قبولیت مین اوسکو وسیلہ ٹہرائین جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ مین حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو لوگون نے پیشوا کرکے اپنی طلب حاجت کی تہی بالاتفاق جائز ہوگا اور اسمین کسی فقہای حنفیہ کا اختلاف نہین باقی رہا بعد عالم وصال کے اونسے دعا کرانے یا واسطے حاجت روائی اپنی کے کسیطرح اونکو تکلیف دینے یہ دستور قرون ثلثہ مشہود لہا بالخیر مین اور زمانہ مجتہدین مین پایا نہین گیا بناءً علیہ ہمارے فقہاے حنفیہ اسمین مختلف ہین اکثر عدم جواز کے قائل ہین اس بنا پر کہ سماع موتی ثابت نہین جیسا کہ کتاب الایمان فتح القدیر حاشیہ ہدایہ مین و مستخلص شرح کنز مین و کفایہ شرح ہدایہ و در مختار و دیگر

فتاوی مین صراحۃً و اشارۃً لکھا ہی دیکھے جسکا جی چاہے اور واضح رہے کہ یہی مذہب اکثر فقہا کا قابل فتوی زمانہ ہمارے کے ہے کیونکہ اسمین احتیاط ہے جیساکہ واقف کتب فقہ پر مخفی نہین واللہ اعلم وعلمہ اتم **جواب سوال ثالث** شفاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق جانتا ہون جسکو آپ کے شفیع ہونے مین شک ہی وہ میرے نزدیک بلکہ سارے اہل اسلام کے نزدیک گمراہ ہے وظہور شفاعت انشاء اللہ روز محشر مین ہوگا کہ سب کوئی نفسی نفسی کہین گے اور آپ رحمۃ للعالمین و شفیع المذنبین ہم گنہگارون کی شفاعت کے لیے امتی امتی کہتے ہوئے سجدے مین جاوینگے اور بحکم اشفع تشفع سب سے پہلے ہم امت گنہگارونکو جنت مین داخل کرائینگے اللہم ارزقنا شفاعتہ اور واضح رہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شفیع الکافرین و شفیع المشرکین نہین اور آپ بیشک شفیع المذنبین ہین اور آپ کو شفیع المذنبین کہنا جائز بلکہ ضرور ہے جیساکہ کتب عقائد و کتب فقہ و احادیث اس سے مملو ہی فقط **جواب سوال رابع** رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم رسول ہین نبوت ختم ہوگئی اب کوئی نبی قیامت تک نہین ہونے کا آپ خاتم النبیین ہین فقط **جواب سوال خامس** چار مذہب اور چار امام کو حق جانتا ہون بلکہ تقلید امام اعظم کوفی رحمۃ اللہ علیہ کو سبکی تقلید سے احسن سمجھتا ہون اور مین انہین کا مقلد ہون فقط **جواب سوال سادس** مسائل اجتہادیہ مین تقلید ائمہ مجتہدین واجب جانتا ہون فقط **جواب سوال سابع** ثواب درود شریف و قرآن مجید و خیرات و صدقہ کا خواہ مالی ہو یا بدنی موافق عقائد اہل سنت و جماعت فقہا حنفی ہمارے کے پہونچتا ہے جیساکہ کتاب الحج عن الغیر مین صاحب ہدایہ اور درمختار وغیرہ نے بتصریح لکھا ہے واللہ اعلم وعلمہ اتم **جواب سوال ثامن** ذکر مولد شریف یعنی وقائع ولادت و معجزات بیان کرنا خواہ ملک ہند ہو یا سندھ و ایران ہو یا توران خراسان ہو یا ملتان روم ہو یا شام جائز ہے اسمین کسی اہل اسلام کو کلام نہین باقی سائل جو یہ بیان کرتا ہے کہ کعبہ شریف مین شیرینی پر فاتحہ کرتے ہین یہ محض غلط ہی کیونکہ اس فقیر نے اکثر ثقات اہل دیار سے پوچھنے سے کہ جو متفق علیہ فریقین ہین دریافت کیا معلوم ہوا کہ دستور آیہ خوانی و سورہ خوانی جیساکہ یہان شیرینی پر کرتے ہین نہین ہی بلکہ شیرینی کبھی اثنای مولد خوانی مین اور کبھی بعد مولد خوانی کے تقسیم ہوتی ہی بلکہ اس فاتحہ ہندیہ مروجہ پر جب کوئی اہل عرب ذی علم

مطلع ہوتا ہی تو سوا اسے منع کے جواز کا حکم نہین دیتا ہی کیونکہ یہ طریق ایصال ثواب کا زمانہ شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین وصحابہ وتابعین و تبع تابعین و ائمہ مجتہدین مین نہتا اور نہ ابتک خاص شرفاے عرب کا یہ دستور ہی بنا ٴ علیہ میرے نزدیک طریقہ مروجہ مشروع نہین باقی قیام کرنا جو وقت ذکر ولادت کے کرتے ہین میرے نزدیک یہ بے اصل ہی اور کوئی ادلہ شرعیہ سے ثابت نہین اور کرنا عرب کا کسی فعل کو بعد قرون ثلثہ یعنے نوّے برس کے حجت نہین ہی ابن الہمام اور عینی اور ملا علی قاری وغیرہ رحمۃ اللہ علیہم اپنی کتابون مین لکہ گئے دیکہے جسکا جی چاہے اور استشہاد یعنے بطور شاہد کے ایک کتاب کی عبارت جو میرے پاس اسوقت موجود ہی لکہے دیتا ہون قلت ہذا انما کان فی زمن النبی صلی اللہ علیہ وسلم والخلفاء الراشدین الی انقضاء القرون الثلثۃ وہی تسعون سنۃ واما بعد ذلک فقد تغیرت الاحوال وکثرت البدع خصوصًا فی زماننا ہذا علی مالا یخفے انتہی ما فی العینی یعنے عینی حنفی نے لکہا ہے کہ مین کہونگا سلامت رہنا اہل مدینہ کا بدعات سے اور اون کے عمل کا حجت اور دلیل ہونا سوا اسکے نہین کہ تہا زمانہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم وخلفاء راشدین مین قرون ثلثہ کے گذرنے تک کہ وہ نوّے برس ہی لیکن بعد قرون ثلثہ کے پس تحقیق متغیر ہوے احوال اور بہت ہوئین وہان بدعتین خصوصًا ہمارے زمانہ مین فقط تمام ہوا مطلب عبارت مذکور کا اور بہی ملا علی قاری نے مستقل ایک رسالہ بدعات حرمین مین لکہا ہے دیکہے جسکا جی چاہے و باقی رہا خوشبو کا جلانا چونکہ ذکر مولد مثل ذکر پند ونصائح کے ہی اور وعظ و پند و نصائح برابر زمانہ صحابہ و تابعین و تبع تابعین و ائمہ مجتہدین مین جاری رہا کسی مین انکا التزام نہ تہا اور اب چونکہ اسکو التزام کرلیا ہے اور اس گنگل اور لوبان وغیرہ جلانے کو اور مولد خوان کے آگے رکہنے کو رکن ذکر ٹہرالیا بنا ٴ علیہ باین التزام مالا یلزم خالی کراہت سے نہین ہی فقط **جواب سوال تاسع** کرامت اولیاء اللہ کی حق ہی جیساکہ عقائد نسفی اور شرح فقہ اکبر وغیرہ مین لکہا ہی کرامات الاولیاء حق یعنے کرامات اولیاؤنکی کتاب وسنت سے ثابت ہی اوسمین کسی اہل سنت وجماعت کو انکار نہین اور پوشیدہ نرہے کہ بہت سے ولی اللہ رحمہم اللہ ایسے بہی گذرے ہین کہ اونسے ایک کرامت بہی صادر نہین ہوئی تو اس سے یہ لازم نہین آتا ہی کہ وہ بزرگان طریقت ولی اللہ نہ تہے کیونکہ صدور کرامات ولی ہونے کو شرط و لازم

نہین تاہم البتہ استقامت علی الدین ولایت مین شرط ہی جیساکہ تعریف ولی سے کہ اہل عقائد واہل التصوف لکھتے ہین سمجھا جاتا ہی الولی ہو العارف باللہ وصفاتہ بما یمکن لہ المواظب علی الطاعات المجتنب عن السیئات المعرض عن الانہماک فی اللذات والشہوات واللہوات انتہی ما فی شرح الفقہ الاکبر یعنی ولی اوسکو کہتے ہین کہ عارف ہو بقدر طاقت بشری اپنے ساتھ ذات وصفات حق سبحانہ وتعالی کے مواظب ہو یعنے مواظبت ومداومت کرنے والا ہو طاعات وعبادات پر مجتنب ہو یعنی اجتناب وپرہیز کرنے والا ہو بری باتوں سے معرض یعنی اعراض وروگردانی کرنے والا ہو لذتون اور شہوتون مین پڑنے سے پس ولی کے واسطے مواظبت علی الطاعات شرط ہوئی اور اسی مواظبت کو استقامت عرف مین کہتے ہین اور بغیر اس استقامت کے ولی ہونا ممکن نہین پس طالب صادق کو چاہیے کہ طالب استقامت کا رہے نہ طالب کرامت کا کیونکہ نفس خواہش کنندہ وطالب کرامت کا ہے اور پروردگار تیرا تجھسے استقامت طلب کرتا ہے جیساکہ ملا علی قاری رح شرح فقہ اکبر مین اصحاب طریقت ابو علی جرجانی سے نقل کرتے ہین کن طالبا للاستقامۃ لا طالبا للکرامۃ فان نفسک متحرکۃ فی طلب الکرامۃ وربک یطلب منک الاستقامۃ انتہی ما فی شرح فقہ اکبر اور بعد اوسی کتاب مین شیخ سہروردی رح سے نسبت عطا ہونے خرق عادات یعنی کرامات کہ جو بزرگون کو بعض اوقات مین فضلا من اللہ عطا ہوتی لکھتے ہین کہ حکمت اس کرامات کے عطا ہونے مین اور فائدہ اس خرق عادات کے صادر ہونے کا بزرگان موصوفین کو یہ تہا کہ اپنے اس خرق عادت وکرامت وآثار قدرت کو دیکھکر یقین زیادہ ہو اور عزم زہد پر اور ارادہ موجبات حرص ہوا سے خارج ہونے پر دنیا مین قوی ہو اور عبارت اوسکی یہ ہے والحکمۃ فیہ ان یزداد بما یری من خوارق العادات وآثار القدرۃ یقینا فیقوی عزمہ علی الزہد فی الدنیا والخروج من دواعی الہوی پس اب سمجھنا چاہیے کہ سائل کا یہ سوال کہ اگر حق ہے تو بعد ممات بہی حق ہی یا نہین اسکا کیا مطلب ہی اگر یہ مطلب ہی کہ صدور کرامات بعد ممات بہی حق ہی یا نہین تو اسکا جواب میرے نزدیک یہ ہی کہ کوئی معتبر روایت صراحۃً کتاب فقہ وعقائد کی اسکے حق ہونے مین میری نظر سے نہین گذری ہاں اشارۃً موافق تصحیح شیخ الطریق شیخ سہروردی رحمۃ اللہ علیہ اوسکی حقیقت کے بطلان سمجھی جاتی ہی کسواسطے کہ اب صدور کرامات یعنے خرق عادات سے اون بزرگونکو کچہہ فائدہ نہین کیونکہ وہ بزرگان دین اس دار المحن اور س

دارالفراق سے دارالعشرت ودارالوصال کو پہنچی اب کوئی وجہ یقین کی زیادتی کا باقی نہین رہا خیر بہرکیف اور علما وفقہا حنفیہ سے اس بارہ مین سوال کرنا چاہیے جو کچھہ کتاب وسنت سے تحقیق ہو اوسپر اعتقاد حقیت کا کرنا لازم ہے کیونکہ یہ مسئلہ عقائد کا ہے اور اگر یہ مطلب ہے جیسا کہ اعتقاد بعض جہلا کا ہے کہ جو خرق عادات حالت حیات مین کسیوقت فضلا من اللہ صادر ہوئی تہی بعد ممات بہی اون بزرگون سے وہ خرق عادت بالاستقلال صادر ہوتی ہی یہ حق ہی یا نہین تو ایسا اعتقاد بیشک خلاف اہل سنت والجماعت کے ہے خصوصًا ہمارے فقہاے حنفیہ کے اصول کی بنا پر محض باطل ہے جیسا کہ ماہر کتب عقائد وفقہ پر پوشیدہ نہین ہے اور علم تصوف مین بہی ہمارے بزرگان قادریہ رحمۃ اللہ علیہم خوب بالتصریح سے لکہتے ہین دیکہے جسکا جی چاہے

واللہ اعلم وعلمہ اتم حررہ محمد اسحٰق ڈہکوسری البہاری ۔ محمد اسحٰق

ف کتاب الدعوی

مرسلہ مولوی محمد شبلی صاحب ابن شیخ محمد حبیب اللہ صاحب وکیل عدالت اعظم گڈہ تحریر ۲۷ جمادی الاولی روز شنبہ سنہ ۱۳۱۶ ہجری

استفتا ۲۸۶ کیا ارشاد ہے اس باب مین کہ زید مدعی نے ایک دعوی بیجا عمرو مدعا علیہ پر کیا عمرو نے اس نالش کی جوابدہی کے واسطے مجبورانہ کچھہ روپیہ مہاجن سے قرض لیا چونکہ قرضہ بلا سود میسر نہوا لہذا اوسکو اپنے قرضہ کا سود بہی ادا کرنا پڑا چنانچہ اصل روپیہ عمرو نے مدعی کی جوابدہی مین صرف کیا اور اوسکا سود مہاجن نے عمرو کے دوسرے مال خالص سے وصول کیا الغرض زید کی نالش نے عمرو کو ایک سو دس روپیہ کا زیربار کیا سو روپیہ صرف نالش کی جوابدہی مین ہوا اور دس روپیہ سود مہاجن کو دینا پڑا اب اس زیرباری کے بعد زید نے عمرو سے ساتھہ جبر مدعا بہا پر اس طور سے مصالحت کی کہ کل مصارف جسکا عمرو زیربار بوجہ نالش زید مدعی کے ہوا اوسکا معاوضہ زید نے اپنے ذمہ قبول کیا اور اسکو درج مصالحت کیا اب کل مصارف ضروری اس نالش کے جسکا عمرو زیربار ہوا اوسکو زید ادا کریگا اسوقت مین قاضی کو عند المخاصمہ دس دس روپیہ کا تاوان یا معاوضہ جو عمرو کو سود مین دینا پڑا زید سے دلانا جائز ہے یا نہین اور عمرو کو اوسکا لینا مباح ہے یا نہین اور نیز سود دینا قرض بلا سود کے نہ ملنے کے وقت عند الحوائج جائز ہے یا نہین فقط

ہو المصوب خرچہ متعلقہ عدالت جو بحسب قوانین حکام لازم ہوتا ہے مدعی علیہ کو مدعی سے لینا نہین درست ہے ہان اگر مدعی بطیب خاطر دیوے وہ مختار ہے مگر معاوضہ سود کا جو عمرو کو دینا پڑا مدعی سے دلانا حاکم کو نہین جائز ہے اور نہ عمرو کو لینا درست ہے اور

سود دینا کسی حالت مین درست نہین ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ھ

۲۸۷ استفتا کیا فرماتے ہین علماے شرع شریف اس مسئلہ مین کہ زید نے جو مدعی ہے ایک دعوے بیجا بکر مدعا علیہ پر کیا بکر نے اس جوابدہی کے واسطے مجبورانہ کچھ روپیہ مہاجن سے لیا چونکہ قرضہ بلا سود میسر نہوا لہذا اوسکو اپنے قرضہ کا سود بھی ادا کرنا پڑا اور بکر نے جو روپیہ لیا تھا اوسکو زید کی نالش کی جوابدہی مین صرف کیا اور مہاجن نے اپنے زر سود کو بکر سے وصول کیا الغرض زید کی نالش نے بکر کو اصل اور سود دونون کا زیر بار کیا اور اب اس زیر باری کے بعد زید نے بکر کے ساتھ جزو مدعا بہا پر اس طور پر مصالحت کی کہ کل مصارف جسکا بکر بوجہ نالش زید مدعی کے زیر بار ہوا وہ زید نے اپنے ذمہ لیا اور اقرار کیا کہ ہم کل مصارف اس نالش کے جسکا بکر زیر بار ہوا ہے بکر کو ادا کرینگے اور اس خرچہ کے تعیین کے لیے ایک شخص غیر خالد برضاے فریقین صرف اسلیے ثالث مقرر کیا گیا کہ وہ مقدار اوس کل خرچہ کی مشخص اور متعین کر کے جسکا بکر مدعا علیہ بوجہ نالش زید مدعی کے زیر بار ہوا ہے عدالت مین داخل کر دے اب ثالث مقدمہ کو مقدار خرچہ مین اوس زر سود کا بھی شامل کرنا جائز ہے یا نہین جسکا بکر بمجبوری زیر بار ہوا ہے بینوا توجروا فقط ھ

ھو المصوب نہین جائز ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی فقط ھ

۲۸۸ استفتا بالفعل اس مقام مین ایک مسجد تیار ہوتی ہے اور چندہ مین اوسکی تیاری تجویز ہوئی ہے بحث یہ ہے کہ اہل ہنود کا روپیہ اسکی تعمیر کے واسطے لیا جا سکتا ہے یا نہین درحالیکہ وہ بلا تحریک احدی شریک ہون و درحالیکہ کسیکی تحریک پر رضامند ہون دونون صورتون مین جو فتوی ہو اوس سے آگہی بخشی جاے فقط

ھو المصوب حسب تصریح معتبرات مال ہنود کا تعمیر معابد خاصہ اہل اسلام مین صرف کرنا درست نہین ہے بناءً علیہ صورت مسئولہ مین روپیہ ہنود کا خواہ بہ تحریک غیر خواہ بلا تحریک دین نہین لینا چاہیے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ھ

۲۸۹ استفتا سوال چہ میفرمایند علماے دین و مفتیان شرع متین اندرین صورت شخصی بقدر بلندی یک مکان کرسی بلند ساختہ

[illegible]

بران مسجد تعمیر نمود وبیش کرسی مذکور مکانات بطور مسافر خانہ مسقف ساختہ بالاے سقف آن
صحن مسجد قرار داد پس حاصل استفتا اینکہ بالای سقف صحن مسجد قرار دادن جائز نیست یا بودن
صحن مسجد بالای کرسی ضرورے بود بینوا توجروا ھو المصوب اگر مکانات بغرض نفع مسجد
وصرف آمدنی آن مسجد ساختہ شدہ باشند بودن صحن مسجد بالای سقف آن مضائقہ ندارد
والا نشاید کہ درین حال صحن مذکور بحکم صحن مسجد نخواہد ماند واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔ استفتا ۲۹۰ کیا فرماتے ہین علماے دین
اس مسئلہ مین کہ زید نے وارث ذیل چھوڑ کر انتقال کیا پس ترکہ زید کے کتنے سہم پر تقسیم
ہوگا۔ زوجہ ایک۔ دو دختر۔ ایک بھائی اخیافی۔ ایک مان۔ ھو المصوب صورت
مسئولہ مین بعد اداے ما تقدم علی الارث ورفع موانع ارث کل ترکہ ستائیس سہام پر
منقسم ہوگا منجملہ اوسکے تین سہم زوجہ کو اور آٹھ آٹھ سہم ہر ایک دختر کو اور چار سہم مان کو
اور ایک سہم بھائی اخیافی کو ملیگا واللہ اعلم سوال دیگر زید نے وارث ذیل چھوڑ کر
انتقال کیا پس ترکہ زید کے کتنے سہم پر تقسیم ہوگا۔ ایک زوجہ۔ دو دختر۔ ایک بھائی حقیقی
ایک مان۔ ھو المصوب بصورت مسئولہ بعد اداے حقوق مقدمہ علی الارث و
نفی موانع ارث کے مجموع ترکہ چوبیس ۲۴ سہام پر منقسم ہوگا اوسمین سے تین سہم زوجہ کو
اور آٹھ آٹھ سہام ہر ایک دختر کو اور چار سہم مان کو اور ایک سہم بھائی حقیقی کو دیا جاویگا واللہ
اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔
استفتا ۲۹۱ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہندہ اور مریم دائنان ہین اور زید مدیون زید نے
بکر پر حوالہ کیا ونیز عمرو باپ زید نے برضاے زید مدیون بحضور ہندہ اور مریم دائنان
بنوشتن رقعہ بنام بکر یہ تحریر کیا کہ اس قدر روپیہ ہندہ اور مریم کو دیدینا زر مندرجہ رقعہ حساب
دہنگی زید مدیون ہندہ اور مریم دائنان مجرا کیا جائیگا چنانچہ حسب تحریر رقعہ مذکورہ بکر نے کل
دین مریم بمقدار مندرجہ رقعہ بدفعات منجانب زید مدیون مریم کو ادا کر دیا اور جو مقدار دین ہندہ
مندرجہ رقعہ تھی بعض اوسکا بدفعات ہندہ کو ادا کیا اور بعض اوسکا باقی ہے جسکا دعوی ہندہ کو بربنائے حوالہ
بنام بکر ہے اور اقرار بکر نسبت اداے بقیہ دین ہندہ بشہادت شہود ثابت ہے اب ہنگام مطالبہ ہندہ نسبت

فی کتاب الارث
مرسلہ نعیم الدین صاحب از جہان آباد ضلع راے بریلی معرفت حافظ عبد اللہ خان تحریر ۲۳ جمادی الثانیہ [illegible]

فی کتاب الحوالۃ
فرستادہ مولوی عبد الحکیم محمد ابراہیم صاحب ماہ رجب سنہ ۱۳۰۹ ہجری

بقیۂ دین خود بکر بعد ادا است کل دین مریم وبعض دین ہندہ نسبت ادائے دین ہندہ منکر حوالہ ہی بعد اظہار صورت نزاعی بخدمت مفتیان شرع متین یہ التماس ہی کہ از روی روایات فقہ اور مسائل شرعیہ حضور محیل ومحتال لہ ومحتال علیہ ہنگام حوالہ شرط صحت حوالہ ہے یا نہین اور اگر یہ صورت فرض کیجائے کہ جسوقت عمرو نے بحضور ہندہ اور مریم دائنان زید مدیون بہ مضمون دینے روپیہ مندرجۂ رقعہ منجانب زید مدیون بنام بکر تحریر کیا تہا تو بلا رضا اور بلا امر زید مدیون لکہا تہا اور نہ کچھ دین زید مذکور ذمہ بکر تہا اور نہ کوئی شے زید کی بطور ودیعت عند البکر تہی الا بکر نے موافق مضمون رقعہ نوشتہ پدر زید مدیون زر مندرجۂ رقعہ بدفعات ہندہ اور مریم کو اسطرح کہ کل دین مریم کا مریم کو اور بعض دین ہندہ کا ہندہ کو ادا کیا من حیث الشرع عقد حوالہ منعقد ہی یا نہین اور اگر محتال لہ ہی مجلس حوالہ مین موجود نہو مگر اوسکی جانب سے کوئی شخص فضولی حوالہ کو قبول کریگا تو بصورت ہذا بحسب الشرع حوالہ منعقد ہے یا نہین بینوا توجروا ۞ **الجواب** واللہ سبحانہ **الموفق للصواب** درباب صحت حوالہ حضور محیل ومحتال علیہ بمجلس حوالہ شرط نہین فقط حضور محتال لہ بمجلس حوالہ شرط ہے مگر جبکہ کوئی شخص از جانب محتال لہ حوالہ کو قبول کرے گا تو اوسوقت مین بلا حضور محتال لہ بہی حوالہ صحیح ہے چنانچہ فتاوی حمادیہ مین مرقوم ہے وشرط حضور الثانی الا ان یقبل ای الحوالۃ فضولی ای لاجل الغائب لا حضور الباقین ونیز فتاوی عالمگیری مین دربارۂ عدم حضور محتال علیہ تصریح ہے وعبارتہ ہکذا ولا یشترط حضرتہ لصحۃ الحوالۃ حتے لو احال علی رجل غائب ثم علم الغائب فقبل صحت الحوالۃ اور حوالہ بلا رضا وبلا امر محیل بہی صحیح ہی چنانچہ روایت درمختار بہذہ العبارۃ شرط لصحتہا رضی الکل بلا خلاف الا الاول وہو المحیل فلا یشترط علی المختار شرنبلالیہ عن المواہب وروایت فتاوی حمادیہ بہذہ العبارۃ واما رضاء المحیل وہو المدیون فلیس بشرط ذکرہ فی الزیادات ونیز روایت فتاوی احمدی مثبت اسکی ہی ونیز بحالت عدم لزوم دین محیل بذمہ محتال علیہ وعدم وجود شے محیل عند المحتال علیہ بہی حوالہ صحیح ہی چنانچہ کافی مین مصرح ہی کہ حوالہ دو قسم ہی مقیدہ ومطلقہ مقیدہ وہ ہی کہ محتال علیہ پر محیل کا دین ہو یا اوسکے پاس کوئی عین ہو محیل کا بطریق غصب یا ودیعت یا اورطرحسے اور مطلقہ برخلاف اوسکے ہی اور قول بعض فقہا درباب تعریف حوالہ مطلقہ مقید اسکا ہی کہ محیل حوالہ کو مقید بدین یا عین نکرے چنانچہ بفتاوی عالمگیری درباب تقسیم حوالہ

مرقوم ہے وہی نوعان مطلقۃ ومقیدۃ فالمطلقۃ ان یرسل الحوالۃ ولا یقیدہا بشئے مما عندہ من ودیعۃ او غصب او دین او محیلہ علی رجل لیس لہ علیہ شئے مما ذکرنا کذا فی التبیین باعتبار تعریف ثانی حوالہ مطلقہ محیل اپنا دین یا وہ شئے جو پاس محتال علیہ کے ہی محتال علیہ سے طلب کر سکتا ہے کما یفہم ہذا من روایۃ الوقایۃ و روایات اکثر الکتب الفقہیۃ اور جب با واسے بعض ہندہ و نیز بشہادت شہود رضامندی بکر محتال علیہ بقبول حوالہ ثابت ہی تو اب انکار بکر محتال علیہ نسبت عدم قبول حوالہ غیر مقبول ہے واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب ۵ فی الواقع حضور محتال علیہ شرط صحت حوالہ نہیں جیسا کہ در شرح غرر میں ہے الشرط قبول المحتال او نائبہ ورضی الباقین لا حضورہما انتہی بلکہ رضاء محیل بھی بمذہب مختار شرط نہیں رد المحتار میں ہے لا یخفی ان اشتراط رضا المحیل مبنی علی روایۃ القدوری وہی خلاف المختار انتہی بنا برعلیہ صورت مسئول عنہا میں محتال علیہ پر اداے بقیہ دین بھی واجب ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵

فی باب احکام المسجد

مرسلہ مولوی خلیل الزمان صاحب ماہ رجب سنہ ۱۲۹۰ ہجری

استفتا ۲۹۴ بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہیں علماے دین اس مسئلہ میں کہ ایک مسجد کے متولیوں میں سے تین شخص موجود ہیں اور تینوں غنی صاحب نصاب ہیں منجملہ اون کے ایک شخص چاہتا ہے کہ جو مکان متعلقہ مسجد مال وقف سے بالاے دروازہ وغیرہ مسجد مذکور اوس چندہ سے جو واسطے مسجد کے جمع ہوا بنے ہیں بہ تصرف ذاتی اپنے رکھے یعنے اہل وعیال بطور سکونت ان مکانات میں رکھے اور جو آمدنی دکانات متعلقہ مسجد سے ہوتی ہے اوسمیں سے تنخواہ اپنے واسطے بعوض تولیت یا وعظ گوئی چاہتا ہے اور یہ خواستگاری اسواسطے ہے کہ میں نے لوگو کوشش کرکے روپیہ واسطے تعمیر مسجد کے جمع کرایا ہے پس حسب شرع شریف لینا تنخواہ کا اور تصرف مکانات مذکورہ متولی غنی کو بلا رضامندی دیگر متولیان جائز ہے یا نہیں اور اگر متولی خود خواستگار نہو اور دیگر اشخاص باشندگان شہر برخلاف دیگران و متولیان اجازت رہنے مکانات کے اور یہ تنخواہ دین آمدنی مسجد سے تو دینا دہندگان کو اور لینا غنی مذکور کو جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا ۵

ہو المصوب متولی کو تصرف مکانات مذکورہ میں اور اوسمیں سکونت کرنا اور آمدنی وقف سے تنخواہ زائد لینا نہیں درست ہے رد المحتار میں ہے وفی الجواہر القیم اذا لم یراع الوقف یعزلہ القاضی وفی خزانۃ المفتین اذا فرع القیم نفسہ یخرجہ القاضی من یدہ قال البیری یؤخذ من الاول ان للناظر اذا امتنع من اعادۃ الکتب الموقوفۃ

كان للقاضي عزله ومن الثاني لو سكن انسان دار الوقف ولو باجر المثل لا عزله لانه نص في خزانة الاكمل انه
لا يجوز له السكنى ولو باجر المثل انتهى البتہ متولی کو تنخواہ اوسقدر جو واقف نے مقرر کر دی ہو اور اگر مقرر نہو
تو بقدر اجر مثل لینا درست ہی وبہ صرح مختارہ مین ہی لیس للمتولی اخذ زیادۃ علی ما قررہ الواقف اصلا ویجب صرف
جمیع ما یحصل من نماء وعوائد شرعیۃ وعرفیۃ لمصارف الوقف الشرعیۃ الکل من فتاوی المصنف قلت
لکن سیجیء فی الوصایا ومر ایضا ان للمتولی اجر المثل عملا انتہی ملخصا واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۹۳ **استفتا** ایک شخص نے ایک آدمی
کہا کہ تم اپنی لڑکی کے ساتھ ہمارا نکاح کرو چنانچہ لڑکی کے باپ نے کہا کہ تمہاری زوجہ منکوحہ موجود ہی
ہم اپنی لڑکی کے ساتھ تمہارا نکاح نہین کرینگے تب اوس مرد نے جواب دیا کہ میری زوجہ منکوحہ
قریب المرگ ہی یقین ہی کہ امروز فردا مین گذر جاوے بعد اوسکے لڑکی کے باپ نے کہا کہ ہم اقرار
کرتے ہین کہ جب زوجہ منکوحہ تمہاری مرجاویگی تب اپنی لڑکی کے ساتھ تمہارا نکاح کر دینگے چنانچہ
بعد اسبات کے اوس مرد کے باپ نے جو طلبگار نکاح کا تھا کہا کہ ہم اپنے بیٹے سے چار آدمی کے سامنے
اوسکی زوجہ منکوحہ کو طلاق دلوا دینگے چنانچہ مرد طلبگار نکاح نے بموجب استرضا اپنے باپ کے
اپنی زوجہ منکوحہ کو طلاق دیا مگر اس لفظ کے ساتھ مین طلاق دیتا ہون وزیر کی بیٹی کو جو میری زوجہ
منکوحہ ہی پس مرد طالق نے اشارہ اپنی زوجہ منکوحہ کا اور نام زوجہ کے باپ کا تو صحیح وقت طلاق کے
بیان کیا مگر نام اصلی اپنی زوجہ کا وقت طلاق کے نہین لیا بلکہ وقت طلاق کے نام دوسری عورت کا
لیا یعنے مرد طالق کی زوجہ منکوحہ کا نام مسماۃ راجی ہی پس بروقت طلاق کے یہ نام نہین لیا مسماۃ پوٹنی کے
نام سے طلاق دیا حالانکہ یہ مسماۃ پوٹنی رشتہ مین اوسکی سالی ہوتی ہی اور وقت طلاق کے چار
آدمی گواہ موجود تھی چنانچہ یہ تینون گواہان بیان کرتے ہین کہ مرد طالق نے وقت دینے طلاق کے
کہا ہی کہ مین طلاق دیتا ہون اپنی زوجہ منکوحہ کو کہ جو بیٹی وزیر کی ہے نکاح مین ہی مگر نام مین صرف
فرق کر دیا یعنی اوسکی منکوحہ کا نام مسماۃ راجی تھا اور مرد طالق نے وقت دینے طلاق کے مسماۃ
پوٹنی کے نام سے طلاق دیا پس یہ طلاق نزد علمائے شرع شریف صحیح ہوا یا نہین فقط **ہو المصوب** اگر مجلس طلاق
مین زوجہ مسماۃ راجی موجود تھی اور طالق نے اوسکی طرف اشارہ کرکے کہا کہ یہ زوجہ میری طالق ہی تو اس
صورت مین طلاق پڑجاویگا گو اوسنے نام کے لینے مین خلاف کیا اور اگر زوجہ راجی اوس مجلس مین نہ تھی اورنہ

اوسکی طرف اشارہ کیا فقط اسقدر کہا کہ مین طلاق دیتا ہون وزیر کی بیٹی کو جو میری زوجہ ہی مسماۃ [illegible] تو اس صورت مین زوجہ پر طلاق نہ پڑے گا رد المحتار حاشیہ در مختار مین ہی قالوا لا تعتبر الصفۃ والتسمیۃ مع الاشارۃ کما لو کان لہ امرأۃ بصیرۃ فقال امرأتہ ہذہ العمیاء طالق واشار الی البصیرۃ تطلق انتہی اور بہی اوسمین ہے لو حلف ان خرج من المصر فامرأتہ عائشۃ کذا واسمہا فاطمۃ لا تطلق اذا خرج انتہی اور در مختار مین ہی فی النہر قال فلانۃ طالق واسمہا کذلک وقال عنیت غیرہا دین ولو غیرہ صدق قضاء وعلی ہذا لو حلف لدائنہ بطلاق امرأتہ فلانۃ واسمہا غیرہ لا تطلق انتہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵

۲۹۳

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ ایک عورت مسماۃ محفوظن کی گود مین ایک لڑکا موسومہ زید شیر خوار ہی اور ایک عورت دوسری مسماۃ شیرلفن ایک لڑکی مسماۃ ہندہ کو جنی چنانچہ مسماۃ محفوظن نے وہی شیر جو کہ زید کو پلاتی تہی ہندہ کو ایکبار یا دو بار یا تین بار پلایا تو اس صورت مین زید اور ہندہ دودہ شریکی بہائی بہن ہو سکتے ہین یا نہین بشرط ہونے کے پہر اگر ہندہ کی مان نے ایک دوسری لڑکی مسماۃ زینب کو جنا کہ اوسنے زید کا دودہ نہین پیا ہی مگر باپ اور مان وہی ہین جو ہندہ کے ہین تو اس صورت مین زید اور زینب سے نکاح ہو سکتا ہی یا نہین بشرط جائز ہونے نکاح درمیان زید و زینب کے پہر اگر بسبب عدم یاد کے سہوًا درمیان زید و زینب کے نکاح ہو گیا ہو اور اوسی نکاح مین زید سے زینب کو لڑکا یا لڑکی پیدا ہو چکے ہو تو اس صورت مین کیا حکم علماے مقلدین امام اعظم رح کے دیتے ہین مسئلہ گواہی ثبوت دودہ پلانے کے صرف مادر رضاعی اور مادر رضیعہ کے قول پر تمام ہو سکتی ہے یا اور گواہ سوا ان دو کے حسب قول امام اعظم رح مسئلہ مسماۃ بصیرن کو کہ عمر اوسکی گیارہ بارہ برس کی ہی اوسکے مان باپ نے جبرًا بنا راضگی اوسکے ساتھ عبد اللہ کے نکاح کر دیا ہو اور بعد اوسکے دو تین مہینہ جبرًا مسماۃ مذکورہ عبد اللہ کے ساتھ رہی ہو بعد اوسکے مسماۃ اپنے مان باپ کے گہر چلی آئی ہو اور عبد اللہ شوہر اوسکا دور دیس چلا گیا ہو پہر پرسان حال اوسکا نہین ہوتا ہو تو اس صورت مین مسماۃ کو پہونچتا ہی کہ کسی عالم شرع کے پاس جا کر اپنی نا رضامندی ساتھ شوہر کے ظاہر کر کے نکاح فسخ کرا دیوے اور شوہر سے طلاق لے لیوے بینوا توجروا ہو المصوب دودہ پینے دا

ارضاع

مرضعه کی سب اولاد اور شوہر مرضعه کی اولاد دوسری زوجہ سے حرام ہوجاتی ہی اور دودھ پینے والے کے بھائی بہن کیطرف حرمت نہین آتی ہی بناءً علیہ نکاح زید کا ساتھ ہندہ کے ناجائز اور ساتھ زینب کے جائز ہے خزانة الروایات مین ہے اذا ارضعت صبیة تحرم ہذہ الصبیة علی زوجها وعلی آبائه و اولاده و علی اب المرضعة و علی اولاده والاصل ان اقرباء المرضعة واقرباء زوجها اقرباء للرضیع واقرباء الرضیع لیسوا باقرباء المرضعة انتہی اور باب رضاعت مین شہادت دو مرد یا ایک مرد اور دو عورت کے واسطے ثبوت رضاعت کے ضرور ہی فقط قول مرضعہ کا یا مادر رضیع کا مثبت نہین ہوسکتا مگر اجتناب و تنزہ اس صورت مین احوط و لازم ہے فتاوی خانیہ مین ہے رجل تزوج امراة فشہدت امراة انہا ارضعتہما لاتثبت الحرمة بقولہا وان کانت عدلة وان تنزہ کان افضل وکما لایفرق بینہما بعد النکاح ولاتثبت الحرمة بشہادتہن فکذلک قبل النکاح انتہی ملتقطا **جواب سوال چارم** حنفیہ کے نزدیک پدر و مادر نے اگر نکاح صغیرہ کا کردیا ہو بعد بلوغ کے اختیار فسخ کا نہین اور اگر کسی اور ولی نے نکاح کردیا تو بمجرد بلوغ کے اختیار فسخ کا ہی کذا فی درالمختار وغیرہ پس صورت مسئولہ مین بعد بلوغ کے اوسکو اختیار فسخ کا نہین ہان درصورت عدم موانست و عدم خبرگیری شوہر اوسکو اختیار خلع کا حاصل ہی کہ مہر معاف کرکے یا اور کچھ مال دیکے طلاق لے لیوے واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۹۵

استفتاء چہ میفرمایند علماے دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئلہ اول یہ کہ جس عورت کا مرد پانچ یا چھہ برس سے زیادہ تک نامعلوم و بے نشان ہے تو اسصورت مین عورت مذکورہ کو اختیار ہے کہ دوسرا شوہر کرلیوے یا نہین اور امام مالک و شافعی رحمہما اللہ بیچ ایک قول کے فرماتے ہین کہ جب گذر جاوین چار برس تو تفریق کرادیوے درمیان اون دونون کے قاضی بعد اوسکے نکاح کرے زوج ثانی سے اور غرض مستفسر کی یہ ہی کہ بر تقدیر جائز ہونے اس مسئلہ کے فسخ نکاح کی کیونکر قاضی سے کرادیجاوے کیونکہ اس زمانہ پر آشوب مین بباعث حکام غیر مذہب کے احکام قاضی کے بالکل مسدود ہوگئے ہین پس ایسے وقت مین طریقہ اوسکے فسخ کرنے نکاح کی کیونکر عمل مین لائی جاوینگی ۔ دوسرا یہ کہ بعد فسخ کرادینے نکاح قاضی کے آیا اوسکے لیے کوئی عدت طلاق یا وفات کی کرنا چاہیے یا بدون عدت کی نکاح زوج ثانی کے

متعلق [illegible] عبارت [illegible] طلاق [illegible] ۱۲

فی کتاب النکاح

[illegible] حافظ [illegible] شعبان سنہ [illegible] ہجری

ساتھہ کرلیوے تیسرے یہ کہ اگر کوئی شخص ضرورت کے وقت بعض مسئلون مین امام شافعی و مالک کے قول پر عمل کرے تو اس صورت مین اوس شخص کو ہمیشہ کے لیے کل مسئلون مین اوس امام کی تقلید کرنا لازم ہوتی ہی یا نہین جو کچھہ ان مسئلون مین حق ہو اوسکو ادلۂ قویہ کے ساتھہ معتبر کتابون سے مفصلا بیان فرمایئے روز جزا مین اجر اسکا پایئے گا ۃ ہو المصوب عند الضرورت بعض مسئلون مین امام شافعی و مالک وغیرہ کے قول پر عمل کرنا درست ہے مگر بشرط اسکے کہ اوس مسئلہ مین جملہ شروط و احکام اوس امام پر عمل کرے در المختار مین کتاب الصلوۃ مین بحث جمع بین الصلاتین مین ہی ولا باس بالتقلید عند الضرورۃ لکن بشرط ان یلتزم جمیع ما یوجبہ ذلک الامام لما قدمنا ان الحکم الملفق باطل بالاجماع انتہی اور جسنے تقلید کسی امام کی ایک مسئلہ خاص مین کی اوسپر یہ لازم نہین کہ ہمیشہ کل مسئلون مین اوس امام کی تقلید کرے حسن شرنبلالی رسالۂ العقد الفرید لبیان الراجح من جواز التقلید مین لکھتے ہین واعلم ایضا انہ یجوز العمل بجملۃ مسائل کل منہا علی مذہب مستقل لما علمتہ و یقول المحقق ابن الہمام وہل یقلد غیرہ ای غیر من قلدہ اولا فی شئ فی غیرہ ای غیر ذلک الشئ کان یعمل اولا فی مسئلۃ بقول ابی حنیفۃ و ثانیا فی اخری بقول مجتہد آخر المختار کما ذکرہ الآمدی و ابن الحاجب انتہی اور مسئلہ مفقود مین حنفیہ کے نزدیک عند الضرورت بتقلید مالکیہ و شافعیہ بعد چار برس کے نکاح ثانی کردینا درست ہے جامع الرموز مین ہے قال مالک و الاوزاعی الی اربع سنین فینکح عرسہ بعدہا کما فی النظم فلو افتی بہ فی موضع الضرورۃ ینبغی ان لا باس بہ علی ما اظن انتہی اور رد المحتار مین ہے ذکر ابن وہبان فی منظومتہ انہ لو افتی بقول مالک فی موضع الضرورۃ یجوز انتہی اور امام مالک کے نزدیک بعد گذرنے چار برس کے عدت وفات لازم ہے اوسکے بعد نکاح جائز ہے بعد اوسکے اگر زوج اول آوے اوسکو کچھہ حق نہوگا اگر ثانی نے صحبت کی ہو موطا مالک و شرح زرقانی مین ہی مالک عن یحیی بن سعید عن سعید بن المسیب ان عمر بن الخطاب قال ایما امراۃ فقدت زوجہا فلم تدر این ہو فانہا تنتظر اربع سنین ثم تعتد اربعۃ اشہر و عشرا ثم تحل للازواج و روی نحوہ عن علی و عثمان قال مالک و ان تزوجت بعد انقضاء عدتہا فدخل بہا زوجہا او لم یدخل بہا فلا سبیل لزوجہا الاول الیہا اذ جاء او ثبت انہ حی لان الحاکم اباح

لہ بسبب عدم موجودگی منقول عنہ کے تطابق عبارت کا [illegible] ۱۲

للمرأة الزوج مع امکان حیاتہ قال مالک وذلک الامر عندنا فالعقد بمجردہ یفیتہا ثم رجع مالک من ھذا قبل موتہ بعام وقال لایفیتہا علی الاول الا دخول الثانی غیر عالم بحیاتہ واخذ بہ ابن القاسم واشہب قال فی الکافی ہو الاصح من طریق الاثر لانہا مسئلۃ قلدنا فیہا عمر رض انتہی تسپر حنفیہ بھی اسکے موافق فتوی دیسکتے ہین کوئی ضرورت تفریق قاضی وحاکم کی نہین اور ایک روایت حضرت عمر رض سے عبدالرزاق وبیہقی وغیرہ نے یہ بھی کی ہے کہ اونہون نے بعد آنے زوج اول کے اوسکو اختیار دیا درمیان اسکے کہ اپنی زوجہ سے لیوے یا مہر واپس کرائے اور اوسکو نہ لیوے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۹۶ **استفتا بطور مکتوب** بخدمت ذوالفضل والمکرمۃ مصدر الفضائل منبع الفواضل جناب مولانا مولوی محمد عبدالحی صاحب لازالت شموس فیوضکم بازغۃ کمترین نیازمندان خلیل احمد بعد تبلیغ تسلیمات وتحیات مسنونہ کے ملتمس ہے - کہ کتاب عبقات الانوار مولفہ حامد حسین لکھنوی سرسری نظر سے گذری اوسمین ایک روایت جسکو درباب خلافت بلافصل حضرت علی رضی اللہ عنہ وبطلان خلافت شیخین رضوان اللہ علیہم اجمعین نص صریح سمجھا ہے اور بزعم خود کتب اہل سنت سے نقل کیا ہے دیکھی اوسمین حوالہ ایسے کتب مصنفین کے دئے ہین جنکے حالات سے سنیان بھی آشنا نہین باعتماد وسعت علم ونظر ووفور فیض وکرم جناب سامی کو استفسار چند امور سے تکلیف دیتا ہون براہ عنایت جواب عنایت ہو اور بہت جلد عنایت ہو اول روایت خیال فرمائیے - بدرالدین محمد بن عبداللہ شبلی حنفی درکتاب آکام المرجان فی احکام الجان میگوید

وقد ورد ما یدل علی ان ابن مسعود حضر لیلۃ الجن بمکۃ غیر لیلۃ الحجون فقال ابونعیم نا سلیمان بن احمد نا محمد بن عبداللہ الحضرمی نا علی بن الحسین بن ابی بردۃ البجلی نا یحیی بن یعلی الاسلمی عن حرب بن صبیح نا سعید بن مسلم عن ابی مرۃ الصنعانی عن ابی عبداللہ الجدلی عن عبداللہ بن مسعود قال استتبعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ الجن فانطلقت معہ حتی بلغنا اعلی مکۃ فخط علی خطۃ وقال لاتبرح ثم انصاع فی الجبال فرأیت الرجال ینحدرون علیہ من رؤس الجبال حتی حالوا بینی وبینہ فاخترطت السیف وقلت لاضربن حتی استنقذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم ذکرت قولہ لاتبرح حتی اتیک فلم ازل کذلک حتی اضاء الفجر فجاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وانا قائم فقال مازلت علی حالک قلت لو مکثت

[illegible]

شهرا ما برحت حتی تاتینی ثم اخبرته بما اردت ان اصنع فقال لو خرجت ما التقیت انا وانت الی یوم القیمة ثم شبک اصابعه فی اصابعه وقال انی وعدت ان تومن بی الجن والانس فاما الانس فقد آمنت بی واما الجن فقد رائیت وما اظن اجلی الا قد اقترب قلت یا رسول الله الا تستخلف ابا بکر فاعرض عنی فرائیت انه لم یوافقه قلت یا رسول الله الا تستخلف عمر فاعرض عنی فرائیت انه لم یوافقه قلت یا رسول الله الا تستخلف علیا قال ذلک والذی لا اله غیره لو بایعتموه واطعتموه ادخلکم الجنة آینا حدیث ابو نعیم تاج المحدثین سنیان روایت کرده وبتغیر یسیر امام احمد حنبل نیز روایت کرده قد روی الامام احمد عن عبد الرزاق عن ابیه عن مینا عن عبد الله بن مسعود قال کنت مع النبی صلی الله علیه وسلم لیلة الجن فتنفس فقلت ما لک یا رسول الله نعیت الی نفسی یا ابن مسعود قلت استخلف قال من قلت ابو بکر قال فسکت ثم مضی ساعة ثم تنفس قلت ما شانک بابی وامی یا رسول الله نعیت الی نفسی یا ابن مسعود قلت استخلف قال من قلت عمر فسکت ثم مضی ساعة ثم تنفس قلت ما شانک نعیت الی نفسی یا ابن مسعود قلت فاستخلف قال من قلت علی قال والذی نفسی بیده لئن اطاعوه لیدخلن الجنة اکتعین وصاحب آکام المرجان از فقهاء وعلماء اعیان وفضلاء ذی نہاد محدثین عالیشان ست ذہبی در معجم مختص گفته محمد بن عبد الله الفقیه العالم المحدث بدر الدین ابو البقاء الشبلی السابقی الدمشقی الحنفی ومصطفی بن عبد الله القسطنطینی الچلپی در کشف الظنون گفته ـ آکام المرجان للقاضی بدر الدین الخ وسیوطی ہم در رساله تحفة الجلساء برویة الله للنساء ازو نقل آورده موفق بن احمد المعروف باخطب خوارزم در کتاب مناقب علی این روایت آورده و ملا عمر در وسیلة النجاة المتعبدین نقل کرده و شہاب الدین احمد در کتاب توضیح الدلائل علی ترجیح الفضائل گفته رواه الحافظ ابو نعیم فی کتابه دلائل النبوة وعبد القادر بن محمد الطبری که او از اکابر علمای مکه معظمه است در کتاب حسن السریرة فی حسن السیرة از دلائل النبوة مبسوطا این نقل کرده انتهی عبارت العبقات مختصرا پس امور مستفسره یہ ہین کہ بدر الدین صاحب آکام معتبر علماء سے ہے یا نہین اور کتاب آکام پایۂ اعتبار کو پہونچی ہے یا نہین اور مصطفی بن عبد اللہ و ذہبی وغیرہ سے جو تعدیل نقل کی ہے یہ تعدیل اور معدل بھی قابل اعتماد ہین یا نہین سیوطی تو معتبر مشہور ہین جیسے اخطب خوارزم یمانی کذاب غیر معتبر با این ہمہ یہ روایت ابو نعیم اور امام احمد نے نقل کی ہے یا نہین درصورتیکہ نقل کی ہے تو اسکی کیا توجیہ ہوگی اور دوسری

روایت کے ساتھ تسمیہ لیلۃ الجن عدم ہمراہیتہ مذکور ہے ولیکن فقدناہ مذکور ہے کیونکر توافق ہوگا آیا واقعہ متعدد پر محمول ہوگا یا دوسری توجیہ کیجائیگی فقط فوائد بہیہ مین جو بعنایت جناب مولانا خادم حسین صاحب میرے پاس پہونچی بدر الدین کو دیکھا گیا مگر نہین ملا اس سوال کے جواب کا امیدوار ہون مفصل با اسناد وشواہد تحریر ہو فقط ملتمس خلیل احمد از مدرسہ عربی اسلامی ریاست بہاولپور یکم رجب یوم پنجشنبہ سنہ ۱۳۰۳ ہجری آز محمد عبد الحی عفا عنہ بخدمت مولوی صاحب مجمع علوم منبع فہوم جناب مولوی خلیل احمد صاحب دامت مکارمہ بعد ادای ہدیہ سلام مسنون مع ضمیمہ شوق مشحون ابراز مضمون یہ ہے عنایت نامہ مورخہ یکم رجب پہونچا مضمون مندرج معلوم ہوا بسبب قلت فرصت کے تحریر جواب مین تاخیر ہوئی معاف فرمائیے گا تحقیقت امور مستفسرہ کی یہ ہی کہ مؤلف آکام المرجان معتبر ہے جو توثیق حامد حسین نے اوسکی ذہبی وغیرہ سے نقل کی وہ ٹھیک ہے مینے بہی اونکا حال فوائد بہیہ کی تعلیقات مین لکہدیا ہے صفحہ ۱۲ مین ملاحظہ فرمائیے گا اور دونون روایتین جو حامد حسین نے نقل کین ایک تخریج ابونعیم دوسری تخریج امام احمد وہ دونون بجنسہ آکام المرجان مین باب نوزدہم مین مذکور ہین مگر روایت امام احمد مین مینار مولے عبد الرحمن بن عوف ابن مسعود سے راوی ہے اور مینار کے باب مین لسان المیزان للحافظ ابن حجر مین اور میزان الاعتدال للذہبی مین ساقط مرقوم ہے اور ابن عراق نے تنزیہ الشریعہ عن الاخبار الموضوعہ کے مقدمہ مین لکہا ہی

مینار بن ابی مینار مولے عبد الرحمن بن عوف روی عن مولاہ وعن عثمان وابن مسعود قال ابو حاتم کذاب لیکن روایت ابونعیم وغیرہ مین ابو عبد اللہ جدلی کی متابعت مروی ہی اسوجہ سے یہ حدیث ساقط نہین غایۃ الامر یہ کہ ضعیف ہوگی بضعف مغتفر اور بلحاظ تعدد طرق اس حدیث کو مرزا محمد معتمد خان بدخشی نے رسالہ تحفۃ المحبین فی مناقب الخلفاء الراشدین مین منجملہ احادیث حسان کے مذکور کیا ہے اور اس حدیث مین جو شرکت ابن مسعود رض کی لیلۃ الجن مین مذکور ہے وہ منافی روایت فقدناہ لیلۃ الجن کے نہین ہی بوجہ اسکے کہ یہ دو واقعہ ہین آکام المرجان مین مفصلا ذکر کیا ہے کہ لیلۃ الجن چہہ مرتبہ واقع ہوئی بعض لیالی مین ابن مسعود شریک تھے اور بعض مین نہین باقی رہا استدلال حامد حسین کا ساتھہ اس روایت کے اوپر خلافت مرتضوی کے وہ صحیح نہین حقیقت الامر یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو استخلاف صریح کسیکے باب مین منظور نہتا بدین خیال کہ اگر صراحۃ کسیکا استخلاف کیا جاوے اور بعض لوگ اوسکی اتباع نکرین

تو وہ مستحق عذاب ہو جاوینگے جیساکہ سیوطی تاریخ الخلفاء میں لکھتے ہیں فی سنہ ذکر سامی عدم استخلافہ قال البزار فی مسندہ حدثنا عبد اللہ بن وضاح الکوفی حدثنا یحیی بن الیمان حدثنا اسرائیل عن ابی الیقظان عن ابی وائل عن حذیفۃ قال قالوا یا رسول اللہ الا تستخلف علینا قال ان استخلفت علیکم فتعصون خلیفتی ینزل علیکم العذاب واخرجہ الحاکم فی المستدرک انتہی اسیوجہ سے ابن مسعود نے جب ابو بکر و عمر رضہ کی استخلاف کے واسطے عرض کیا آپنے اعراض و سکوت فرمایا اس سے یہ نہیں ثابت ہوتا ہی کہ یہ اعراض یا سکوت بسبب عدم استحقاق خلافت اور علی مرتضی رضہ کے باب میں آپ نے نعم وغیرہ کلمات دالہ استخلاف مرتضوی پر ارشاد نہیں کیے تا مطلب رفاض ثابت ہو بلکہ آپ کو چونکہ معلوم تہا کہ مرتضی سے لوگ مخالفت کرینگے اور زمانۂ خلافت میں انکے فتن عدیدہ ہونگے اسوجہ سے آپ نے اونکی اطاعت واتباع کی ترغیب فرمائی و بالجملہ فلیست الروایۃ صریحۃ فی استخلافہ ولا فی استحقاقہ بالنسبۃ الی غیرہ ومن ادعی فعلیہ البیان واللہ اعلم بما فی ضمیر نبیہ صلعم امید کہ ہمیشہ از امور متعلقہ فقیر را اطلاع دادہ باشند و السلام فقط

۲۹۷ **استفتا** کیا فرماتے ہیں علماء احناف رحم کرے اللہ آپ لوگون پر اور برکت دے علم میں کہ فیض پہونچاتے ہیں علم سے اپنے خلائق کو اس قول میں صاحب قدوری کے کہ کہا لا تصح الجمعۃ الا فی مصر جامع او فی مصلی المصر ولا تجوز فی القری یعنے نہیں صحیح ہوتی ہے ادا اسے نماز جمعہ مگر مصر جامع میں اور نہیں صحیح ہوتی گانوں میں آیا یہ صحیح و موافق اصول مقررہ حضرات حنفیہ کے ہے اور ہم مقلدین مذہب حنفیہ کو عمل کرنا اس قول پر لازم ہے یا نہیں **الجواب** ہاں قول مذکور صاحب قدوری کا مطابق اصول مذہب حنفی کے ہی اور فقہاے حنفیہ کا بالتمام اسپر اتفاق ہے اسواسطے جمہور مصنفین حنفیہ اسپر چلے ہیں کما ان علامۃ محمد علاء الدین الحصکفی رح ذکر فی شرح الدر المختار ویشترط لصحتہا سبعۃ اشیاء الاول المصر وفی الکبیری شرح منیۃ المصلی اما شروط الاداء فستۃ ایضا الشرط الاول المصر او فناءہ فلا تجوز فی القری عندنا وہو مذہب علی بن ابی طالب و حذیفۃ وعطاء والحسن بن ابی الحسن والنخعی ومجاہد وابن سیرین والثوری وسحنون خلافا للائمۃ الثلاثۃ لما روی ابن ابی شیبۃ عن علی رضی اللہ عنہ انہ قال لا جمعۃ ولا تشریق ولا صلوۃ فطر ولا اضحی الا فی مصر جامع او مدینۃ عظیمۃ وصححہ ابن حزم فی المحلی وروی مرفوعا وہو ضعیف ولکن الموقوف فی مثل ہذا کالمرفوع لانہ من شروط العبادۃ وہی من احکام الوضع ولا مدخل للوالی فیہا یعنے جیساکہ علامۃ محمد علاء الدین حصکفی نے ذکر کیا

ف کتاب الصلوٰۃ

از قصبہ سیدرکار [illegible] پوسٹ آفس [illegible] ضلع [illegible] مرسلہ مولوی عبد العزیز صاحب تحریر ہشتم شعبان روز پنجشنبہ [illegible] ہجری

در المختار میں کہ شرط ہی واسطے صحیح ہونے ادا ے جمعہ کے سات چیز اور میں سے پہلے مصر کا ہونا ہے اور کبیری شرح منیۃ المصلی میں ہے کہ شرط ادا ے جمعہ کے تیرہ ہیں پہلے شہر یا کنارہ شہر ہے نزدیک ہمارے حنفی المذہب کے اور یہ مذہب ہے صاحبان مذکورین کا خلاف ہے ائمہ ثلاثہ کے اسیلیے کہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے علی رض سے کہ نہین ہے جمعہ اور تشریق اور نہ ضحیٰ کی نماز سوا مصر جامع یعنے بڑے شہر کے اور صحیح کیا اس قول کو ابن حزم نے محلی مین اور روایت کیا گیا مرفوع کرکے حالانکہ یہ کہنا ضعیف ہے لیکن اس مادہ مین موقوف مانند مرفوع کے ہے اسواسطے کہ یہ شروط عبادت سے ہے اور ہے یہ وضع احکام سے اور گنجایش نہین داخل کرنا راے کا اس مین اور یہی علامہ شیخ احمد الطحطاوی نے حاشیہ مراقی الفلاح شرح نور الایضاح مین اسطرح بیان کیا وظاہر ما ذکرہ ان الحدیث مرفوع وہو الذی ذکرہ ابو یوسف فی الاملاء ومحمد فی الاصل ورواہ ابن ابی شیبۃ موقوفا عن علی والموقوف فی مثلہ کالمرفوع قال الکمال وکفی بقول علی قدوۃ وفی العینی شرح صحیح البخاری ثم استدل ابو حنیفۃ رح بما رواہ عبد الرزاق عن علی رض قال لا جمعۃ ولا تشریق الا فی مصر جامع وکذا رواہ ابن ابی شیبۃ عن حجاج النخعی وروی ایضا بسند صحیح نا جریر عن منصور الخ وما قال النووی حدیث علی رض متفق علی ضعفہ فکانہ لم یطلع علی الاثر الذی فیہ الحجاج ولم یطلع علی طریق جریر عن منصور فانہ سند صحیح ولم اطلع لم یقل بما قال بلکہ واسطے صحت جمعہ کے مخصوص مکان کا ہونا بالاجماع مراد ہے کیونکہ جائز نہین جمعہ جنگل اور میدان مین بالاتفاق اسیلے امام شافعی رح کے نزدیک ادا ے جمعہ صحیح نہین سوا ے ایسے گاؤں کے جہان چالیس مرد آزاد مکلف بستے ہون اور امام احمد رح کے نزدیک بھی ایسا ہی ہے اور امام مالک رح کے پاس صحت ادا ے جمعہ کے لیے وہ جگہہ شرط ہے جہان ملا ہوا بستی اور مسجد و بازار ہو کما یدل من عبارۃ المیزان لعبد الوہاب الشعرانی رح ومن ذلک قول الشافعی لا تصح الجمعۃ الا فی ابنیۃ یستوطنہا من تنعقد بہم الجمعۃ من بلدۃ او قریۃ مع قول بعضہم لا تصح الجمعۃ الا فی قریۃ اتصلت بیوتہا ولہا مسجد وسوق ومع قول ابی حنیفۃ ان الجمعۃ لا تصح الا فی مصر جامع لہم سلطان اور آیت وجوب جمعہ بھی کچھہ مطلق نہین ہے یعنے ہر جگہہ مین جائز ہونے کا حکم شامل نہین جیسا مذکور کبیری مین ہے ان قولہ تعالے فاسعوا الی ذکر اللہ لیس علی اطلاقہ اتفاقا اذ لا یجوز فی البراری اجماعا فہم قدروا القریۃ ونحن قدرنا المصر وہو اولی بحدیث

علی قریٰ سیما ولا معارض لہ اذ لم ینقل عن الصحابۃ انہم حین فتحوا البلاد اشتغلوا بنصب المنابر والجمع الا فی الامصار وفی مراقی الفلاح ولم ینقل عن الصحابۃ رضی اللہ عنہم اجمعین انہم حین فتحوا البلاد اشتغلوا بنصب المنابر والجمع الا فی الامصار دون القری ولو کان لنقل ولو آحادا فلا بد من الاقامۃ بمصر و فی حاشیتہ وکذا لم ینقل انہ صلی اللہ علیہ وسلم امر باقامۃ الجمعۃ فی قری المدینۃ علی کثرتہا آہ جب اس سے معلوم ہوا کہ ہمارے علمائے احناف کے پاس بالاتفاق واسطے صحت اداے جمعہ کے مصر شرط ہے اسلیے حکم دیدین سب عدم جواز جمعہ کا گاؤن مین کیونکہ انتفای شرط سے انتفای مشروط لازم آتا ہے لہذا ذکر صاحب الطحطاوی ورد المحتار قال فی النہر ولہا شرائط وجوب واداء منہا ما ہو فی المصلی ومنہا ما ہو فی غیرہ والفرق ان الاداء لا یصح بانتفاء شرطہ ویصح بانتفاء شرط الوجوب آہ وذکر صاحب البنایۃ تصریحا وتاییدا لقول الماتن ہو قولہ لا تجوز فی القری وانما ذکرہ مع انہ مستفاد من قولہ السابق نفیا لمذہب الشافعی فانہ لا یشترط المصر بل یجوز فی کل موضع اقامتہ سکنۃ اربعون رجلا احرارا وبہ قال احمد وقال مالک تقام باقل من اربعین پس منافی نہین اس سے عبارت قہستانی کی جو مذکور ہے تحت قول ماتن کے وتقع الجمعۃ فرضا ان صلاہا فاقدہا والکلام یشیر الی انہا تقع فرضا فی القصبات والقری الکبیرۃ التی فیہا اسواق قال ابو القاسم ہذا بلا خلاف اذا اذن الوالی او القاضی ببناء المسجد الجامع واداء الجمعۃ لان ہذا مجتہد فیہ فاذا اتصل بہ الحکم صار مجمعا علیہ واذا لم یاذن بذلک لا تصح اقامتہا فیہا وعلیہ یحمل ما فی البحر لا تصح فی قریۃ ولا مفازۃ لقول علی رضی اللہ تعالی عنہ لا جمعۃ ولا تشریق ولا صلوۃ فطر ولا اضحی الا فی مصر جامع او مدینۃ عظیمۃ ثم قال فلا تجب علی غیر اہل المصر کذا فی الطحطاوی وفیہ ایضا ذکر المصنف رح وعبارۃ القہستانی تفید انہ لا بد من الاذن بالبناء وباداء الجمعۃ ونصبہا پس جب ثابت ہوا ادلہ مذہب سے کہ قول صاحب قدوری کا مطابق مذہب حنفی کے ہے اور پیروی کی اسکی جمہور فقہای محققین نے اور ترجیح دی اسکو اوپر کے طبقے والے مرجحین نے بلکہ کسی فقیہ مذہب حنفی نے اشتراط مصر برای صحت اداے جمعہ کا انکار نہین کیا تو لازم ہے مقلدین پر عمل کرنا ساتھ اس قول کے جیسا کہ فرمایا سید محمد امین رح نے رد المحتار مین فعلینا اتباعہم ویؤیدہ ما قدمہ الشارح فی رسم المفتی واما نحن فعلینا اتباع ما رجحوہ وما صححوہ کما لو افتونا فی

حیا تہم الحق احق بالاتباع اور جو مقلد خلاف اسکے کرے وہ تمسک اوسکا جائز نہین کما فے الدر المختار واما المقلد فلا ینفذ قضاؤہ بخلاف مذہبہ اصلا کما فے القنیۃ قلت ولا سیما فی زماننا فقط کتبہ الفقیر الحقیر الراجی لطف ربہ الخفی محمد عبد الواحد الحنفی

في الواقع آیت فرضیت جمعہ بالاجماع مخصص ہے پس تقیید اوسکی بحدیث اولی ہے اور حنفیہ نے حدیث علی رض کو کہ مروی ہے مرفوعا وموقوفا والموقوف اصح اور اس باب مین حکم مرفوع کا رکھتی ہے مخصص ٹھرائی اور مجرد راے تخصیص نہین کی اور اس مذہب مین کسیطرح کی مخالفت اصول کی نہین ہے تفصیل اسکی فتح القدیر حاشیۂ ہدایہ وبنایہ شرح ہدایہ للعینی وغیرہ مین موجود ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

کتاب الصلوۃ

۲۹۰ **استفتا** کیا فرماتے ہین علماے احناف رحم کرے اللہ تعالے آپ لوگون پر اور برکت دے آپ لوگون کے علم مین کہ فیض پہونچاتے رہین علم سے اپنے خلائق کو اس قول مین صاحب قدوری کے کہ لا تصح الجمعۃ الا فے مصر جامع او فے مصلے المصر ولا تجوز فے القرے یعنے نہین صحیح ہوتی ہے ادا ے نماز جمعہ مگر مصر جامع مین یا عیدگاہ مصر جامع مین اور نہین صحیح ہوتی ہے گاؤن مین آیا یہ صحیح وموافق اصول مقررہ حضرات حنفیہ کے ہے اور ہم مقلدین مذہب حنفیہ کو عمل کرنا اس قول پر لازم ہے یا نہین بینوا **الجواب** ہان عبارت مندرجۂ سوال موافق روایات بعض اصحاب الراے کے ہے اور کتب فقہ مین بھی مذکور ہے لیکن انہون نے واسطے تحقیق امر وجرح کے یہ شرط مقرر کی حقیقۃً موقوفیت صحت اداے جمعہ کا ان شرطون پر نہین ہے چنانچہ علامۂ شعرانی نے اپنی میزان مین اسکی تصریح فرمائی بعد ذکر مسائل الاختلاف کے ان ہذہ الشروط انما جعلہا الائمۃ تخفیفہا علے الناس ولیست بشرط فی الصحۃ فلو صلے المسلمون فی غیر ابنیۃ ومن غیر حاکم جاز لہم ذلک کیونکہ بنظر تحقیق فرضیت جمعہ کے مقید ان شروط قیاسیہ کے ساتھ نہین کیونکہ جو نص قرآنی ونص حدیث نبوی مثبت فرضیت جمعہ ہے وہ ان شرطون کے ساتھ مقید نہین کما ذکر العلامۃ ایضا فی میزانہ

بعد بیان الشرائط التی اشترطہا بعض العلماء بالرای لان اللہ تعالی قد فرض علیہم الجمعۃ و سکت من اشتراط ما ذکرہ الائمۃ انتہی فبہذا تطمئن القلوب وتستریح النفوس پس اگر ادائے جمعہ جو بدلیل قطعی بلا اشتراط قرآن و حدیث مین ثابت ہے ان قیود قیاسیہ ظنیہ غیر مقیدہ کے ساتھ جو خود ہی فی نفسہ متزلزل اور متردد فیہ ہے مقید مانا جاوے تو لازم آتی ہے تقیید شئی مطلق اور زیادت علی الکتاب بالقیاس اور وہ نسخ ہے اور اس سے لازم آویگا نسخ کتاب اللہ بالقیاس اور وہ باطل ہے بالاتفاق چنانچہ لکھا ہے ہمارے علماے اصول رحمہم اللہ تعالے نے و لا خلاف بین الجمہور ان القیاس لا یصلح ناسخا و کذلک الاجماع اور جبکہ ہمارے علماے حنفیہ رحمہم اللہ تعالے نے زیادت علی الکتاب کو خبر واحد سے جائز نہین رکھا تو قیاس جو ادون ہے اوس سے اور وہ بھی کون قیاس جو مختلف فیہ ہے اور جسمین کمال اضطراب ثابت ہو کب صالح اس بات کا ہوگا کہ اس سے زیادت علی الکتاب جائز ہو چنانچہ ہمارے بعض علماے حنفیہ نے قرأت فاتحہ کو اسوجہ سے رکن صلوۃ قرار نہین دیا کہ اگر اوسکو رکن مانا جاوے تو نص مطلق فاقرؤا ما تیسر من القرآن زیادت بخبر واحد لازم ہوگی اور وہ باطل ہے اور اسیطرح حد زنا دبکر مین جلا وطن کرنے کو حد نہین تسلیم کیا تاکہ نص اَلزَّانِیَۃُ وَالزَّانِیْ فَاجْلِدُوْا کُلَّ وَاحِدٍ مِّنْہُمَا مِائَۃَ جَلْدَۃٍ پر زیادت بخبر واحد لازم ہوگی اور اسیطرح بہت سے امثلہ اصول کے ہین پس کوئی وجہ نہین ہے کہ نص مطلق یٰاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَۃِ فَاسْعَوْا اِلٰی ذِکْرِ اللّٰہِ وَذَرُوا الْبَیْعَ کو خبر واحد بھی نہین مقید بشرط ظنیہ قیاسیہ مانا جاوے اور بر تقدیر تقیید انکے نزدیک مستلزم نسخ مطلق آیات و موجب زیادت علی الکتاب ہو اور یہ عقلاً و نقلاً باطل اور تفریق بلا فارق ہے اور جب جمعہ مطلق فرض ہے جسکے تارک کی نسبت فلا جمع اللہ الخ ارشاد ہوا ہے اور جسکو ہمارے علما نے اکبر شعار الاسلام سے لکھا ہے پس اسوجہ سے محققین کے نزدیک جمعہ مصر اور قریہ خاصہ کے ساتھ مقید نہین بلکہ ہر جگہہ جہان مسلمان ادا کرین صحیح ہے اسکی دلیل بخاری کی اس روایت سے ثابت ہوتی ہے کہ حضرت انس رض نے مقام زاویہ مین جو ایک چھوٹا سا گاؤن تھا جمعہ پڑھا اسکی مؤید یہ ہے وکان انس بن مالک فی قصرہ احیاناً یجمع واحیاناً لا یجمع وہو بالزاویۃ علی فرسخین و عن ابن عباس قال ان اول جمعۃ جمعت بعد جمعۃ فی مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فی مسجد عبد القیس بجواثی قریۃ فی البحرین اس حدیث کی صحت پر تو علما متفق ہین او علمای احناف کو بھی بغیر تسلیم کرنے اسکے چارہ نہین آور نیز ثابت ہے کہ حضرت زرارہ اور حضرت مصعب بن عمر نے قبل تشریف آوری آنحضرت صلعم کے مدینہ منورہ مین جمعہ قائم کیا حالانکہ حدود فقہا اسپر صادق نہتی اور نیز حجۃ اللہ البالغہ مین حضرت شاہ ولی اللہ نے جو بڑے حنفی مشہور تھے یہ حدیث نقل فرمائی الجمعۃ واجبۃ علی کل قریۃ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ قید مصر نہین پس اس نص قطعی کو جس حدیث سے صاحب ہدایہ وغیرہ نے مصریت مشروط کرنے پر استدلال کیا ہے وہ بتصریح ائمہ حدیث جیسا کہ امام نووی نے لکھا ہے ضعیف ہے اور بعض احناف نے جو اسکی تعدیل کی ہے وہ بھی غیر مفید ہے اور اس وجہ سے کہ جرح تعدیل پر مقدم ہے دوسرے درصورت تعدیل بھی وہ کب صالح اس بات کی ہے کہ اطلاق نص کے دافع ہو اور حدیث موقوف سے احادیث مرفوعہ معارض ہین اور تاویلات عقل سے نص قطعی پر زیادتی ثابت کرے حالانکہ یہ باطل ہے علاوہ اسکے خود فقہای حنفیہ کے کلام سے مستنبط ہوتا ہے کہ وے سب بھی اس شروط ظنیہ کا کچھ اعتبار نہین کرتے ہین چنانچہ صاحب تفسیر احمدیہ وشرح نقایہ وغیرہما کی روایت مین تصریح ہے واللہ اعلم بالصواب وعلمہ احکم کتبہ العبد المذنب محمد اسمعیل عفا اللہ عنہ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم حامدا ومصلیا امابعد یہ جواب مخدوش ہے بچند وجوہ انکی تفصیل کے واسطے ایک دفتر چاہیے مختصراً بیان لکھے جاتے ہین **قولہ** موافق روایات بعض اصحاب الرائے کے ہے یہ صحیح نہین اسوجہ سے کہ شرط مصر باتفاق حنفیہ ہے ہان تعریف مصر مین اونمین اختلاف ہے **قولہ** شعرانی نے اپنی میزان مین اسکی تصریح فرمائی الخ یہ کلام شعرانی کا نہین ہے بلکہ میزان مین قال بعض العارفین ان ہذہ الشروط انما جعلہا الائمۃ الخ مذکور ہے **قولہ** مقیدان شروط قیاسیہ کے ساتھ نہین یہ لفظ قیاسیہ کا کہین میزان مین نہین ہے اور شروط ائمہ کے اکثر اونمین خصوصا شرط مصر قیاسیہ نہین ہین بلکہ مستند الی الآثار والاخبار ہین **قولہ** کما ذکر العلامۃ الشعرانی فی میزانہ الخ میزان مین یہ عبارت تتمہ عبارت سابقہ کا جو قول بعض عارفین ہے علیحدہ نہین ہے **قولہ** تو لازم آتی ہے تقیید مطلق اور زیادت علی الکتاب بالقیاس الخ ہرگز نہین اولا تو اس وجہ سے کہ شرط مصر قیاسی نہین دوسرے اسوجہ سے کہ تقیید آیت فرضیت جمعہ باجماع صحابہ ومن بعدہم وبتواتر معنوی ثابت ہے حجۃ اللہ البالغہ مین ہے قد تلقت الامۃ تلقیا معنویا من غیر

تلقی لفظا انہ یشترط فی الجمعۃ الجماعۃ ونوع من التمدن وکان النبی صلعم ومن خلفاءہ والائمۃ المجتہدون
یجمعون فی البلدان ولا یواخذون اہل البلد وبل لا یقام فی عہدہم فی البلاد ففہموا من
ذلک قرنا بعد قرن وعصرا بعد عصر انہ یشترط لہا الجماعۃ والتمدن انتہی **قولہ** تو قیاس جو ادون ہی
اور کون قیاس الخ حنفیہ نے شرط مصر قیاسا نہین کی بلکہ ہرگاہ باجماع علماء صحابہ ومن بعدہم
یہ امر ثابت ہوا کہ فرضیت جمعہ باب امکنہ مین مطلق نہین ضرور کسی قید کے ساتہ مقید ہے
اور حدیث علی دال ہے اس امر پر کہ اقامت جمعہ مقید بمصر ہے حنفیہ نے اس تقیید کو اولی
لکہا **قولہ** پس کوئی وجہ نہین کہ نص مطلق الخ محض غلط ہے کیونکہ یہ آیت باب امکنہ مین بالاجماع
مطلق نہین فتح القدیر مین ہے القاطع للشغب ان قولہ تعالی فاسعوا الی ذکر اللہ لیس علی
اطلاقہ اتفاقا بین الامۃ اذ لا یجوز اقامتہا فی البراری اجماعا ولا فی کل قریۃ عند الشافعی
فکان خصوص المکان مرادا بالاجماع فقدر الشافعی القریۃ الخاصۃ وقدرنا المصر وہو اولی
لحدیث علی وہو لو عورض بفعل غیرہ کان علی مقدما علیہ فکیف ولم یتحقق معارضۃ ماذکرنا
ایاہ ولہذا لم ینقل عن الصحابۃ انہم لما فتحوا البلاد اشتغلوا بنصب المنابر والجمع الا فی الامصار
دون القری ولو کانت لنقل ولو احادا انتہی **قولہ** اور بر تقدیر تقیید انکے نزدیک مستلزم نسخ مطلق
آیات الخ ہرگز نہین اسوجہ سے کہ اس مقام مین آیت مطلق نہین بالاجماع پس مخصص اسکا اجماع
قطعی ہے اور خبر واحد مین مقدار تخصیص ہے اور رافع اجمال مابہ التخصیص ہے **قولہ** بلکہ ہر جگہ
الخ اسکا کون محقق قائل ہے کہ ہر جگہ حتی کہ بادیہ اور صحرا مین بہی جمعہ فرض ہے **قولہ** وکان
انس احیانا یجمع واحیانا لا یجمع وہو بالزاویۃ علی فرسخین آہ اولا تو اس فعل انس پر قول علی مقدم
ہوگا ثانیا اس اثر سے یہ کہان ثابت ہی کہ ہر جگہ جمعہ جائز ہی کیونکہ جائز ہے کہ زاویہ فناء مصر ہو ثالثا
یہ بہی مطلب ہو سکتا ہے کہ انس رض زاویہ سے کسی جمعہ کو شہر مین آکے جمعہ پڑہتے تہے اور کسی
جمعہ کو نہین نہ یہ کہ وہین جمعہ پڑہتے تہے رابعا یہ ثابت ہونا چاہیے کہ وہ زاویہ کسی تعریف پر
مصر نہ تہا خامسا احیانا لا یجمع سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اونکے نزدیک بہی وہان جمعہ فرض نہ تہا
ورنہ کیونکر کبہی چہوڑ دیتے تفصیل ان سب امور کی شروح صحیح بخاری مین موجود ہے **قولہ**
وعن ابن عباس الخ یہ کہان سے معلوم ہوا کہ جواثی مصر نہ تہا اور اطلاق قریہ سے یہ نہین ثابت ہی

کیونکہ کلام اللہ مین جابجا مصر پر اطلاق قریہ کا آیا ہے **قولہ** حالانکہ حدود دفعتاً راسیہ صادق نہ تھی مدینہ پر اگرچہ سب حدود صادق نہ تھے لیکن حد معتبر تو ضرور صادق ہے **قولہ** وبتصریح ائمہ حدیث الخ یہ غلط ہے سب اسانید اوسکے ضعیف نہین بلکہ بعض صحیح بھی ہین **قولہ** وہ کب صالح اس بات کی ہے کہ اطلاق نص کی رافع ہو الخ اطلاق نص یہان نہین ہے اجماعاً **قولہ** اور حدیث موقوف سے الخ یہ حدیث اگرچہ قول علی رض ہے لیکن اصول مین ثابت ہے کہ قول صحابی مالایعقل بالرائے حکم مرفوع مین ہے اور واجب العمل ہے اور کوئی حدیث مرفوع اسکی معارض نہین واللہ اعلم وعلمہ احکم

استفتا ۲۹۹

ما قولکم فی حق من وطی بالنعم المباح اکلہا وادخل ذکرہ فی فرجہ وانزل ورآہ عادلان مسلمان بل یجوز اکل البہیمۃ الموطوءۃ ولبنہا بینوا توجروا **ہو المصوب** لایحرم لحم البہیمۃ الماکول لحمہا بوطی رجل بہا لکن یکرہ الانتفاع بہا حیاً ومیتاً وینبغی ذبحہا وقتلہا واحراقہا قال فی منح الغفار شرح تنویر الابصار لمؤلفہ ولا حد بوطی بہیمۃ لانہ لیس فی معنی الزنا فی کونہ جنایۃ وفی وجود الداعی الیہ لان الطبع السلیم ینفر عنہ والحامل علیہ نہایۃ السفہ او فرط الشبق الا انہ یعزر والذی یروی انہ تذبح البہیمۃ وتحرق وذلک لقطع التحدث بہ ولیس بواجب قالوا ان کانت الدابۃ مما لا یؤکل لحمہا تذبح وتحرق کما ذکرنا وان کانت مما یؤکل لحمہا تذبح ویؤکل عند ابی حنیفۃ وقالا تحرق ہذہ ایضاً ہذا اذا کانت البہیمۃ للفاعل وان کانت لغیرہ کان لصاحبہا ان یدفع الیہ بالقیمۃ وفی تبیین الکنز یطالب صاحبہا ان یدفعہا الیہ بالقیمۃ ثم تذبح ہکذا ذکروا ولا یعرف الا سماعاً فیحمل علیہ انتہی وفی المجتبی ذبحت ویکرہ الانتفاع بہا حیاتہا وموتہا واطلق الطحاوی انہا اذا کانت لہ ذبحت ولم تؤکل وعن ابی یوسف انہا لا تحرق اذا کانت تؤکل وکان ابو عبد اللہ الجرجانی یقول قول اصحابنا تذبح وتحرق علی وجہ الاستحباب واتی ابن عمر برجل اتی بہیمۃ فلم یحدہ وامر بہا فاحرقت بالنار انتہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۳۰۰

ما قولکم فی رجل یظن ان الاولیاء یعلمون ویسمعون نداء المنادی قریباً وبعیداً ویستمدہ بالفاظ یقولہا الحاضر للحاضر وینذر لہ بالانعام یقول نذرت لہ بینوا توجروا **ہو المصوب** ہذا رجل فاسد العقیدۃ بل یخشی علیہ الکفر فان سماع الاولیاء النداء من بعید لیس بثابت والعلم الکلی بجمیع الجزئیات

ف کتاب الاکل والشرب

از مقام میرپور [illegible] ضلع شکارپور مرسلہ مولوی محمد عظیم مدرس اول مدرسہ سرکاری

ف کتاب العقائد

فی جمیع الازمان مختص باللہ جل جلالہ وقد قال فی الفتاوی البزازیۃ من قال ان ارواح المشائخ حاضرۃ تعلم یکفر انتہی وذکر فیہ ایضا ان من تزوج بشہادۃ اللہ ورسولہ یکفر لانہ ظن ان الرسول یعلم الغیب انتہی والنذر لغیر اللہ حرام ویحرم النذر لغیر اللہ کما بسطہ فی البحر الرائق والدر المختار وغیرہما واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔

۱۰۳ **استفتا** ما قولکم ایہا العلماء الکرام فی ہذہ المسائل۔ سادات صحیح النسب کا یوم القیامۃ منتفع بالنسب ہونا بادلہ شرعیہ ثابت ہے یا نہین اور بتقدیر اول انتفاع سے کیا مراد ہے آیا وہ لوگ باوصف بی علم و بے عمل ہونے اور بحالت فسق وفجور بلا توبہ مرجانے کے بھی بوجہ انتساب الی النبی کے دخول نار سے مطلقاً محفوظ رہینگے اور مواخذات اخرویہ سے مامون ہونگے یا بعد دخول فی النار وسزا پانے معاصی کے بشفاعت محمدی صلعم مثل اور مومنین غیر سادات کے داخل بہشت ہونگے اور اس صورتمین درمیان سادات اور دوسرے مومنین امت محمدیہ کے کیا فرق ہوگا کیونکہ بفحوائے شفاعتی لاہل الکبائر من امتی جملہ مومنین تحت وعد شفاعت داخل ہین۔ کوئی شخص سادات سے بزوال ایمان وسوء خاتمہ مرسکتا ہے یا بی ایمان مرنا سادات کا بدلائل شرعیہ ونصوص احادیث ممتنع ہے اور اگر جائز ہے تو اوسکی دلیل کیا ہی۔ سوائے سادات کے اور اقوام جو شرفا کہے جاتے ہین اور منتسب طرف صالح کے نسبا ونسبۃ ہین جیسے شیخ صدیقی وفاروقی وعثمانی وعلوی غیر فاطمی وہ لوگ باوصف محروم رہنے کے دولت علم وعمل سے اور مبتلا فسق وفجور رہنے اور بلا توبہ مرجانیکے صرف ببرکت صلاح منتسب الیہم کے دخول نار وجملہ مواخذات اخرویہ سے محفوظ رہینگے یا بوجہ فاسق وفاجر ہونے کے سزائے اعمال پاوینگے اور نسبت الی الصالحین عند قیامت اون لوگونکے کام نہ آئیگی سوائے اقوام مذکورہ کے دوسرے اقوام جو بظاہر منتسب طرف کسی صالح کے نہین ہین جیسے افاغنہ ومغل ودیگر اقوام جو عرفا ارذال کہے جاتے ہین اونکے سلسلہ آبا مین اگر کوئی صالح وولی گذرا ہو تو بقیاس الی الشیوخ الصدیقی وغیرہم وہ لوگ بھی باوصف بے ایمان مرجانے یا بحالت فسق وفجور بلا توبہ دنیا سے رحلت کرنیکے بہ برکت ابائے صالح کے مواخذات اخرویہ سے مامون رہینگے یا نہین چونکہ یہ مسائل متنازع فیہا ہین اور منازعین اہل علم ہین جواب ہر شق سوالات کا مفصل ومبسوط بہ تقریر

ف کتاب النوادر
بماہ شعبان مرسلہ مولوی محمد قادر بخش از سہسرام

واضح حاوی ادلۂ ہر امر مندرج جواب ونقل عبارات معتبرات ارقام فرمایا جاوے فقط ہو المصوب

سادات کا بحالت فسق وفجور مرنے کے بلا توبہ دخول نار اور عذاب سے مطلقاً محفوظ رہنا بوجہ انتساب الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نہین ہے بلکہ آثار اور اخبار سے اوسکے خلاف ثابت ہے شیخ نور الدین علی سمہودی جواہر العقدین فی فضل الشرفین ذکر ما ینبغی لاہل البیت مین لکھتے ہین الثالث اجتناب کل قبیح شرعاً فان القبیح من اہل ہذا البیت اقبح منہ من غیرہم ولہذا قال العباس لابنہ عبد اللہ کما فی تاریخ دمشق یا بنی ان الکذب لیس باحد من ہذہ الامۃ اقبح منہ بی وبک واہل بیتک یا بنی لا یکون شیٔ مما خلق احب الیک من طاعتہ ولا اکرہ الیک من معصیتہ فان اللہ ینفعک بذلک فی الدنیا والآخرۃ قلت ومرجع ذلک کلہ ما جاء انہ صلی اللہ علیہ وسلم اوصی باہل بیتہ بتقوی اللہ ولزوم طاعتہ کما سبق فی الذکر الرابع وسبق فی اواخر التنبیہ الاول من الذکر السادس قول الحسن بن المثنی وانی اخاف ان یضاعف للعاصی منا العذاب ضعفین وواللہ انی لارجو ان یؤتی المحسن منا اجرہ مرتین انتہی اور روایت قرآنیہ یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ مَنْ یَّاْتِ مِنْکُنَّ بِفَاحِشَۃٍ مُّبَیِّنَۃٍ یُّضٰعَفْ لَہَا الْعَذَابُ ضِعْفَیْنِ وَکَانَ ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ یَسِیْرًا وَمَنْ یَّقْنُتْ مِنْکُنَّ لِلّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِہَآ اَجْرَہَا مَرَّتَیْنِ وَاَعْتَدْنَا لَہَا رِزْقًا کَرِیْمًا شاہد عدل اس امر پر ہے کہ انتساب الی الصالح باعث تضاعف اجر اعمال صالحہ کا اور تضاعف عذاب اعمال خبیثہ کا ہوتا ہے نہ یہ کہ مطلقاً اعمال خبیثہ مضر نہوں اور اصحاب اعمال سیئہ صرف بوجہ انتساب الی الصالح کے ناجی ہو جاوین اسی وجہ سے حق جلشانہ نے ازواج نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر تضاعف عذاب کی بر تقدیر ارتکاب انکے فواحش کی دی اگر مطلق انتساب الی النبی باعث نجات ہوتا یہ مضمون نازل نہوتا اور نسب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم یا نسب صدیقی یا علوی یا نسب کسی اور صالح کا نفع دنیا وروز قیامت باین معنی کہ اگر وہ شخص اعمال صالحہ کرے تو بہ نسبت اپنے امثال کے درجہ زاید پاوے صحیح ہے یا یہ کہ وہ شخص جسکی طرف انتساب ہے بہ نسبت اور شخصوں کے اسکی طرف زاید التفات کرے اور شفاعت کرے اور باین معنی کہ شخص منتسب باوجود اعمال قبیحہ صرف بوجہ شرافت نسبیہ حق جلشانہ کے نزدیک مغفور ہو جاویگا اور باوجود اعمال سیئہ صرف انتساب الی الصالح کے ذریعہ سے نزدیک حق تعالے کے مکرم ہوگا اور مطلقاً عذاب سے نجات پا کے مرحوم ہوگا محض غلط ہے نص قرآنی اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ اسکے غلط ہونے پر شاہد عدل ہے

امام فخر الدین رازی کی تفسیر کبیر مین تفسیر اس آیت مین مرقوم ہے فان قیل ہذا مبنی علی عدم اعتبار النسب ولیس کذلک فان للنسب اعتبارا عرفا وشرعا حتے لا یجوز تزویج الشریفة بالنبطی فنقول اذا جاء الامر العظیم لا یبقی الامر الحقیر معتبرا وذلک فی الحس والشرع والعرف اما الحس فلان الکواکب لا تری عند طلوع الشمس ولجناح الذباب دوی ولا یسمع عند ما یکون رعد قوی واما فی العرف فلان من جاء مع الملک ما یبقے له اعتبار ولا الیه التفات اذا عرفت ہذا ففی الشرع کذلک اذا جاء الشرف الدینی الالٰہی لا یبقی لامر ہناک اعتبار لا لنسب ولا لنسیب الا ترے ان الکافر وان کان من اعلی الناس نسبا والمؤمن وان کان من ادونہم نسبا لا یقاس احدہما بالآخر ولہذا یصلح للمناصب الدینیة کالقضاء والشہادة کل شریف ووضیع اذا کان دینا صالحا عالما ولا یصلح لشیٔ منہا فاسق وان کان قرشی النسب وفاروقی النسب ولکن اذا اجتمع فی اثنین الدین المتین واحدہما نسیب ترجح بالنسب عند الناس لا عند اللہ لان اللہ یقول وان لیس للانسان الا ما سعے وشرف النسب لیس مکتسبا ولا یحصل بسعے انتہی اور محمد بن عبد الباقی زرقانی شرح مواہب لدنیہ مین لکھتے ہین انما ینظر للاصل والعنصر عند التحلی بالفضائل والتخلی عن الرذائل انتہی اور مسند احمد مین ابو نضرہ سے مروی ہے حدثنی من شہد خطبة النبی صلی علیہ وسلم بمنی وہو علی بعیر یقول یا ایہا الناس ان ربکم واحد وان اباکم واحد لا فضل لعربے علے عجمی ولا لاسود علے الاحمر الا بالتقوے خیرکم عند اللہ اتقاکم اور صحیح مسلم وغیرہ مین ابو ہریرہ رضی سے مروی ہے قال رسول اللہ صلعم من بطأ به عمله لم یسرع نسبه اور ابن جریر وغیرہ نے روایت کی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لا یسألکم عن احسابکم ولا عن انسابکم یوم القیمة الا عن اعمالکم اکرمکم عند اللہ اتقاکم اور کتاب الادب المفرد مین بخاری نے ابو ہریرہ رض سے روایت کی قال رسول اللہ صلعم ان اولیائی یوم القیامة المتقون وان کان نسب اقرب من نسب اور معجم طبرانی مین حدیث معاذ مین مروی ہے لما بعثه رسول اللہ صلعم الی الیمن خرج معه یوصیه ثم التفت الی المدینة فقال ان ہؤلاء اہل بیتی یرون انہم اولی الناس بی ولیس کذلک ان اولیائی المتقون من کانوا وحیث کانوا اور صحیح بخاری مین عمرو بن العاص سے مروی ہے سمعت رسول اللہ صلعم یقول جہارا غیر سر ان آل ابی

فلان لیسوا لی باولیاء انما ولیی اللہ وصالح المؤمنین ہذا لفظ مسلم اور بخاری نے اسقدر زائد روایت کیا ہے لکن لہم رحم سابلہا ببلالہا یعنے اصلہا بالشفاعۃ اور اربعین طائی میں فضیل بن مرزوق سے مروی ہے سمعت الحسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب یقول لرجل ممن یغلوا فیہم ویحکم احبونا للہ فان اطعنا اللہ فاحبونا وان عصینا اللہ فابغضونا فقال الرجل انکم لذو قرابۃ مع رسول اللہؐ واہل بیتہ فقال ویحکم لو کان اللہ نافعا بقرابۃ من رسول اللہؐ بغیر عمل بطاعتہ لنفع بذلک من ہو اقرب الیہ منا اباہ وامہ وانی اخاف ان یضاعف للعاصی منا العذاب ضعفین اور اوردہ ہذہ الاخبار والآثار السمہودی فی مواضع متفرقۃ من الجواہر ان سب سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مجرد انتساب الی الرسول باعث مغفرت وکرامت کا نہیں ہو سکتا ہے جبتک کہ اوسکے ساتھ تقوے منضم نہو ہر گاہ نسب نبوی کا یہ حال معلوم ہوا نسب صدیقی وغیرہ کا بدرجۂ اولی یہی حال ہوگا ہاں نسب نبوی اسقدر مفید ہوگا کہ اولا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اولاد کی شفاعت فرمادینگے اور بہ نسبت عامۂ مؤمنین کے ابتداءً توجہ انکی طرف فرمادینگے جیساکہ حدیث ابن عمرؓ سے قال رسول اللہؐ اول من اشفع من امتی اہل بیتی ثم الاقرب فالاقرب من قریش والانصار ثم من آمن بی واتبعنی من اہل الیمن ثم سائر العرب ثم الاعاجم واول من اشفع لہ اولوا الفضل جو طبرانی نے روایت کی ہے علی ما اوردہ السیوطی فی البدور السافرۃ فی احوال الآخرۃ ثابت ہے وہذا ہو الفرق بین السادات وعامۃ المؤمنین فی باب الشفاعۃ لا ان السادات ناجون مطلقا ولو کانوا فجارا ملا علی قاری کی رسالہ تحقیق الاحتساب فی تدقیق الانتساب میں تفسیر آیہ فلا انساب بینہم یومئذ میں لکھتے ہیں لم یرد ان الانساب تنقطع بل المراد ان احد المجرد النسب لاینفع لان مدار الدین یوم الجزاء علی التقوی انتہی اور بھی لکھتے ہیں ثم اعلم ان مجرد النسب بدون کسب الحسب وتعلم العلم والادب غیر معتبر فی المذہب انتہی اور بھی لکھتے ہیں فالمدار علی العلم والتقوی لا علی مجرد النسب المعتبر فی الدنیا دون العقبی انتہی اور یہی معنے ہیں بقاء نسب نبوی کے بروز قیامت جو مفاد حدیث کل نسب وسبب منقطع یوم القیامۃ الا نسبی وسببی اخرجہ البزار والطبرانی والبیہقی وابونعیم والحاکم وغیرہم

اور حدیث ان الانساب تنقطع یوم القیامۃ غیر نسبی وسببی وصہری اخرجہ احمد والطبرانی والحاکم وغیرہم سے ہے چنانچہ تفسیر اسکی دوسری حدیث میں مروی ہے قال رسول اللہؐ ما بال اقوام یزعمون ان قرابتی لا تنفع ان کل سبب ونسب منقطع یوم القیامۃ الا نسبی وسببی وان رحمی موصولۃ فی الدنیا والآخرۃ اخرجہ البزار وغیرہ اور ایسی ہی دوسری روایت مفسر ہے قال رسول اللہؐ ما بال رجال یزعمون ان رحم رسول اللہ صلعم لا ینفع قومہ یوم القیامۃ بلی وان رحمی موصولۃ فی الدنیا والآخرۃ وانی ایہا الناس فرط لکم علی الحوض اخرجہ احمد والحاکم والبیہقی وغیرہم الحاصل قرابت نبویؐ کو مطلقاً غیر نافع کہنا اور سادات وعامۂ مؤمنین کو من کل الوجوہ مساوی سمجھنا تفریط ہے اور اسکو ایسا نافع سمجھنا کہ باوجود ارتکاب فواحش صرف انتساب الی النبی کو باعث استحقاق نجات جاننا افراط ہے وخیر الامور اوسطہا اس تفصیل سے جواب سوال سوم وچہارم کا بھی معلوم ہو گیا حاجت تفصیل کی نہیں ہے نسب نبوی صلعم کہ جسکی نفع وبقا کی خبر اخبار میں وارد ہوئی جب بانفرادہ باعث نجات واکرمیت عند اللہ بدون انضمام تقوے نہو البتہ باعث استحقاق زائد شفاعت محمدیہؐ ہونا ثابت ہوا نسب صدیقی یا علوی یا کسی اور ولی وصالح کا کیونکر بانفرادہ منشأ نجات ہو سکتا ہے اور جواب سوال دوم کا یہ ہے کہ کسی سید کا مرنا بحالت سوء خاتمہ وزوال ایمان اسکا امتناع عقلاً وشرعاً نہیں ثابت ہے اور ہر سید کا مطلقاً عذاب جہنم سے نجات پا جانا اور ابتداءً جنت میں داخل ہو جانا نصوص معتبرہ سے نہیں ثابت ہے بلکہ عمومات قرآن اور احادیث اسکے خلاف پر دال ہیں باقی وہ حدیثیں کہ اسعاف الراغبین وجواہر العقدین وغیرہ میں مذکور ہیں کہ جنکا مفاد وملخص یہ ہے کہ اہل بیت وسادات کے حق میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاے نجات فرمائی اور پروردگار نے وعدہ اس امر کا فرمایا کہ اولاد فاطمہ پر جہنم حرام ہے اور اہل بیت پر عذاب نہو گا وہ سب عام مخصوص البعض ہیں اور محمول ہیں اوپر صلحاء ومتقین کے یا صرف اولاد صلبی فاطمہ رضہ پر ابن عراق تنزیہ الشریعۃ عن الاخبار الموضوعۃ میں بعد ذکر حدیث ان فاطمۃ احصنت فرجہا فحرمہا اللہ وذریتہا علی النار لکھتے ہیں مما یدل علی ان الحدیث لیس موضوعاً جزماً عند ابن الجوزی انہ قال ان ثبت الحدیث فہو محمول علی ذریتہا الذین ہم اولادہا خاصۃ فان الحسن والحسین سیدا شباب اہل الجنۃ وعلی ذلک حملہ محمد بن علی بن موسی الرضا

فقال ہو خاص بالحسن و الحسین والله اعلم و روی العقیلی عن ابی کریب انه قال ہذا للحسن و الحسین و لمن اطاع الله منہم انتہی اور اس قسم کی حدیثین جو فضائل اہلبیت مین وارد ہین نظیر انکی بہت سی احادیث صحاح ستہ وغیرہ مین مروی ہین کہ جنمین خاص خاص عمل صالح کے کرنے والے پر حکم وجبت له الجنة یا حرمت علیه النار یا فقد دخل الجنة یا فقد امن العذاب ونحو ذلک کا دیا گیا ہے چنانچہ ناظر کتب احادیث پر مخفی نہین ہے پس لازم آتا ہے کہ اصحاب اون اعمال صالحہ کے بہی اگرچہ سیکڑون کبائر کرین کبہی جہنم مین داخل نہون یا وہ لوگ سوء خاتمہ سے امن ہوجاوین اور ببرکت اوس عمل صالح کے جو اونسے صادر ہوا یہ سمجہہ لین کہ ہمکو خوف نہین خاتمہ خواہ مخواہ ہمارا بالخیر ہوگا اور باقتضاء اوس حدیث کے ضرور ہمکو مغفرت و نجات حاصل ہوگی حاشا وکلا ہذا لم یقل به احد من الفقهاء والمحدثین والعلماء المعتبرین کما لا یخفے علی من طالع کتب الکلام والفقه والحدیث فالجواب الجواب والله اعلم بالصواب حررہ الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی ۞

استفتا ۳۰۲ زید نے واسطے رخصت کرانے اپنی زوجہ ہندہ کے عدالت مین نالش کی ہندہ جو بالغہ عاقلہ ہے وہ دو عذر پیش کرتی ہے اول یہ کہ زید ناقابل مقاربت یعنے عنین ہے ثانیا یہ کہ دین مہر معجل تہا ابہی تک وہ ادا نہین ہوا ان وجوہ سے وہ اپنے شوہر کے گہر جانے سے انکار کرتی ہے پس آیا وہ عورت شرعًا مجبور کیجا سکتی ہے یا نہین بینوا توجروا ۞ **ہو المصوب** اس صورت مین عذر دوم کا اعتبار کیا جاویگا اور عورت تا ادائے مہر معجل اپنے گہر سے جانے پر مجبور نہ کیجاویگی در مختار مین ہے ولہا منعه من الوطی و دواعیه والسفر بہا ولو بعد وطی وخلوة رضیتهما لاخذ ما بین تعجیله من المهر کله او بعضه او اخذ قدر ما یعجل لمثلها عرفا به یفتی لان المعروف کالمشروط انتہی ملخصا اور طحطاوی حاشیہ در مختار مین ہے قوله والسفر الاولے التعبیر بالاخراج کما عبر به فی الکنز لیعم الاخراج من بیتها کما قاله شارحوه انتہی اور بحر رائق مین ہے واطلق المص الاخراج فیشمل الاخراج من بیتها ومن بلدها فلیس له ذلک انتہی اور عذر اول مانع رخصت ہونے کا نہین ہے بلکہ مسئلہ نکاح عنین کا حکم دیا جاویگا والله اعلم حررہ ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا الله عنه ۞

استفتا ۳۰۳ ما قولکم فی ہذه المسئلة

کتاب النکاح
از موضع رای بریلی محلہ منصفی مرسلہ مولوی محمد حسین صاحب منصف بتاریخ ۱۹ شعبان سنہ ۱۲۹۷ ہجری از قصبہ رنجیت گڈھ منجانب ساکن موضع رام نگر مدعی
ومدارو دنبی بخش ولد سہاری مدعا علیہم

باب الولایۃ
از شہر گورکہپور محلہ خونی پورہ مرسلہ عبد الرحیم خانصاحب

اگر کسی دختر نابالغ کا باپ جو ولی نابالغہ ہے فضول خرچ اور سفیہ ہو اور وہ جائداد نابالغہ کی برباد و ضائع کرتا ہو تو اس صورت مین نابالغہ کا شوہر یا کوئی اور قریب بمقابلہ باپ کے ولی جابر و مہتمم املاک نابالغہ شرعًا ہو سکتا ہے جو حفاظت جائداد نابالغہ کی کرے یا بمقابلہ باپ کے باوجودیکہ وہ مبذر ہے کوئی دوسرا شخص مہتمم اوسکی املاک کا نہین ہو سکتا ہے بینوا توجروا

ہو المصوب ایسی صورت مین کہ باپ مسرف و مبذر ہے حاکم وقت کو چاہیے کہ اوسکے قبضہ سے جائداد نکال کے کوئی وصی مقرر کر دے کہ وہ حفاظت جائداد کرے تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین ہے فی الولوالجیۃ والخلاصۃ لو کان الاب مبذرًا متلفا مال ابنہ الصغیر فالقاضی ینصب وصیا وینزع مال ابنہ عن یدہ ویحفظہ انتہی واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵ ۱۲۹۰ھ

کتاب الصلوٰۃ

از مقام کرنال محلہ راتبان مرسلہ مولوی محمد ابراہیم بن محمد بن ابی الکرنالی الحنفی ماہ شعبان سنہ ۱۲۹۰ ہجری

استفتا بعض زنان ہند چو از قومہ بسجدہ میروند اول بتورک نشستہ بہمان حالت تورک سجدہ میسازند وجمیع سجدات متورکانہ ادا میسازند ہر دو پا را بجانب راست کشیدہ بعض علما نفی آن میکنند ومیگویند کہ نسوان عرب چنین نمیکنند بلکہ در سجدہ پا را مثل مردان قائم و انگشتان را متوجہ بقبلہ میدارند و فعل نسوان ہند بلا دلیل ست درین باب انچہ حق باشد بیان کردہ شود

ہو المصوب اصل این ست کہ از احادیث برای نسوان اختیار صورتیکہ برای ایشان ستر باشد ثابت است حافظ ابن حجر در تلخیص الحبیر می نویسند اخرج ابو داؤد فی المراسیل عن یزید بن ابی حبیب انہ صلعم مر علی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الی الارض فان المرأۃ فی ذلک لیست کالرجل ورواہ البیہقی بطریقین موصولین لکن فی کل منہما متروک انتہی و در سند الانام شرح مسند الامام لعلی القاری مذکور ست ابو حنیفۃ عن نافع عن ابن عمر انہ سئل کیف کان النساء یصلین علی عہد رسول اللہ صلعم فقال کن یتربعن ثم امرن ان یحتفزن ہو بالحاء المہملۃ والفاء والزاء المعجمۃ ای یضممن اعضاءہن بان یتورکن انتہی از نجہت فقہا در کتب خود فروع کثیرہ برای نسوان ذکر کردہ اند کہ دران شرکت مردان نیست منجملہ آن انہم ست کہ در سجدہ نصب قدمین مثل مردان نسازند در بحر رائق می نویسد لا تنصب القدمین کما ذکرہ فی المجتبی انتہی و در جامع الرموز ست والمرأۃ تنخفض ای

توقع التخفیف بالسهو فلا تنتصب اصابع القدمین ولا تبدی الضبعين الخ پس نخ قائم کردن زنان هندیان هر دو پا را وقت سجده موافق اقوال فقها است و آنکه تورک پس در هر دو قعده تشهد ثانیه را تورک مسنون ست چنانکه حموی در حاشیه اشباه می نویسد قوله تتورک ای فی حال جلوسها للتشهد انتهی نه درمیان قومه و سجده والله اعلم حرره ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا عنه

۳۰۵ استفتا چه میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین که شخصی که امامت یک جماعت صلوة عید نموده باشد امامت جماعت دیگر بصلوة مذکوره کردن میتواند یا نه خواه آن جماعت دیگر همون روز باشد یا بوجه کدامی امر بروز دیگر شود و همون مسجد یا مکان باشد یا جای دیگر و بروز دیگر جماعت عید ادا نمودن جائزست یا نه خصوص وقتیکه امام جماعت روز اولی و روز دوم هر دو یک باشد بینوا توجروا **هو المصوب** از مقررات فقهای حنفیه که در جمله کتب شان مسطورست این ست که نماز عید واجب ست و این هم از مقررات ست که واجب و فرض که یکمرتبه ادا کرده باشد بار دیگر اگر ادا کرده شود آن نفل خواهد گشت و این هم مقررست که اقتدای مودی فرض و واجب خلف متنفل ناجائزست و این هم ثابت ست که ادای نفل بجماعت علی سبیل التداعی مکروه است تفصیل این جمله امور در کتب فقه مثل درمختار و حواشی آن و بحرالرائق و شرح منیه وغیره موجودست بنا بر علیه در صورت سوال امام جماعت اول هرگاه یکمرتبه نماز عید ادا کرده وجوب از ذمه اش ساقط گردیده پس امامت آن برای جماعت ثانیه جائز نخواهد شد چه مقتدیان جماعت ثانیه اگر صلوة عید واجب ادا میسازند نماز شان بسبب متنفل بودن امام غیر جائز و اگر نفل ادا میسازند ادای نفل بجماعت علی سبیل التداعی لازم خواهد شد و اگر بروز اول امام نیت نفل کرده همین دو فساد آنروز لازم خواهند آمد و بروز دوم نماز عید بعذر جائزست اگر بروز عید ادا نشده باشد فاما ادای نماز عید دو روز پس جواز آن غیر ثابت والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی و الخفی

۳۰۶ استفتا چه میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئله که زید امامت نماز عید در مسجد محله بجماعتی نموده که منع فتوای مفتی شرع بود جماعتی که از حکم مفتی شرع خلاف ورزیده روز دوم بمکان امیری نماز عید ادا نمود و زید مذکور حسب ایمای مقتدیان دران هم امامت نمود و امام و مقتدیان نیت روز اول نموده خواه نیت روز دوم پس این امامت جائزست یا نه و نماز هر دو یوم صحیح شد یا نه بینوا توجروا **هو المصوب** درمختار می نویسد

ف کتاب الصلوة [illegible]

ف [illegible]

ولو کانوا ببلدۃ لاحاکم فیہا صاموا بقول ثقۃ وافطروا باخبار عدلین مع العلۃ للضرورۃ انتہی وذکر فی المنح

مینو سید قولہ صاموا ای افتراضًا قولہ وافطروا عبارۃ غیرہ لاباس ان یفطروا والظاہر ان المراد بہ الوجوب ایضًا انتہی ملخصًا بنا برعلیہ درصورت سوال ہرگاہ مفتی فتوی افطار دادہ برتمام کسان افطار لازم شدہ وادائے نماز عید دران روز واجب گشتہ پس زید بروز اول اگر فتوے مفتی تسلیم نکردہ ونماز عید برخود واجب نفہمیدہ امامت کردہ نماز مقتدیان کہ مودی نماز عید بودند بسبب اقتدای او فاسد گشتہ ووبال آن برذمۂ امام لازم گردیدہ واگر نماز عید واجب ادا کردہ امامتش بروز دوم مفسد گردیدہ واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؂

استفتا ۳۰۷ کیا فرماتے ہین علمائے شریعت محمدیہ اس صورت مین کہ قصبۂ دیوبند مین پانچ آدمیون نے ہلال رمضان شریف کو جمعہ کے روز کہ جسکا انتیس ۲۹ تاریخ ہونا بشہادت ایک مرد اور خطوط مختلفہ اطراف وجوانب سے ثابت ہوچکا تہا باوجود موجود ہونے ابر کے دیکہا پہر انہون نے حاجی محمد انور صاحب کے پاس گواہی دی اور اونہون نے اونکی شہادت کو قبول کیا اور اونکے نزدیک اور حاجی عابد حسین صاحب کے نزدیک ہر دو گواہونکی عدالت بہی بتحقیق تام کے ساتھ ثابت ہوئی اور باقی مستور الحال پر بعد قبول ہوجانے گواہی کے شہر مین منادی حاجی عابد حسین صاحب نے کروائی اور سب شہر والون نے ہفتہ کے روز روزہ رکہا اور کسی نے مخالفت نکی پہر جب تیس ۳۰ روزے پورے ہوچکے تو شام تک باوجودیکہ مطلع صاف تہا چاند نظر نہ آیا ہمکو تو یون بہی لازم تہا کہ ہم عید کرتے چنانچہ عبارت درمختار وغیرہ کی اسپر شاہد ہے کہ بعد صوم ثلثین بقول عدلین حل الفطر لیکن بعد صلوۃ مغرب کے چوبیس ۲۴ آدمیون نے جو خارج مصر سے چاند دیکہکر آئے اونہون نے روبرو مولانا مولوی محمد یعقوب صاحب کے حاضر ہوکر گواہی دی اور اونہون نے قبول کی اور شہر سے متعدد جگہہ سے خبرین آئین کہ فلانے مرد نے یا فلانی عورت نے چاند کو دیکہا ہے اور فلانے مکان بلند پر دو آدمیون نے دیکہا ہے اگر جمع عظیم کا خیال ہو تو عبارت درمختار کی یہ ملاحظہ فرمایئے وقبل بلا علۃ جمع عظیم یقع العلم بخبرہم وہو مفوض الی رای الامام من غیر تقدیر بعدد علی المذہب وعن الامام انہ یکتفی بشاہدین واختارہ فی البحر وصحح فی الاقضیۃ الاکتفاء بواحد ان جاء من خارج البلد او کان علی مکان مرتفع واختارہ ظہیر الدین انتہی ملخصًا تو اوس وقت

ف کتاب الصوم

مرسلہ مولوی رفیع الدین مہتمم مدرسہ دیوبند ماہ شوال سنہ ۱۲۹۹ ہجری

مولانا صاحب موصوف نے مجمع عظیم مین بلند آواز سے پکار کر فرمایا کہ ہمکو اس گواہی سے یقین حاصل ہو گیا ہے اور کل نماز عید کی ضرور ہو گی اور اگر بالفرض یہ گواہ بھی نہوتے تو ہمکو کل عید کرنے مین کچہہ نقصان اور ملامت نہ تہی اسوقت یہ سب کتابین فقہ کی موجود ہین جن صاحب کو کچہہ شک وشبہہ ہو نکال لین اوسوقت سب نے حکم کو تسلیم کیا اور کسی نے چون وچرا نکی اور منادی بھی کی گئی اور صبح کے وقت مختلف قصبات اور دیہات سے بھی چاند دیکھنے کی خبرین آئین اور نماز عید کی پڑہی گئی مگر چند آدمیون نے انکار کیا اور شریک نہوے دوسرے روز مولوی عبد الحق صاحب جو ہمارے ساتھہ روزے کے افطار کرنے اور صلوۃ عید کے پڑہنے مین شریک تھے اونکو مخالفین نے امامت کے لیے طلب کیا وہ فوراً اونکے ساتھہ روانہ صلوۃ عید کے لیے ہوے اتفاقاً وہان ایک شخص اور آ گئے امامت اونکی کی لیکن خطبہ مولوی عبد الحق صاحب نے پڑہا لہذا آپ سب صاحبون کی خدمت شریف مین عرض ہے کہ موقع ملامت ہم ہین یا وہ غلطی ہمسے ہوئی یا اونسے یہ منافقانہ چال اونسے ہوئی یا ہمسے اگر اونسے غلطی ہوئی ہو تو اسپر مہر کرنا وہ ہمارے حکم کو غلط کہتے ہین اور اگر ہمسے قصور ہوا ہے اور غلطی ہوئی تو مطلع کرنا جزاکم اللہ خیر جزا اور اگر ہم الحب للہ والبغض للہ کا خیال کر کے کچہہ تھوڑا سا اون سے اعتراض کرین تو بہی ہے یا نہین ہو المصوب ما ہر ضوابط شرعیہ دو واقف کتب فقہیہ پر مخفی نہین ہے کہ اسصورت مین خطا مخالفین سے ہوئی اور قابل ملامت وہی لوگ ہین بلکہ بسبب نہ تسلیم کرنے شہادت وحکم مفتی ثقہ کے گناہ اونپر لازم ہی مناسب ہے کہ اونکی تفہیم بطور مناسب کیجاوے اور اون کے شبہات رکیکہ کا دفع کر دیا جاوے اور اگر وہ نہ تسلیم کرین تو مقتضاے قول حق جل شانہ یہ عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ کہ مصداق اوسکا یہی زمانہ پر جہالت وفتن ہے اور مضمون حدیث دع عنک امر العوام پر عمل کیا جاوے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

ف کتاب الصوم

از دیوبند ضلع سہارنپور محلہ شاہ رفیع الدین مرسلہ حمید احمد علی

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین محمدی صلعم اس مسئلہ مین کہ ایک شہر مین ۲۹ شعبان کو کہ بعض جگہہ کے ایک خط سے اوس روز وہان ۲۹ کا ہی خیال تہا چند شخصون نے اگر شہادت رویت ہلال رمضان شریف کی دی مفتی نے شہادت قبول فرماکر حکم روزہ کا دیا جبکہ تیس روزے پورے ہو چکے اور اوس روز

مطلع صاف تہا کسیطرح کی کدورت نہ تہی ہلال شوال وہان کسی جگہہ کسیکو نظر نہ آیا مگر جس محلہ کے آدمیون نے ہلال رمضان کی شہادت دی تہی اوسی محلہ کے لوگون نے کہ جو بیس شخص تہے اگر شہادت رویت ہلال شوال کی دی مفتی نے حکم افطار کا دیا اور عید الفطر کی گئی مگر دو سو آدمیون نے اونکی شہادت کو قابل سند نہ جانکر اوس روز تراویح بہی پڑہی اور روزہ بہی رکہا دوسرے دن کہ سب شہر مین عید تہی اونہون نے بہی عید کی اب ان لوگون کے واسطے کیا حکم ہے آیا وہ کافر یا منکر کہلا سکتے ہین یا نہین اور وہ اس عمل سے ایسے ہوگئے کہ اون سے ترک سلام علیک کیا جاوے اور مصافحہ اونسے چہوڑا جاوے یا نہین اور عید پیر کے روز کی صحیح تہی یا منگل کی اور ایک شخص ایسا ہے کہ اول روز سب کے ساتہہ افطار اور عید کر چکا تہا مگر جبکہ اوسکو یہ خبر معتبر ملی کہ اوس روز کسی جگہہ پر عید نہین ہوئی فقط اوسی شہر مین ہوئی ہے تو اوسنے دوسرے روز بہ نظر احتیاط دوسرے فرقہ کی عید مین جاکر نماز پڑہ لی اب اوس شخص کے واسطے کیا حکم ہے آیا وہ اس عمل سے کافر یا منافق کہلا سکتا ہے یا نہین اور اوسکے پیچہے نماز جائز ہوگی یا نہین۔ اور جو لوگ اول روز افطار کر چکے ہین اونپر چونکہ سب جگہہ دوسرے روز روزہ تہا قضا اوس روزہ کی آوے گی یا نہین۔ بینوا توجروا

ہو المصوب ہر گاہ مفتی نے شہادت ہلال رمضان و ہلال شوال کو قبول کر کے حکم صوم و افطار کا دیا سب لوگون کو اوسکی تعمیل لازم و واجب ہوگی در مختار مین ہے لو کانوا ببلدة لا حاکم فیہا صاموا بقول ثقة و افطروا باخبار عدلین مع العلة للضرورة انتہی اور رد المحتار مین ہے قوله صاموا ای افترضا قوله افطروا عبارة غیره لاباس و الظاہر ان المراد به الوجوب انتہی بنا علیه جن لوگون نے باوجود گذرنے شہادت و حکم مفتی کے افطار نہ کیا اور دوسرے دن عید کی وہ گنہگار ہوے اونپر توبہ لازم ہے مگر اس سے وہ کافر نہین ہوگئے اور دوسرے دن جسنے نماز ثانی پڑہی باوجودیکہ اول روز پڑہ چکا تہا اوسنے فعل جہالت و حماقت کا کیا کیونکہ دوسرے دن نماز عید نہین چاہیے مگر یہ کہ اول روز کسی وجہ سے نہ پڑہی گئی ہو اور فقط یہ بنا کہ اوس روز کسی جگہہ عید نہین ہوئی بعد گذرنے شہادت و حکم مفتی کے غیر معتبر و لغو ہے اور جن لوگون نے بر بنا حکم مفتی افطار کیا اونپر قضا اوس روز کی کہ اور مقامات مین وہان روزہ تہا نہین لازم ہے بلکہ اونپر یہی لازم تہا جو اونہون نے کیا کسی جگہہ عید نہونا مستلزم اسکو نہین کہ جہان شہادت گذر جاوے وہان بہی عید نہووے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ف کتاب الشفعۃ

۱۰۵ سوال از اعظم گڈہ محلہ دستگاہ مرسلۂ مولوی محمد علی وکیل

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵ ا ۳۰۹ ستفتا کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس صورت مین کہ ہندہ نے منجملہ چند مکانات مشترکہ چند اشخاص کے حصہ ایک شریک کا بذریعۂ بیعنامہ کے خرید کیا ہے اور دعوی شفیع کا بر بنائے شرع شریف منجانب دیگر شرکاء کے دائر ہوا ہے مابین فریقین بابت تعمیل مراتب مواثبت و استشہاد کے بحث ہے طرف سے شفیع کے طلب مواثبت و استشہاد اسطور پر ظاہر کی گئی ہے کہ نو بجے دن کو وقت علم بیع کے روبرو اون اشخاص کے کہ جو رشتہ دار شفیع کے ہین اور جن سے علم بیع کا ہوا شفیع نے کہا کہ حق ہمارا ہے ہم لیوینگے بعد اوسکے شفیع نے واسطے لینے روپیہ کے کوٹھی پر مہاجن کی اونہین اشخاص کو روانہ کیا چنانچہ وہ روپیہ لائے اور قریب دوپہر کے پاس بائع کے ایک گاؤنمین جہان بائع مسکن پذیر تہا گئے اور مکانات مشفوعہ شہر مین واقع ہین اور مابین شہر مذکور اور گاؤن مسکن بائع کے دریا حائل ہے اور وہ شہر سے بفاصلہ ایک کوس کے ہے اور بائع قابض جائداد مشفوعہ نہین تہا اور مشتریہ متصل مسکن شفیع کے شہر مین منجملہ مکانات مشفوعہ کے ایک مکان مین قبل بیعداری سے موجود تہی جب وہ لوگ پاس بائع کے گئے تو بائع کہا کہ شفیع نے کہا ہے کہ حق ہمارا ہے ہمکو دو تب بائع نے کہا کہ ہم بیع کر چکے مشتریہ کے پاس روپیہ لیجاؤ بعد اوسکے وہ لوگ قریب شام کے پاس شوہر مشتریہ کے آئے اور کہا کہ شفیع اپنا حق لینے کو مستعد ہے روپیہ بہیجا ہے تب شوہر مشتریہ نے گہر مین جاکر دوبارہ باہر آکر کہا کہ مکان ہمنے رہنے کو لیا ہے بیچنے کو نہین لیا ہے اور شفیع بوقت علم کے ایک دفعہ مکانمین منجملہ مکانات مشفوعہ کے موجود تہا آب شفیع یہ استدلال پیش کرتا ہے کہ طلب مواثبت و استشہاد کی موافق شرع شریف کے ہوگئی ہے وہ مشتریہ یہ اعتراض کرتی ہے کہ طلب مواثبت و استشہاد موافق شرع شریف کے عمل مین نہین آئی ہے کیونکہ وہ لوگ جن سے علم بیع کا شفیع کو حاصل ہوا تہا بقول شفیع اوسوقت موجود تہے شفیع نے اوسکو چہوڑ کر طلب استشہاد بقول خود بائع غیر ذی ید سے جو ایک گاؤنمین شہر سے بفاصلہ ایک کوس کے رہتا تہا کی و طلب مواثبت و استشہاد مظہرہ اپنے مین شفیع نے حدود اربعہ مکانات مشفوعہ کا بیان نہین کیا ہے پس قریب کو چہوڑ کر بعید سے استشہاد کرنا اور چہوڑنا [illegible] موجود ہونے گواہوں کے [illegible] طلب [illegible] گواہ نکرنا و حدود اربعہ مکانات مشفوعہ کا بیان نکرنا

بموجب فتاوی عالمگیری و شامی و ہدایہ وغیرہ کے مبطل شفع ہے و بموجب کتب مذکورہ کے یہ بھی اعتراض کرتی ہے کہ چونکہ طلب استشہاد خود بقول شفیع بہ توقف عمل مین آئی لہذا وہ بھی مبطل شفع ہی بنا بران سوال یہ ہے کہ آیا طلب مواثبت و استشہاد موافق شرع شریف مذہب حنفیہ کے منجانب شفیع کے عمل مین آئی ہی یا نہین یا کہ اعتراضات مظہرہ مشتری صحیح ہین اور وارد ہوتے ہین بینوا توجروا هو المصوب عذر اول کہ شفیع نے دونون طلب کے وقت حاضرین کو گواہ نہین بنایا غیر معتبر ہے اسوجہ سے کہ گواہ بنانا طلب مواثبت مین لازم نہین ہے ہدایہ مین ہے والاشہاد فیہ لیس بلازم وانما هو لنفی التجاحد انتہی اور نہایہ حاشیہ ہدایہ مین ہے وذلک لان طلب المواثبۃ لیس لاثبات الحق وانما شرط هذا الطلب لیعلم انہ غیر معرض عن الشفعۃ وغیر راض بجوار هذا الدخیل والاشہاد لیس بشرط فیہ انتہی اور عنایہ حاشیہ ہدایہ مین ہے الاشہاد فی ذلک لیس بشرط انتہی اور درمختار کے باب طلب الشفعۃ مین ہے الاشہاد فیہ لیس بلازم بل لمخافۃ الجحود انتہی اور طلب اشہاد مین جو بعد طلب مواثبت کے بائع یا مشتری یا نفس شئے مبیع کے پاس ضرور ہے اگرچہ ظاہر ہدایہ اور بہت کتب فقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ گواہ بنانا ضرور ہے مگر معتبر یہ ہے کہ اس طلب مین بھی ضرور نہین ہے رد المحتار حاشیہ در المختار مین ہے اقول ظاہر عبارتہم لزوم الاشہاد فیہ لکن رأیت فی الخانیۃ انما سمی الثانی طلب الاشہاد لا لان الاشہاد شرط بل لیمکنہ اثبات الطلب عند جحود الخصم انتہی اور نتائج الافکار حاشیہ ہدایہ مین ہے یمکن ان یمنع لزوم الاشہاد فی طلب التقریر یعنی طلب الاشہاد ایضا بناء علی ما ذکرہ قاضیخان فی فتاواہ حیث قال وانما یسمی الثانی طلب الاشہاد لا لان الاشہاد شرط بل لیمکنہ اثبات الطلب عند جحود الخصم انتہی فانہ یدل علی ان الاشہاد فی طلب التقریر لیس بلازم بل انما هو لنفی التجاحد کما فی طلب المواثبۃ وبناء علی ما ذکرہ صاحب الہدایۃ حیث قال واما الاشہاد علی هذا الطلب فلیس بشرط وانما هو لتوثقہ علی تقدیر الانکار کما فی طلب الاول انتہی اور عذر دوم اسوجہ سے غیر معتبر ہی کہ طلب اشہاد مین اسیقدر ضرور ہی کہ یہ طلب بائع کے پاس ہو یا مشتری کے پاس یا شئے مبیعہ کے پاس عام ازینکہ بائع یا مشتری ذوالید ہو یا نہو اور ذوالید کو چھوڑ کے غیر ذوالید کے پاس طلب کرنا مبطل شفع نہین ہی رد المحتار مین باب ما یبطل الشفعۃ مین ہی تقدم انہ یصح الاشہاد علی المشتری وان لم یکن العقار فی یدہ وکذا علی البائع وان لم تکن الدار فی یدہ استحسانا کما ذکرہ شیخ الاسلام انتہی و فتاوی عالمگیریہ مین ہی ان کان المبیع فی ید المشتری ذکر الکرخی فی الشواذ انہ لا یصح

الاشہاد علی البائع ونص محمد فی الجامع الکبیر انہ یصح الاشہاد علیہ بعد تسلیم المبیع استحسانا لا قیاسا کذا فی محیط السرخسی انتہی اور عذر عدم بیان حدود و مکان کا بھی غیر معتبر ہے اسوجہ سے کہ اگرچہ ہدایہ وغیرہ کی ظاہر عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ ذکر حدود ضرور ہے لیکن معتمد یہ ہے کہ یہ شرط اولویۃ ہے نہ شرط لزوم جامع الرموز مین ہے لا بد ان یبین حدود الدارین مع کل واحد من مراتب الثبوت کما فی قاضی خان لکن فی الکافی وغیرہ ان تبیین ہذہ الامور لیس مما لا بد منہ انتہی اور عذر توقف کا طلب اشہاد مین اسوجہ سے غیر معتبر ہے کہ طلب اشہاد کو بہ سے فی الفور ہونا نہین ضرور ہے اور نہ کوئی مدت خاص اوسکی مقرر ہے کہ اوس سے تاخیر کرنا مبطل شفعہ ہووے بلکہ مدار تمکن پر ہے جیسا کہ جامع الرموز مین ہے انما ذکر کلمۃ ثم اشارۃ الی ان ہذا الطلب لیست علی فور المجلس بل مقدرۃ بمدۃ التمکن من اشہاد کما فی النہایۃ وغیرہ انتہی باقی رہا یہ عذر کہ قریب کو چھوڑ کے شفیع نے بعید کے پاس طلب اشہاد کیا علی الخصوص جبکہ بعید یعنے بائع اوس شہر مین نتھا اور مکان مشفوع بہ اور مشتری شہر مین تھا پس اگرچہ یہ امر مختلف فیہ ہے کہ قریب کو چھوڑ کے بعید سے طلب کرنا مبطل شفعہ ہے یا نہین لیکن اکثر کتب معتبرہ سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ امر مبطل شفعہ ہے جامع الرموز مین ہے فیہ اشارۃ الی ان لہ الاشہاد عند ابعد ہؤلاء مع الاقرب علی ما قال بعض المشائخ وذہب آخرون الی انہ انما یشہد عند الاقرب کما فی المحیط وغیرہ انتہی اور حاشیہ درمختار مسماۃ بتعالیق الانوار مین [illegible] سے منقول ہے لو قصد الابعد من ہؤلاء الثلثۃ وترک الاقرب فان کانوا جمیعا فی المصر جاز استحسانا وان بعضہم فیہ والبعض فی مصر آخر او فی الرستاق فقصد الابعد وترک الذی ہو فیہ بطلت شفعتہ قیاسا واستحسانا کما فی التبیین اور رد المحتار مین خانیہ سے منقول ہے ان کان المتبایعان والشفیع والدار فی مصر والدار فی ید البائع فالی ایہم ذہب الشفیع وطلب صح ولا یعتبر فیہ الاقرب والابعد لان المصر مع تباعد الاطراف کمکان واحد الا ان یختار علی الاقرب ولم یطلب فتبطل وان کان الشفیع وحدہ فی مصر آخر فالی ایہم ذہب صح وان احد المتبایعین فی مصر الشفیع فطلب من الابعد بطلت انتہی اور اسیطرح فتاوی عالمگیری وغیرہ مین ہے مگر یہ حکم اوس صورت مین ہے جبکہ اقرب کو بالکل ترک کر دے اور ابعد سے طلب شفعہ کرے اور صورت مسئول عنہا مین اقرب [illegible] بالکلیہ ترک نہین پایا گیا اسوجہ سے کہ شفیع نے

---

[1] یہ عبارت بسبب ناصحیحی اصل منقول عنہ کے نامطابق و مخدوش رہی ۱۲

طلب اشہاد بائع ومشتری دونون سے کی غایۃ الامر یہ کہ اونسے بائع سے بدین خیال سے کہ وہ قابض ہوگا اور کسی وجہ سے تقدیم کی اوس سے جسقدر تاخیر طلب اشہاد کی مشتری سے لازم آئی وہ مبطل شفعہ نہین کیونکہ قرائن حالیہ اس امر پر قائم ہین کہ یہ تاخیر لبغرض اعراض نہین اور ایسی تاخیر طلب اشہاد کی جو بغرض اعراض نہو مبطل نہین عینی بنایہ شرح ہدایہ مین لکھتے ہین اما اذا کان ہناک مانع والظاہر انہ ترک الاشہاد للاعراض فلا یسقط حقہ انتہی اور یہ بھی لکھتے ہین ثم اذا تأخر بعد زمان کما اذا علمہ فی اللیل فاخر الی الصبح او اقیمت الصلوٰۃ فیخاف فوت الصلوٰۃ فاخرہ لا یسقط شفعتہ انتہی علاوہ ازین شفیع نے جسوقت طلب مواثبت دو گواہون کے سامنے کی اوسوقت وہ ایک دار مین اونہین دارون سے جنکی طلب مقصود تھی موجود تہا پس یہ طلب اوسکی قائم مقام دونون طلب کے ہوگئی اور تاخیر اقرب وتقدیم ابعد بھی نہین لازم آئی عینی شرح ہدایہ مین لکھتے ہین فی مبسوط شیخ الاسلام الشفیع انما یحتاج الی طلب الاشہاد بعد طلب المواثبۃ اذا لم یمکنہ الاشہاد عند طلب المواثبۃ بان سمع الخبر حال غیبۃ البائع والمشتری والدار اما اذا سمع المشتری عند حضرۃ ہؤلاء وطلب المواثبۃ واشہد علی ذلک فذلک یکفیہ ویقوم مقام الطلبین انتہی اور یہ بھی لکھتے ہین حتی لو سمع الشفیع عند حضرۃ احد من البائع والمشتری او عند الدار ووجد عنہ طلب المواثبۃ واشہد علی ذلک یکفیہ ویقوم ذلک مقام الطلبین کذا فی الفتاوی الظہیریۃ انتہی الحاصل صورت سوال مین بحسب ضوابط شرعیہ تحقق طلب مواثبت واستشہاد کا ہوگیا اور حق شفعہ ثابت ہوگیا اور اعتراضات مشتریہ کے قابل اعتبار نہین ہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ہ

استفتا علماے دین ومفتیان شرع متین سے سوالات موافق تفصیل ذیل کے ہین امید کہ جوابات اون کے مدلل بآیات واحادیث یا قول فقہا کے مع عبارت کتب فقہ تحریر فرماوین اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ فقط ۱ جس دن ابر وغبار آسمان پر ہو تو رویت ہلال رمضان کے واسطے ایک عادل یا مستور الحال کی گواہی مقبول ہے پس اگر ایک زائد سے زیادہ ہون تو بہی عدالت شرط ہے یا نہین اگر نہین تو بروز ابر وغبار ما فوق واحد کتنے شخص ہونا چاہیے ۲ ابر وغبار کے دن رویت ہلال شوال مین دو مرد عادل کی گواہی

کتاب الصوم
بماہ شوال ۱۲۹۵ ہجری مرسلہ عبد الباری تحصیلدار

مقبول ہے اور اگر دو سے زیادہ ہون اور زیادہ لوگون کو رویت ہو تو بھی اون سب مین عدالت شرط ہے یا نہین اگر نہین تو کتنے اشخاص ہونا چاہیے اور مطلع صاف ہونے پر تو شہادت جمع کثیر کی چاہیے کہ اقل درجہ پچاس آدمی ہین مگر حالت غیم وغبار مین اگر تین آدمی سے لیکر دس آدمی تک کو رویت ہو تو بھی عدالت ضرور ہے یا محض اسلام بس ہے ۳ اگر ایک شہر مین رویت ہلال رمضان کی شنبہ کو ہوئی اور دوسرے شہر مین یکشنبہ کو اور کسی نے اوس شہر مین اپنے کسی دوست یا قریب کو خط لکھا کہ یہان رویت شنبہ کو ہوئی مگر مینے نہین دیکھا یا لکھا کہ مینے بھی دیکھا اسصورت مین اوسکی تحریر کے تمسک سے اس شہر والون پر روزہ لازم آتا ہے یا نہین اور شہادت خطوط سے ثبوت رمضانیت ہو سکتی ہے یا نہین اگر ہو سکتی ہے تو خط عامی کا طرف عامی کے یا خبر اخبار مطبوعہ کافی ہے یا کتاب القاضی الی القاضی ضرور ہے چونکہ کتاب القاضی الی القاضی معاملات مین سوائے حدود و قصاص کے واسطے رفع حرج کے جواز رہے ہین شرط یا ہین شروط کہ دو گواہ اوپر کتابت اور مہر قاضی مرسل کے محکمہ مرسل الیہ مین مع خط مسجل کے حاضر آوین پس شہادت نامہ ہلال کے ساتھ بھی دو گواہ بابت کتابت اور مہر قاضی مرسل الیہ کے محکمہ مین حاضر ہونا شرط ہے یا محض خط متضمن رویت کا کافی ہے ۴ خبر تار برقی سے رمضانیت وعید الفطر ثابت ہوتی ہے یا نہین ۵ شہر مین نماز عید الفطر کی مثلا سہ شنبہ کو ہوئی اور توپین موافق عادت کے چلین اور دیہات مین آواز سنائی دی گئی پس دیہات کے لوگون کو توپونکی آواز پر روزہ افطار کرنے کا حکم ہے یا نہین ۶ اگر ایک شخص یا دو شخص نے دیہات مین خبر دی کہ کل چاند عید الفطر کا بلدہ مین نظر آیا اور آج شہر مین عید ہے تو دیہاتیو نکو اون کے کہنے سے افطار کرنا چاہیے یا نہین یا کسی شخص نے کہا کہ شہر کے قاضی نے مجھے خبر کرنے کو بھیجا ہے کہ آج عید ہے پس اوسکے قول پر عمل کرنا چاہیے یا نہین ۷ لکل اہل البلد رؤیتہم اس حدیث پر عمل کرنا جائز ہے یا نہین بینوا توجروا ۔ **ہو المصوب** جواب سوال اول ظاہر کتب فقہیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ثبوت رمضان مین عدالت غیر مشروط ہے صرف مستور کافی ہے خواہ ایک ہو خواہ زیادہ اور زیادہ کی حالت ابر وغیرہ مین کوئی حد مقرر نہین ۔ جواب سوال دوم عید کے چاند مین حالت ابر وغبار مین صرف دو گواہ عادل ضرور ہین باقی اور زائد اگر ہون اور عادل نہ بھی ہون

تو کچھ حرج نہین اسوجہ سے کہ ثبوت ہلال عید نصاب شہادت سے ہوجاوے گا اور باقی ناس کا قول مؤید و معین سمجھا جاوے گا۔ جواب سوال سوم و چہارم اس باب مین صرف خبر تار یا تحریر خطی کافی نہین جبتک کہ بطور کتاب القاضی الی القاضی کی تحریر نہ پہونچے قاعدہ الخط یشبہ الخط کا مشہور ہے اور در مختار مین مذکور ہے فیلزم اہل المشرق برؤیۃ اہل المغرب اذا ثبت عندہم رؤیۃ اولئک بطریق موجب انتہی رد المحتار مین ہے کان یتحمل اثنان الشہادۃ او یشہدا علی حکم القاضی او یستفیض الخبر انتہی جواب سوال پنجم افطار کرنا درست ہوگا اسوجہ سے کہ توپ چلنا موافق عادت شایعہ کے موجب ظن عید ہونے کے ہے اور غلبہ ظن عمل کیواسطے کافی ہے اسوجہ سے ایسی علامات سے روزہ رکھنا لازم ہو جاتا ہے رد المحتار مین ہے قلت والظاہر انہ یلزم اہل القری الصوم بسماع المدافع او رؤیۃ القنادیل من المصر لانہ علامۃ ظاہرۃ تفید غلبۃ الظن وغلبۃ الظن حجۃ موجبۃ للعمل کما صرحوا بہ انتہی جواب سوال ششم اگر دو شخص نے آنکے گواہی اس امر کی دی کہ شہر مین قاضی کے سامنے گواہی معتبر رؤیت کی گذری اور اوسپر قاضی نے حکم دیدیا تو اس شہادت کے موافق اہل قریہ کو عمل کرنا چاہیے ایسے ہی اگر یہ خبر مشہور ہوگئی اس طرحپر کہ بہت سے لوگ آئے اور انہون نے خبر دی کہ فلان مقام پر چاند ہوگیا ہے اور اگر صرف دو ایک شخص نے خبر دی کہ فلان مقام پر چاند ہوگیا اور اپنی رؤیت نہین ذکر کی تو اوسپر اعتماد نہین چاہیے در مختار مین ہے شہدوا انہ شہد عند قاضی مصر کذا شاہدان برؤیۃ الہلال فی لیلۃ کذا وقضی القاضی بہ جاز لہذا القاضی ان یحکم بشہادتہما لان قضاء القاضی حجۃ وقد شہدوا بہ لا لو شہدوا برؤیۃ غیرہم لانہ حکایۃ نعم لو استفاض الخبر فی البلدۃ الاخری لزمہم علی الصحیح من المذہب جواب سوال ہفتم یہ شرط حنفیہ نہین ہے بلکہ کسی کا قول ہے علماے حنفیہ اس امر مین مختلف ہین بعض کے نزدیک اختلاف مطالع غیر معتبر ہے مطلقا اور بعض کے نزدیک معتبر ہے اور تیسرا مذہب معتمد یہ ہے کہ جن دو مقامونمین ایک مہینہ کی مسافت ہو ایسے مقامونمین ایک جگہہ کی رؤیت دوسری جگہہ لازم نہوگی اور اس سے کم مین حکم ایک مقام کا دوسرے مقام پر لازم ہوگا فتاوی تاتارخانیہ مین ہے اہل بلدۃ اذا راؤا الہلال ہل یلزم فی حق کل بلدۃ اختلفوا فیہ فبعضہم قالوا لا یلزمہ فانما المعتبر فی حق اہل بلدۃ رؤیتہم وفی الخانیۃ لا عبرۃ باختلاف المطالع وقال القدوری ان کان بین البلدتین تفاوت لا یختلف بہ المطالع یلزمہ وذکر الحلوانی انہ صحیح من مذہب اصحابنا انتہی اور جامع الرموز مین ہے

اقل ما یختلف بہ المطالع شہرا انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۞ محمد عبد الحی ابو الحسنات

باب الولایۃ

مرسلہ مولوی محمد ممتاز حسین صاحب از بانس بریلی ۱۸ ذیقعدہ روز یکشنبہ سنہ ۱۲۹۶ الہجری

۲۱۱

استفتا مسماۃ اشرف النساء نابالغہ نا کتخدا ہی اور ماں باپ بھائی بہن دادا دادی نانا نانی خالو خالہ پھوپھا پھوپھی اسکی نہیں ہیں مگر محمد حسین و احمد حسین دو ماموں حقیقی اور مسماۃ صغری ایسی پھوپھی کہ جسکا دادا اور اشرف النساء مذکورہ کے باپ کا دادا باہم دونوں حقیقی بھائی تھے اور صغری مذکورہ کا پسر عزیز الدین جو اشرف النساء مذکورہ کی علاتی ہمشیرہ متوفی کا شوہر ہی اور اوسی علاتی ہمشیرہ متوفی کا پسر نابالغ محمد اسحاق اور چند عصبہ اشرف النساء مذکورہ کے یعنے جد الجد کے جد کی پوتی کے پوتی کے پسر موجود ہیں تو اس صورت میں اشرف النساء مذکورہ کے نکاح کا ولی کون ہی پر وہ ولی اگر نکاح اوسکا کسی بالغ یا نابالغ کے ساتھ پڑھ دے تو اشرف النساء مذکورہ کی پرورش اور اوسکے مال کی حفاظت و انتظام کس مدت تک کون کریگا وہی پھوپھی یا ماموں یا عصبہ مذکوران یا اشرف النساء مذکورہ کا بالغ شوہر یا عزیز الدین یا اور کوئی اور جب وہ مدت پرورش وحفاظت و انتظام مال کی ختم ہوجاویگی تب اسکے بالغ ہونے تک کون کریگا فقط

ہو المصوب اشرف النساء کا ولی واسطے نکاح کے عصبہ اوسکا ہوگا در مختار میں ہی الولی فی النکاح العصبۃ بنفسہ وہو من یتصل بالمیت بلا توسط انثی علی ترتیب الارث والحجب فان لم یکن عصبۃ فالولایۃ للام ثم للبنت ثم لبنت الابن ثم لبنت البنت ثم لبنت ابن الابن ثم لبنت بنت البنت وہکذا ثم للجد الفاسد ثم للاخت لاب وام ثم لاب ثم لولد الام ثم لذوی الارحام العمات ثم الاخوال ثم الخالات ثم بنات الاعمام وبہذا الترتیب اولادہم انتہی ملخصا اور درباب انتظام مال کے رد المحتار میں مذکور ہی الولی فیہ الاب ووصیہ والجد ووصیہ والقاضی ونائبہ فقط انتہی اور فتاوی عالمگیریہ میں ہی نفقۃ الصبی بعد الفطام اذا کان لہ مال فی مالہ ہکذا فی المحیط انتہی اور بہی اوسیمیں ہی وان کان المیت ترک اموالا وترک اولادا صغارا کانت نفقۃ الاولاد من انصبائہم وکذا کل من یکون وارثا فنفقتہ فی نصیبہ وبعد ہذا ینظر ان کان المیت قد اوصی الی رجل فالوصی ینفق علی الصغار من انصبائہم وان کان لم یوص الی احد فالقاضی یفرض لکل واحد من الصغار فی نصیبہ بقدر ما یحتاج الیہ من النفقۃ علی قدر سعۃ اموالہم وضیقہا انتہی پس صورت سوال میں متولی نکاح اشرف النساء کا عصبہ ہوگا اور پرورش اوسکی اور صرف اوسکا تا زمان بلوغ اوسکی یعنی اشرف النساء کے

حصۂ ترکہ سے کیا جاویگا اور انتظام اوسکے صرف کا اور حفاظت وانتظام مال کا متعلق ساتھ وصی پدر یا وصی پدر پدر کے اگر پدر نے یا پدر پدر نے وصی کیا ہو متعلق رہیگا اور بر تقدیر فقدان وصی اب وجد کے انتظام اوسکا تا زمانۂ بلوغ قاضی یا نائب قاضی کے ساتھ متعلق ہوگا اور بعد بلوغ وہ مال اوسکے سپرد کردیا جاویگا واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی فقط

[illegible]

۳۱۴ **استفتا** چہ میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کہ زید بشرکت واعانت ہفت کس عمرو را بآلہ جارحہ عمداً قتل کرد ورثای عمرو مقتول پنج کس شہود معائنہ واثبات پیش قاضی گذرانیدند شہود متفق اللفظ والمعنی ادای شہادت کردند علاوہ برین قاضی نیز بر موقع قتل تشریف آوردہ از اہل محلہ ودیگر کسان تحقیقات فرمود غرض کہ قتل کردن زید عمرو را بآلہ جراحت از دست خود وہمراہ ومددگار بودن دیگر کسان ثابت گردید وزید مذکور پیش قاضی از قتل عمرو انکار کرد وگفت کہ ہمان روز تا آن وقت فلان جا بودم گواہان نفی تواتر من سماعت فرمودہ شود وشرکای زید نیز این چنین اظہار کردند این قول مدعا علیہم قبول قاضی نگردید وگواہان نفی سماعت نفرمود چنانچہ زید را بقصاص رسانید وہمراہیان زید را حبس ہفت سال وشش سال تجویز نمود باقی مدعا علیہم محبوس از تجویز قاضی ناراض گردیدہ در محکمۂ دیگر درخواست سماعت گواہان نفی تواتر نمودند پس درین حال کہ بعد ثبوت شہادت پنج کس شہود معائنہ واثبات قاضی قصاص زید کنانید وسماعت گواہان نفی مدعا علیہم نفرمود بعد تقضای قاضی سماعت کردن گواہان نفی تواتر بمقابلۂ این چنین گواہان معائنہ واثبات کہ از شہادت آنہا قصاص شد گردیدہ عند الشرع شریف قابل قبول ست یا نہ؟ ہو المصوب ہرگاہ قاضی اول بعد ثبوت شہادت معائنہ وغیرہ حکم قصاص وغیرہ دادہ وتعمیل حکم آن ہم کردہ شدہ ومدعی علیہم قبل ازان شہادت نفی متواتر کہ اظہار آن می سازند مرافعہ نکردند پس اکنون قول ایشان غیر معتبر وشہادت شان غیر مقبول خواہد گشت باقتضای عبارت تنقیح الفتاوی الحامدیہ در کتاب الدعوی عن الکافی فی کتاب الشہادۃ اذا تضمنت الشہادۃ نقض قضاء ترد انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

[illegible]

۳۱۵ **استفتا** کیا فرماتے ہیں علماے دین اس مسئلہ مین کہ زید نے ہندہ سے نکاح کیا اور بعد نکاح کے چھ مہینے تک ہندہ زید کے مکان پر رہی بعد اسکے بطیب خاطر میکے مین آئی پھر جتنی مرتبہ زید نے بلانے کے

آدمی ہندہ کے پاس بھیجا ہر بار والد ہندہ نے کسی نہ کسی حیلہ سے ٹالدیا حتی کہ ایک سال اسی لطائف الحیل مین گذر گیا بالآخر بحالت مجبوری زید نے بعدالت منصفی نالش رخصتی کی دائر کی اور والد ہندہ نے درخواست خلع او رتفریق کی اوسی عدالت مین کی حالانکہ زید مین کسی نوع کا عیب جو موجب خلع و تفریق ہو نہین پایا جاتا بجز شرارت ہندہ یا والد ہندہ کے دوسری وجہ معلوم نہین ہوتی اور نہ زید خلع و تفریق پر راضی ہو پس ایسی صورت مین حاکم وقت جبراً خلع و تفریق کرا دینے کا مجاز ہے اگر مجاز ہو تو بشرط تراضی طرفین یا صرف برضای ہندہ اگرچہ زید راضی نہو بینوا البند الکتاب توجروا یوم الحساب

ہو المصوب چونکہ خلع طلاق بائن ہو اور طلاق بغیر رضای شوہر کے اور اوسکے تکلم کے ساتھ الفاظ طلاق کے نہین واقع ہو سکتا ہو پس ایسی خلع بھی بغیر رضا و قبول شوہر نہین ہو سکتا ہو فتاوی عالمگیریہ مین ہو شرطہ شرط الطلاق وحکمہ وقوع الطلاق البائن کذا فی التبیین انتہی واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

استفتا ما قولہم رحمہم اللہ تعالی اس مسئلہ مین کہ ہندہ اور زینب وغیرہ نے دعوی اشیای متعددہ از قسم نقد و غیر نقد مکانات و دو زنجیر فیل بنام نہاد ترکہ پدری زید برادر خود قابض اشیای مذکور بالا پر دائر کیا اور ثبوت مین اوسکے چند گواہ اقرار زید پر بہ نسبت دینے حصۂ فرائضی مدعیات کے اشیای مذکورہ مین سے اور دو گواہ اوپر خرید نے مورث مذکور کے ہر دو زنجیر فیل بروپیہ خود اور فوت ہونے اوسکے کے گذارے مگر بیان ان دونو گواہون خرید کا متفق اوپر ایک قیمت کے نہین ہو ایک گواہ خرید ایک قیمت سے بیان کرتا ہو اور دوسرا دوسری سے اور کوئی گواہ سوا ان دو گواہون کے جو نسبت ہر دو زنجیر فیل کے گذارے مین نسبت باقی اسباب کے بہ ثبوت ملکیت مورث کے پاس مدعیات کے نہین اور زید نے جواب و دفع دعوی مین انکار ہونے اشیای مذکور بالا سے ملک مورث کی اور ہونا ملک اپنی اور اقرار مورث کا حالت صحت مین ساتھ ہونے ان اشیا کے ملک زید کی نہ اپنی تحریر کیا اور اس اقرار مورث کو بخوبی گواہی گواہون سے ثابت کردیا پس بموجب اس روایت عالمگیری کے دفعہ فتاوی رشید الدین ادعی میراثا من ابیہ واقام بینۃ واقام المدعی علیہ بینۃ ان اباک اقر حال حیاتہ انہا لی یسمع ہذا الدفع فلو اقام المدعی بینۃ انک اقررت ان ہذہ الدار ملک ابی یحتمل تقبل ہذہ الدفع ایضا وقد تعارض الدفعان فتقبل بینۃ الارث بلا معارض انتہی حاکم اشیاے مذکورہ کو ترکۂ مورث قرار دیکر حصۂ فرائضی مدعیات کو انمین سے دلا سکتا ہے یا نہین بینوا توجروا ؎

الجواب واللہ سبحانہ الموفق للصواب صورت مسئولہ مین حاکم اشیاے مذکورہ مین سے حصہ فرائضی مدعیات کو نہین دلوا سکتا اسلیے کہ اس روایت سے تو بخوبی یہ امر واضح ہی کہ اقرار مورث کا جو ثابت کیا مدعی علیہ نے اپنے گواہونسے اپنے حق مین اور اقرار مدعا علیہ کا نسبت میراث ہونے شئے مدعی بہ سے جو ثابت کیا مدعی نے اپنے گواہونسے دونون بسبب تعارض کے ساقط ہون گے اور اصل گواہ میراث کے مقبول و معتبر ہون گے پس اب جای لحاظ یہ امر ہی کہ جبکہ اقرار مورث اور اقرار زید ہر دو بموجب روایت ہذا کے ساقط ہوگئے پس ثبوت دیگر میراث کا اور گواہونسے ہی یا نہین پس وہ نہین ہی اسواسطے کہ ہونا دیگر گواہون میراث کا نسبت مکانات وغیرہ سواے ہر دو زنجیر فیل کے تو اظہر من الشمس ہے باقی نسبت ہر دو زنجیر فیل کے سوانکا میراث ہونا بھی ان دونو گواہونسے ثابت نہین ہے بسبب نہونے نصاب شہادت کے اور پر ایک قیمت معین کے قال فی الہدایۃ ومن شہد رجل انہ اشتری عبدا من فلان بالف وشہد آخر انہ اشتری بالف وخمسمائۃ فالشہادۃ باطلۃ لان المقصود اثبات السبب وہو العقد ویختلف باختلاف الثمن فاختلف المشہود بہ ولم یتم العدد علی کل واحد ولان المدعی یکذب احد شاہدیہ وکذلک اذا کان المدعی ہو البائع ولا فرق بین ان یدعی المدعی اقل المالین او اکثرہما لما بینا انتہی پس جبکہ کسی شئے مین اشیاء مذکورہ سے ثبوت ترکہ مورث نہوا تو انمین سے حصہ فرائضی مدعیات مجردہ کو دلوانا شرعًا اصلًا متصور نہین فقط واللہ سبحانہ تعالی اعلم۔ المجیب محمد عبد القادر عفی عنہ بے شبہہ یہ روایت عالمگیری واسطے دلوانے حصہ فرائض کے صورت مسئولہ مین کافی نہین فقط العبد محمد امداد حسین عفا عنہ اصاب من اجاب واللہ اعلم بالصواب

محمد عنایت اللہ خان

قد صح الجواب واللہ اعلم بالصواب

محمد اعجاز حسین کل شئ زنب

فی الواقع بمقتضاے روایت عالمگیری صورت مذکورہ بدون اقامت بینہ میراث کے حصہ میراث نہین مل سکتا ہے واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

[illegible]

استفتا ۲۱۵ کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین اس باب مین کہ اگر بنظر ترویج مصلین اور زینت مساجد جسطرح سے کہ فرش عمدہ اور شامیانہ وغیرہ سے کیجاتی ہی موسم گرما مین فرشی پنکھا بھی مسجد وں مین لگایا جاوے اور اوقات مناسب اوسکا استعمال کیا جاوے فقط

ہو المصوب مسجد مین پنکھا فرشی لگانا فی نفسہ مباح ہے کوئی ممانعت شرعیہ اسمین نہین ہے

اور نہ کوئی روایت فقہیہ معتبرہ ایسی نظر سے گذری البتہ ابن الحاج مالکی نے مدخل مین تحریر کیا ہی ینبغی لہ ان یتحفظ من ہذہ المراوح ان کان فی المسجد اذا نہا بدعۃ وقد انکر مالک الاشیاء التی تتخذ فی البیوت ان تتخذ فی المساجد لانہا لم تکن من فعل السلف وان کانت مباحۃ فی غیرہ انتہی لیکن پر ظاہر ہے کہ اسکا بدعت شرعیہ جو موجب ضلالت ہے ہونا نہین صحیح ہے کیونکہ بدعت شرعیہ عبادات مین ہوتی ہی نہ مباحات مین اسیوجہ سے طرق مباحہ ملبس و مسکن و مطعم وغیرہ مین بالاتفاق باعث ضلالت نہین ہین گو مستحدثات سے ہون البتہ بدعت لغویہ و بدعت مباحہ ہی پس بلحاظ کمال اتباع سلف صالح ترک اسکا اولے ہوگا اور ارتکاب اسکا موجب ضلالت یا کراہت نہین ہوسکتا خصوصًا جبکہ مقصود اوس سے آرام دینا نمازیون کو اور راحت پہونچانا حاضرین مجلس کو ہو فانما الاعمال بالنیات وانما لکل امرء ما نوی اور کتب فقہیہ مین نظائر اسکے بہت موجود ہین کہ از منۂ سابقہ مین انکا وجود نہ تہا مگر بسبب اغراض صالحہ کے حکم اوسکے جواز کا دیا گیا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

ف کتاب الحظر والاباحۃ

مرسلہ قاضی سعادت علی صاحب مختار از موضع بھوہ پرگنہ بلرام پور ضلع گونڈہ

۲۱۲ **استفتا** بطور شوق کوئی جانور چرند یا پرند پالا گیا ہو اوس مین گناہ ہے یا نہین اگر گناہ ہے تو کفارہ سے آگاہی بخشیے اور شکار کے بارے مین کیا فرماتے ہین ؎

ہو المصوب جانور پالنا بطور شوق کے درست ہی بشرطیکہ اوسکو تکلیف نہ دے مجتبی شرح مختصر قدوری مین ہی لا باس بحبس الطیور والدجاج فی بیتہ ولکن یعلفہا انتہی اور رد المحتار مین فتاوی قارئ الہدایہ سے منقول ہے یجوز حبسہا للاستیناس انتہی اور جامع الرموز مین ہی لا باس بحبس الطیور والدجاج فی بیتہ ولکن یعلفہا وہو خیر من ارسالہا فی السکک انتہی اور شکار کرنا جائز ہے بشرطیکہ محض تلعب و ایذای حیوانات مقصود نہو اور بعضون نے حرفہ بنا لینا مکروہ لکہا مگر صحیح یہ ہے کہ نہین مکروہ ہے بزازیہ مین ہے الصید مباح الا للتلہی او حرفۃ انتہی اور حواشی اشباہ للحموی مین ہی فیہ نظر لانہ نوع اکتساب بما ہو مخلوق لذلک والاکتساب مباح فصار کالاحتطاب انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

ف کتاب النوادر

۲۱۳ **استفتا** اکثر علماے دین تحریر فرماتے ہین کہ روح میت یکم چلہ کم و زیادہ اپنے گہر مین بعدہ ایکسال تک قبر پر رہکر مقام علیین وغیرہ کو جاتی ہی پس صحیح تر نزدیک اہلسنت کے کیا ہی فقط

ہو المصوب ظاہر احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ بعد قبض کے روح علیین کو جاتی ہی روایت بزار مین ہے فاذا اخرجت روحه وضعت علی ذلک المسک والریحان وذہب بہ الی علیین اور یہ امر کہ ایک چلہ گھر مین اور ایک سال قبر پر رہکے علیین کو جاتی ہی نہین ثابت ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۞

استفتا ۲۱۸ آپ نے فرمایا کہ بہشت مین ملاقات ہوگی مگر یہ نہ ظاہر ہوا کہ جورو خصم ولڑکے وغیرہ مانند یہان کے یکجا رہین گے یا نہین فقط **ہو المصوب** جب سب جنت مین جاوینگے تو مانند یہان کے سب یکجا رہین گے اور اگر مراتب درجات مختلف ہونگے تو ایک کے درجے مین دوسرے جاکے یا پاس پہونچ کے ملاقات کرسکین گے تفصیل اسکی بدور سافرہ فی احوال الآخرہ وغیرہ مین موجود ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۞

[illegible]

فی کتاب الہبۃ

مرسلہ مولوی محمد عبد الغنی صاحب از موضع قادر گنج ضلع ایٹہ ۲۹ ذیقعدہ روز پنجشنبہ سنہ ۱۲۹۶ ہجری

استفتا ۲۱۹ جب مریض بمرض شدید ہبہ سادہ کرے اور پہر مرض مین افاقہ وتخفیف ہوجاوے حتے کہ اوسکو کوئی خطرہ ہلاک کا نرہے اور غالب گمان صحت وسلامت کا ہو اور وہ سال کے اندر ابتداے مرض اول سے بحدوث مرض جدید مرجاوے تو وہ واہب مریض بمرض الموت متصور ہوگا یا نہین اور قدرے بقاے مرض سابق سے باوجود عدم خوف ہلاک خلل ہبہ مین ہوگا یا نہین بینوا توجروا ۞ **ہو المصوب** موت قبل گذرنے ایک سال کے امراض ممتدہ مین مطلقا مانع نفاذ ہبہ وغیرہ جمیع مال سے نہین ہی بلکہ جب خوف ہلاکت ہو ورنہ نہ پس صورت مذکورہ مین وہ شخص واہب مریض بمرض الموت متصور نہوگا اور بقاے مرض سابق سے اور موت اوسکے اندر ایک سال کے بحدوث مرض آخر باوجود عدم ظن غالب موت کے مرض سابق سے ہبہ مین خلل نہوگا وقایہ اور اوسکی شرح لفصیح الدین الہروی مین ہی وہبۃ مقعد ومفلوج واشل ومسلول یجوز من کل مالہ کہبۃ الصحیح ان طالت مدتہ الی مدۃ کل واحد من ہذہ الامراض وقدروہ بسنۃ کما فی الہدایۃ وغیرہا فانہ اذا طالت المدۃ صار بمنزلۃ طبع من طبائعہ ولم یخف موتہ منہ غالبا بان لا یحس ازدیادہ شیئا فشیئا کالسل فکان صاحبہ فی التصرف بمنزلۃ الصحیح والا ای وان لم تطل مدتہ وکان بحیث یزداد حالا فحالا ویخاف فیہ الہلاک غالبا فمن ثلثہ انتہی ملخصا اور شرح مختصر وقایہ للبرجندی مین ہے مرض الموت ما یکون سببا للموت وذلک اذا کان یزداد حالا فحالا الی ان یکون آخرہ الموت فاذا استحکم ولا یزداد بعدہ لم یکن سببا للموت

وصار صاحبہ فی التصرف بمنزلۃ الصحیح انتہی اور عینی رمز الحقائق شرح کنز الدقائق مین لکھتے ہین والا فمن ثلثہ اے ان لم یتطاول علیہ ذلک بحیث قد خاف منہ یکون کالمریض لانہ حینئذ یکون سببا للموت غالبا انتہی اور زیلعی تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق مین لکھتے ہین اے ان لم یتطاول لیعتبر تصرفہ من الثلث اذا کان صاحب فراش ومات منہ فے ایامہ لانہ فے ابتدائہ یخاف منہ الموت ولہذا یتداوی فیکون مرض الموت انتہی اور منح الغفار شرح تنویر الابصار مین ہے وہبۃ مقعد ومفلوج واشل ومسلول من کل مالہ ان طالت مدتہ سنۃ ولم یخف موتہ منہ والا ای وان لم تطل المدۃ وخیف موتہ منہ فمن ثلثہ انتہی اور شمنی شرح مختصر وقایہ مین لکھتے ہین والا ای وان لم تطل مدتہ وخیف موتہ منہا ومات فمن ثلثہ لانہا فے ابتدائہا یخاف منہا الموت ولہذا یتداوے منہا فیکون مرض الموت انتہی ان سب عبارات سے یہ بات ثابت ہے کہ صرف سال کے اندر مرجانے سے ہبہ ساقط نہین ہوگی مگر جبکہ خوف ہلاک غالب ہو اور موت مرض سابق سے واقع ہووے ورنہ نہ واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۱۵

۳۲۰

استفتا

سوالات وجوابات متعلقہ مقدمہ آرہ کہ بذریعہ وکیل عدالت بند سوالات بتاریخ ۲۱ جنوری سنہ ۸۴ع آمدہ بود وحضرت مولانا واستاذنا الحافظ الحاج ابو الحسنات محمد عبد الحی صاحب قبلہ جواب آن ارقام فرمودہ بودند

سوال اول مسلمان ہونے کے لیے ایک مذہب حنفی شافعی وغیرہ ہونا خدا اور رسول نے شرط کیا ہے یا نہین اور پیغمبر صاحب اور اصحاب اور اماموں کے وقت مین لوگ حنفی یا شافعی وغیرہ کہلاتے تھے یا نہین اور اماموں نے اپنی اپنی تقلید کرنے کو کہا ہے یا نہین اور پیغمبر صاحب کے بعد کے سو برس تک مسلمان لوگ تقلید ایک امام خاص کی نہین کرتے تھے اور وہ مسلمان غیر مقلد اصحاب اور تابعین اچھے سچے مسلمان تھے یا اون کے بعد کے مقلدین حنفی شافعی کہلانے والے حدیث اور قرآن کے عامل سے ناراض ہونیوالے اچھے ہین اور پیغمبر صاحب نے صحابہ اور تابعین غیر مقلد لوگ کے زمانہ کو اچھا کہا ہے یا نہین اور اونکے بعد کے زمانہ مین جھوٹ اور گناہ پھیلنے کی خبر دی ہے یا نہین قوی دلیل سے بیان کیجیے فقط

جواب نمبرا نام میرا مولوی عبد الحی ابن مولوی عبد الحلیم صاحب ساکن فرنگی محل عمر تخمینا

بتلیس سال بقول صالح بیان کرتا ہون حنفی وغیرہ ہونا مسلمانی مین شرط نہین کیا گیا ہے اور پیغمبر صاحب اور اصحاب اور امام کے وقت مین حنفی شافعی وغیرہ سے مسلمان موسوم نہ تہے اماموں نے اپنے قول کی تقلید کی اجازت دی ہی اوس حالت مین جب خلاف قرآن و حدیث نہو مسلمان زمانہ اصحاب اور تابعین کے اچہے تہے اون لوگون نے جو حامل متدین قرآن وحدیث سے ناراض ہین اور پیغمبر صاحب نے زمانہ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین کو اچہا کہا ہی اور پچہلے زمانہ مین جہوٹ اور گناہ پہیلنے کی خبر دی ہے فقط العبد محمد عبد الحی عفا عنہ

سوال نمبر ۲ اگر کسی ایک امام کا مقلد بادشاہ ہو یا اور کوئی مسجد بناوی تو وہ مسجد بنانے والیکی ملکیت مین باقی رہتی ہی یا نہین اور ہر مسجد مین ہر مسلمان اپنے طور مشروع پر مستحق نماز پڑہنے کا بیک وقت و بیک جماعت ہی یا نہین **جواب نمبر ۲** مسجد بنانیوالیکی ملکیت مین مسجد نہین رہتی اور اوسمین سب مسلمان بطور شرع نماز ادا کر سکتے ہین اور ایک وقت اور ایک جماعت سے بہی پڑہ سکتے ہین الا ایک ساعت مین ایک ہی مسجد مین دو جماعت نہین پڑہ سکتے فقط

سوال نمبر ۳ جو شخص بموجب قرآن وحدیث کے نماز ادا کرے اور ہر مسئلہ مین مقلد ایک امام خاص کا نہو اور سب اماموں کو برابر برحق جان کر جسکا جو مسئلہ موافق حدیث کے سمجہے عمل کرے تو وہ مسلمان سنت جماعت ہی یا نہین فقط **جواب نمبر ۳** ایسا شخص مندرجہ سوال سوم مسلمان سنت جماعت ہی بشرطیکہ قابلیت قرآن اور حدیث سمجہنے کی رکہتا ہو اور تخریب دین اوسکو منظور نہو فقط

سوال نمبر ۴ آمین بالجہر کہنا نماز مین پیغمبر صاحب کا قول و فعل ہی یا نہین اور یہ اسلام کی بات ہی یا کفر کی اور حنفی کی کسی کتابون سے اور صحیح صحیح حدیث سے ثابت ہی یا نہین اور مسلمانونکا فعل قدیم ہی یا نہین فقط **جواب نمبر ۴** آمین بالجہر کہنا پیغمبر صاحب کا فعل ہی اور یہ اسلام کی بات ہی اور صحیح حدیث سے ثابت ہی اور حنفی بہی اس مضمون کو لکہتے ہین مگر اختلاف ہی اور بہت سے مسلمانون قدیم کا یہ فعل ہی فقط

سوال نمبر ۵ حنفیون کی کسی کتاب مین آمین بالجہر کہنے والے کے یا اوسکے ساتہہ کے نماز والون کی نماز کا ٹوٹنا یا اور کسی قسم کا حرج اور نقصان ہونا اوسکے امام نے لکہا ہی یا نہین **جواب نمبر ۵** آمین بالجہر کہنے سے کہنے ولے یا اوسکے ساتہیون کی نماز کا ٹوٹنا یا نقصان ہونا اور بہونچنا کسی کتاب معتبر حنفی مین نہین لکہا ہے

سوال نمبر ٦ آمین بالجہر سے ناراض ہونا مسلمانون کا فعل ہے یا یہودیونکا حدیث سے کیا ثابت ہے اور کسی امام یا عالم کے قول سے قرآن اور حدیث پر نہ عمل کرنیوالا اور جو شخص پیغمبر صاحب کے حکم کو معیوب سمجھکر خود عمل نکرے اور عمل کرنیوالے کو برا جانے وہ از روے قرآن وحدیث کے کون ہے

جواب نمبر ٦ باوصف علم اس امر کے کہ آمین بالجہر کہنا فعل نبوی ہے اوس سے ناراض ہونا کام مسلمان کا نہین ہے اور حدیث کا حال اوپر بیان ہو چکا ہے اور جو قول امام کا یا کسی عالم کا یقیناً خلاف قرآن اور حدیث کے ہو اوسپر عمل کرنا اور قرآن وحدیث کو چھوڑ دینا مسلمان کا فعل نہین ہے اور جو شخص پیغمبر صاحب کے حکم کو باوجود جاننے اسبات کے کہ یہ حکم نبوی ہے معیوب سمجھے تو وہ شخص مسلمان نہین ہے اور عالمون کو برا جاننا درست نہین ہے فقط

سوال نمبر ٧ امور مذہبی مین شدآمد قدیم و رسم و رواج کو دخل ہے یا نہین اور اگر ہے تو زور سے آمین کہنے والا مسلمان آہستہ آمین کہنے والا حنفیونکے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے یا نہین فقط

جواب نمبر ٧ امور واحکام مذہبی مین رسم و رواج کو دخل نہین اور زور سے آمین کہنے والا اگر منظور اوسکا اتباع شریعت ہو اور فساد منظور نہو تو حنفیون کے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے فقط

سوال نمبر ٨ اگر کسی کو کوئی شخص مسجد مین نماز پڑھنے سے یا اور کسی طرح سے یاد الٰہی سے روکے تو روکنے والے کو اللہ تعالے نے قرآن مین بڑا ظالم اور اوسکے واسطے دنیا مین رسوائی اور آخرت مین عذاب سخت کا حکم کیا ہے یا نہین ھ

جواب نمبر ٨ جو شخص کسی کو مسجد مین نماز پڑھنے سے یا یاد الٰہی سے بغیر وجہ شرعی کے روکے اوسکو اللہ تعالے نے ظالم کہا ہے اور عذاب سخت کا موعود کیا ہے فقط

سوال نمبر ٩ کسی حاکم کا یہ حکم کہ مسلمان لوگ مسجد مین اندر نماز کے آمین بالجہر نہ کہین دست اندازی امور مذہبی مین ہے یا نہین اور آمین بالجہر سے کہنے والون کو اس حکم امتناعی سے نقصان دینی ہے یا نہین اور مسجد مین اذن عام واسطے ہر مسلمان کے اپنے طور پر ہے یا نہین فقط

جواب نمبر ٩ آمین بالجہر کو منع کرنا امور مذہبی مین دست اندازی ہے اور آمین بالجہر کہنے والون کا نقصان دینی ہے اور مسجد مین ہر مسلمان کے واسطے بطور شرعی نماز پڑھنے کی اجازت ہے فقط محمد عبد الحی عفا عنہ

سوالات جرح و جواب آن مرقومۂ جناب مولانا الحافظ الحاج ابو الحسنات محمد عبد الحی صاحب قبلہ نور اللہ تربتہ

سوال نمبر ۱ آپ مقلد ہین یا غیر مقلد و تقیہ کرنا جائز سمجھتے ہین یا نہین

جواب نمبر ۱ ہم مقلد ہین اور تقیہ کرنا جائز نہین سمجھتے ہین

سوال نمبر ۲ اگر کوئی شخص بظاہر اپنے کو مسلمان کہتا ہو اور اوسکے فعل و حرکت سب خلاف طریقۂ مسلمانون کے و تفرقہ انداز جماعت امت محمدیہ صلعم معلوم ہوتی ہون اور عام مسلمانونکو گمراہ کرنیوالا پایا جاتا ہو اوسکے فتنہ و فریب سے بچنے کے لیے اوسکو اپنی جماعت سے باہر کردینا چاہیے یا نہین

جواب نمبر ۲ جس شخص کا فعل تمام مسلمانون کے خلاف ہو اوسکو جماعت سے باہر کرنا درست ہے اور جسکا فعل بعض مسلمانون کے موافق ہو اور بعض کے خلاف ہو اور وہ فعل موافق شریعت ہو اوسکو جماعت سے باہر کرنا نہین درست ہے اور جو شخص گمراہ کرنے والا معلوم ہوتا ہو اوسکو بطور شرعی تفہیم کیجاوے کہ وہ گمراہ کرنے سے باز رہے اور جماعت مین تفرقہ ڈالنا نہین جائز ہی فقط

سوال نمبر ۳ عام مسلمانونکو ضروری ہی یا نہین کہ حفاظت ایسی کرین کہ مسجد مین فساد و فتنہ نہووے و کوئی ایک مفسد کا جسکا مقصود یہ ہووے کہ عام نمازیونکو متحیر و منغص کردین کوئی فعل خلاف طریقۂ عام نمازیونکے کرنے نہ دین فقط

جواب نمبر ۳ عام مسلمانونکو ضروری ہی کہ فتنہ و فساد سے مسجد کو محفوظ رکھین اور جس شخص کا فعل موافق شرع کے ہووے اگرچہ طریقۂ عام نمازیونکے مخالف ہووے اوس سے منغص یعنے آزردہ نہون اور کسی شخص سے ابتدا فساد کی نکرین اور جو مفسد کہ بدنیتی سے فساد پر آمادہ ہو اوسکے فساد کو بذریعہ حاکم وقت کے دفع کرین

سوال نمبر ۴ مجتہدین نے مسائل کو قرآن و حدیث سے نکالا ہی یا اپنے دل سے لکھا ہے

جواب نمبر ۴ مجتہدین نے مسائل قرآن و احادیث سے نکالے ہین صرف اپنی راے سے حکم نہین دیا

سوال نمبر ۵ آمین بالجہر کہنا حنفیون کے طریقہ کے خلاف ہے یا نہین

جواب نمبر ۵ حنفیہ چپکے سے آمین کہنے کو نماز مین سنت کہتے ہین اور آمین بالجہر کو بھی جائز کہتے ہین

سوال نمبر ۶ اگر آمین بالجہر نہ کہے اور آہستہ کہے تو گنہگار ہوگا یا نہین اور آمین بالجہر کہنے کا ثواب زیادہ ہی یا کہ فتنہ و فساد و خونریزی سے مسلمانونکے بچنے کا ثواب زیادہ ہی

جواب نمبر ۶ آمین آہستہ کہنے سے گنہگار نہوگا اور فتنہ و فساد و خونریزی سے

بجنے کا ثواب زیادہ ہے آمین بالجہر کہنے سے اسوجہ سے کہ آمین بالجہر کا سنت ہونا یا آہستہ کہنے کا سنت ہونا صحابہ و مجتہدین مین مختلف فیہ ہے اور فتنہ و فساد کی حرمت اتفاقی ہے فقط

سوال نمبر ۷ باعتبار دینداری مسلمانون کے مکہ معظمہ و مدینہ منورہ اسلام کا دیس ہے یا نہین اور مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ مین تقلید کرنا جاری ہے یا نہین

جواب نمبر ۷ مکہ معظمہ و مدینہ منورہ اسلام کے دیس ہین اور تقلید وہان جاری ہے فقط تحریر ۲ جنوری سنہ ۱۹۰۰ ع

استفتا ۲۲۱ کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ بعد خطبہ عیدین کے جو مصافحہ و معانقہ لوگون مین مروج ہے وہ مسنون ہے یا بدعت بینوا توجروا

ہو المصوب وقت مصافحہ و معانقہ ابتداے ملاقات ہے پس بعد نماز عیدین کے مصافحہ و معانقہ مسنون نہین اور علما اس باب مین مختلف ہین بعض بدعت مباحہ کہتے ہین اور بعض بدعت مکروہہ علی کل تقدیر ترک اسکا اولی ہے کتاب الاذکار للنووی مین ہے اعلم ان المصافحۃ مستحبۃ عند کل لقاء و اما ما اعتادہ الناس من المصافحۃ بعد صلوۃ الصبح والعصر فلا اصل لہ فی الشرع ولکن لا باس بہ فان اصل المصافحۃ سنۃ وکونہم حافظوا علیہا فی بعض الاحوال وفرطوا فی کثیر من الاحوال او اکثرہا لا یخرج ذلک البعض عن کونہ من المصافحۃ التی ورد الشرع باصلہا انتہی اور در مختار مین ہے واطلاق المصنف تبعا للدرر والکنز والوقایۃ والنقایۃ والمجمع والملتقی یفید جوازہا مطلقا ولو بعد العصر وقولہم بدعۃ ای مباحۃ انتہی اور رد المحتار مین ہے قد یقال ان المواظبۃ علیہا بعد الصلوۃ خاصۃ یؤدی الجہلۃ الی اعتقاد سنتہا فی خصوص ہذہ المواضع مع ان ظاہر کلامہم لم یفعلہا احد من السلف ونقل عن الشرنبلالی عن ابن حجر انہا بدعۃ مکروہۃ لا اصل لہا فی الشرع انتہی اور مدخل ابن الحاج مین ہے اجاز المعانقۃ ابن عیینۃ عند اللقاء من غیبۃ کانت واما فی العید لمن ہو حاضر معک فلا واما المصافحۃ فانہا وضعت فی الشرع عند لقاء المؤمن لاخیہ واما فی العید علی ما اعتادہ بعضہم عند الفراغ من الصلوۃ یتصافحون فلا اعرفہ لکن قال الشیخ ابو عبد اللہ بن نعمان انہ ادرک بمدینۃ فاس والعلماء العاملون بہا متوافرون انہم کانوا اذا فرغوا من صلوۃ العید صافح بعضہم بعضا فان کان یساعدہ النقل عن السلف فیا حبذا وان لم ینقل فترکہ اولی انتہی

ف کتاب الحظر والاباحۃ

مرسلہ مولوی علی حسین از سریزوری ضلع مدارس مکان قاضی تقاور میان صاحب ۲۱ ذوالحجہ سنہ ۱۳۰۲ ہجری

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ابو الحسنات محمد عبد الحی

ف کتاب الصلوٰۃ

۳۲۲ استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ جو نوافل بعد نماز عشا کے پڑہے جاتے ہین اوس کے سوا اور اوقات مین نوافل بیٹھ کر پڑہنا احادیث شریفہ سے ثابت ہی یا نہین بینوا توجروا ہو المصوب آنحضرت صلعم سے نماز تہجد کبہی کبہی بیٹھ کے پڑہنا ثابت ہے اور دو رکعت نفل بعد وتر کے بیٹھ کے پڑہنا ثابت باقی اور نوافل بعد ظہر اور مغرب یا اور اوقات مین بیٹھ کے پڑہنا ثابت نہین ہی بلکہ احادیث مین وارد ہے کہ بیٹھ کے پڑہنے سے ثواب کم ملتا ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی محمد عبد الحی ابو الحسنات

ف کتاب الجنائز

۳۲۳ استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ مرد مسلم اور زن کافرہ سے یا برعکس از روے زنا فرزند یا دختر پیدا ہو کر قبل بلوغ یا بعد بلوغ کے مر جاوے تو اوسکی تجہیز و تکفین کا کیا حکم ہی بینوا توجروا ہو المصوب بعد بلوغ کے اگر وہ اسلام لایا تو تجہیز اوسکی مثل مسلمین کے ہو گی اور اگر کفر کو اختیار کیا تو مثل کفار کے اوسکی تدفین ہو گی اور قبل بلوغ کے وہ اپنی مان کے تابع ہے کیونکہ ولد الزنا کا نسب مان سے ثابت ہے نہ زانی سے اور بحر وغیرہ مین ہے ہو تابع لاحد ابویہ الی البلوغ ما لم یحدث اسلاما وہو ممیز انتہی پس جب تک کہ وہ ایام تمیز مین اسلام نہ لاوے گا اپنی مان کے حکم اسلام اور کفر مین تابع ہو گا واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

ف کتاب الصوم

۳۲۴ استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ اعتبار اخبارات ٹیلیگراف کا درباب رویت ہلال رمضان یا شوال کیا جاوے یا نہین اور درصورت اعتبار حکم صوم یا افطار دیا جاوے یا نہین باوجودیکہ فی زماننا باعتبار اخبارات ٹیلیگراف لاکھون معاملات دنیوی ہوتے جاتے ہین اور گاہے تفاوت اخبار مین ہوتا ہے بینوا توجروا ہو المصوب بحسب ضوابط فقہیہ مجرد اخبارات تار وغیرہ درباب حکم صوم و افطار معتبر نہین در مختار مین ہے فیلزم اہل المشرق برؤیۃ اہل المغرب اذا ثبت رؤیۃ اولئک بطریق موجب انتہی اور رد المحتار مین ہے قولہ بطریق موجب کان یتحمل اثنان الشہادۃ او یشہدا علی حکم القاضی او یستفیض الخبر انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۴۵

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ قرآن شریف کا تلاوت کرنے والا ایک ایک آیۃ یا ایک ایک رکوع پڑہتا جاوے اور ترجمہ بزبان ہندی یا فارسی وغیرہ کرتا جاوے تو شرکت کلام در کلام باری ہوتی ہی یا نہین اور درصورت شرکت ہونے کے کیا حکم ہے بینوا توجروا

ہوالمصوب ہرگاہ مقصود اوسکو فہم معانی قرآن ہی نہ صرف تلاوت پس اس صورت مین کچہہ حرج نہین ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۴۶

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ قاعدۂ اخیرہ یا اولی مین وقت شہادت کے سبابہ مرفوعہ بعد الا اللہ کے حلقہ توڑ کر رکہدیوے یا مع حلقۂ مرفوعہ تا سلام رہنے دیوے بینوا توجروا

ہوالمصوب اوسی طور سے حلقہ تا آخر رہنے دیوین ملا علی قاری مکی کے رسالہ تزئین العبارۃ لتحسین الاشارۃ مین ہی الصحیح المختار عند جمہور اصحابنا ان یضع کفیہ علی فخذیہ ثم عند وصولہ الی کلمۃ التوحید یعقد الخنصر والبنصر ویحلق الوسطی والابہام ویشیر بالمسبحۃ رافعًا لہا عند النفی وواضعًا لہا عند الاثبات ثم یستمر علی ذلک لانہ ثبت العقد عند ذلک بلا خلاف ولم یوجد الامر بتغییرہ فالاصل بقاء الشئ علی ما ہو علیہ واستصحابہ الی آخر امرہ ومآلہ الیہ واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

خاتمۃ الطبع

نحمدہ ونستعینہ ونصلی ونسلم علی رسولہ وآلہ واصحابہ اما بعد طالبان مسائل فقہیہ وتاجران کتب دینیہ کو مژدہ ہو کہ کتاب لاجواب یعنے جلد اول مجموعۃ الفتاوی فیوضات جامع الخیر والبرکات مولانا ابو الحسنات محمد عبد الحی نور اللہ مرقدہ سے بار سوم بصحت تمام وکمال اہتمام حسب فرمایش جامع محاسن ذاتی ابن مولوی محمد یوسف صاحب مطبع علوی مین باہتمام مولوی سید محمد عابد علی صاحب صفحۂ ۹ سے تا آخر کتاب سنہ ۱۳۱۰ ہجریہ مین حلیۂ طبع سے آراستہ وپیراستہ ہوئی مشتریان والاہمم عند الحاجت بارسال قیمت نقد یا بذریعہ ویلو بمقام فرنگی محل مولوی صاحب ممدوح سے طلب فرماوین اور خیال طبع دلمین نہ لاوین فقط

فہرست مضامین استفتاہای مجموعہ فتاوی جلد اول

صفحہ	مضمون استفتا
۲	خطبۂ کتاب
۲	**کتاب الکفر والایمان**
۴	حکم فقہا بکفر منکر امامت حضرت صدیق و ساب شیخین و قائل عزم حضرت یوسف بزنا وغیرہ تہدید نیست
	کتاب العقائد
۱۰	اثبات عدم قدرت واجب تعالیٰ بر ایجاد شریک خود
۹۲	معنی حدیث ستفترق امتی الخ و عدم کفر ساب شیخین و قبول توبہ از روافض
۱۱۲	حکم اعتقاد شش مثل بودن آنحضرت در جمیع صفات و ماہیت بدلیل حدیث ان اللہ خلق سبع ارضین الخ و حکم این حدیث
۱۴۴	حکم ذبیحۂ رافضی تبرائی
۱۴۹	حکم کسی کہ قائل و معتقد حدیث ان اللہ خلق سبع ارضین را کافر گوید
۱۵۱	صحت اسناد ان اللہ خلق سبع ارضین و تفصیل معنی آن و حکم معتقد مضمون آن
۱۹۰	ثبوت ہفت گانہ سموات اجرام بحیر لطیفہ از شرع بر خلاف حکما و عدم ثبوت آنہا مسکن حیوانات
۱۹۳	ابتدای خلق از اشجار نہ از بذر آنہا
۲۱۸	معاند یا زندیق بودن آنکہ در شفیع بودن آنحضرت شک کند و ثبوت ماذون بودن آنحضرت صلعم بشفاعت از قرآن و حدیث
۳۰۶	تحقیق مسالک معلوم المعنی متشابہۃ الکیفیت منجملہ مسالک در آیات صفات استویٰ علی العرش وغیرہ
۳۲۱	تصویب اعتقاد استوا علی العرش بدون بیان کیفیت آن و اعتقاد احاطۂ علمش تمام عالم را و حمل آیات قرب و معیت بر قرب و معیت علمی
۳۲۲	تحقیق مذاہب در استواء علی العرش
۳۴۴	عدم جواز خواندن انبیا علیہم السلام و اولیاء کرام بطریق استمداد خصوصاً ایشان را حاضر و ناظر داشتہ
۳۷۰	فساد عقیدہ قائل سماعت اولیاء بعد ندای قریب و بعید و حرمت نذر برای ایشان
	کتاب العقائد والاہواء
۱۰۲	جواز فسخ نکاح سنیہ از رافضی بوجہ فسق او نہ بوجہ کفر او
۱۰۳	حکم شخصیکہ شش مثل آنحضرت قرار میدہد
	باب تلاوۃ القرآن
۴۰۸	اباحت تلاوت آیت قرآن باز ترجمۂ آن در صورت ارادۂ فہم معانی نہ تلاوت قرآن
	کتاب العلم
۱۸	حکم کسی کہ کنز الدقائق و سفر السعادۃ را ضلالت گوید
۲۶	حکم عالم محتاط کہ رجوع بفقہ نمیکند تا وقتیکہ در حدیث میابد و بحدیث تا وقتیکہ در قرآن میابد
۱۲۷	حکم ذکر شہادت حسنین رضی اللہ عنہما
	کتاب الطہارۃ
۴۰	حکم غسل زن و مرد کہ اثر منی بر بستر خود یافتند و ہر یکے منکر احتلام خود
۵۹	حکم تیمم و غسل در حال انجماد دریکہ امید زندگی
۹۰	جواز نماز با لباس شستہ گازر ہنود
۱۶۶	جواز خوردن طعام گازر و استعمال آب وی بشرطیکہ مجامع باسباب طہارت باشد
۱۷۹	دلالت حدیث غسلوہ بماء و سدر الخ بر عدم تکفین محرم مثل عامۂ اموات و حمل حنفیہ اورا بر خصوصیت بحدیث آخر
۱۷۹	جواز خوردن آب از دست کافر و طعام پختہ از دست او تا وقتیکہ ظاہر اعضای وی ملوث بنجاست نباشد
۱۸۷	جواز تیمم بر وسادہ وغیرہ کہ از ضربات غبار ازو محسوس شود و عدم اشتراط محسوسیت غبار بر دست یا بر وسادہ
۲۱۷	وجوب تیمم جنابت در وضو بر جنب عاجز از غسل نہ از وضو
۲۲۱	عدم ضرر در اسلام آنکہ ظروف و حقۂ مستعملۂ ہنود باستعمال آورد
۲۶۴	استخراج مسائلہ طہارت خرکہ در کان نمک افتاد و نمک شد و فرق بیان این مسائل و افتادن نجاست در چاہ
	باب الانجاس
۹۳	نجاست تالابیکہ خوکہا و صدہا من غلیظ در وے می افتد
	کتاب المساجد
۱۴۳	حکم ضرار داشتن مسجدیکہ محض بغرض نفسانیت و ضرر مسجد کہنہ تیار مے شود
	باب احکام المسجد
۲۴۶	حکم مسجد داشتن جمیع اجزاء مسجد و عدم جواز اخراج جزئی از مسجد

صفحه — مضمون استفتا
۲۷۶ عدم وجود محراب در زمان آنحضرت و خلفا رض و بودن منبر در عهد آنحضرت ؐ در وسط مسجد بطرف دست راست امام و فرق مابین منبر و مصلی رسول صلعم بقدر ۱۴ ذرع و یک بالشت
۲۷۷ در حکم مسجد نبودن آن مسجد که بزمین مشترک بلا رضای شرکا تعمیر کرده شد
۲۸۳ منع نماز در مسجدیکه بزمین مشترک بدون اذن شرکا تعمیر شد
۳۲۶ کراهت بیع و شرا در حجرهٔ داخل مسجد و کراهت راه قرار دادن جزو مسجد را تحریما
۳۹۰ عدم جواز چنده گرفتن از هنود برای مساجد
رر جواز بنای مسجد بر سقف بشرطیکه مکان زیرین برای مصالح مسجد باشد
۳۹۳ عدم جواز تصرف متولی مسجد در مکانات متعلقهٔ مسجد
۳۹۹ اباحت آویختن بادکش در مساجد و اولویت ترکش بکمال اتباع سلف صالح

کتاب الصلوٰة

۱۶ کراهیت ختم شبینه با جماعت غیر ثقه
۲۷ کراهت نماز در مقبره
۳۲ جواز نماز در ریل بلا عذر
۳۴ کراهت نماز عشا بعد نصف شب و حکم اعادهٔ آن بعد صبح
۴۱ احقیت عالم جولاهه برای امامت و استحسان رواج نکاح ثانی و گنهگار شدن

[illegible]

۵۳ تبعیت ملازم در قصر نماز با آقای ملازم سفر و عدم صحت قیاس سفر بر مرد صحرائی بلکه بر ملاح

صفحه — مضمون استفتا
۶۴ کراهت انتفاع از چاه و مسجد و باغ معمورهٔ سود خوار
رر عدم جواز اتمام مسجد ناتمام تعمیر کردهٔ کافر از مال مسروق و حرام
۸۵ جواز نماز سنی بمسجد رافضی
رر کراهت نماز بسبب خواندن سور بلا ترتیب عمدا و عدم فتور در نماز بسبب ادا کردن سنت فجر بعد فرض
۸۷ ادای چهار رکعت فرض احتیاطی بعد فرض جمعه
۹۲ حکم شخصیکه مسجد را بامکان مقدس بشکند
۹۹ عدم جواز صرف اسباب مسجد منهدم در مسجد دیگر
۱۰۰ تفصیل حکم اقتدا در عشرهٔ ثانیهٔ رمضان بحافظیکه در عشرهٔ اولی ختم قرآن کرده
۱۰۵ حکم نماز وتر بجماعت بعد ادای عشا بلا جماعت
۱۰۶ نقل بعض عبارات تعلیقات هدایه در فصل تراویح
رر نقل خط مولوی عبد المنان مشعر بر دو شک وارد بر حاشیهٔ مولف بر هدایه
۱۰۷ نقل جواب خط مولوی عبد المنان
۱۰۸ شک اول مولوی عبد المنان و جوابش
۱۱۰ جواب شک دوم
۱۱۸ کراهت تدافع شخصین مساوین در علم و سن در امامت و صحت اقتدا احدهما بالآخر بلا رضا او
رر عدم بدعت سیئه بودن رفع یدین و تکبیر وقت قنوت و ثبوت آن و عدم وجوب آن
۱۲۴ موضوعیت حدیثیکه در باب چهار رکعت بعد نماز عیدین

صفحه — مضمون استفتا
۱۲۶ عدم ثبوت دعا بعد نماز عیدین یا خطبهٔ آن از آنحضرت ؐ و صحابهٔ کرام و تابعین عظام
۱۷۶ عدم وجوب جمعه در قری نزد حنفیه و تعیین امر مبهم در آیهٔ اذا نودی للصلوٰة الخ بتخصیص اطلاقش بخبر احاد
۱۷۸ حکم ادای ظهر بعد نماز جمعه بمجرد احتیاط نه بوجه شک
رر عدم وجدان حدیث صحیح در جواز ادای سنت فجر بعد اقامت و مروی بودن این فعل از بعض صحابه
رر ورود حدیثی در باب ادای سنت فجر بعد فرض قبل از طلوع و عدم جواز او نزد حنفیه از احادیث اخر
۱۷۹ وجوب چهار رکعت بعد سلام و کلام که بغلطی بعد دو رکعت واقع شد نزد حنفیه بدلیل و قوموا لله الخ و حدیث ابی داؤد و عدم وجدان ناسخ حدیث ذی الیدین
رر جواز صلوٰة علی الغائب بخبر نجاشی و جواب حنفیه از وی
۱۸۲ منسوخیت قنوت در نماز غیر وتر در غیر نوازل نزد حنفیه و مشروعیتش نزد اینها در غیر وتر هم بوقت نوازل و ثبوت قنوت در نوازل بعد آنحضرت صلعم و استحباب آن در فجر در حادثهٔ سلطان روم
۱۸۹ عدم وجدان سند معتد به بر کراهت جماعت النساء منفرده تحریما و وجدان اولویت آن از بعض احادیث

صفحه	مضمون استفتا
۱۹۰	مشروعیت جماعت نساء منفرده بطریق توسط امام در مقتدیان و مکروه تحریمی بودن آن نزد حنفیه و جواز آن در جنازه بلاکراہت
۱۹۲	ستر بودن صوت زن مع تمطیط نه مطلق و کراہت جماعت نساء منفرده نزد حنفیه و ثبوت آن از حدیث بطریق توسط امام و جهر بقرات وغیره و مسنونیت دست بستن زن در نماز بر سینه و تورک در قعده و ضم اعضا و انگی حدیث مرسل انه صلی الله علیه وسلم مر علی امرأتین الخ بوجه اعتضاد طریقین موصولین قوی ست مخصص حدیث موصول میتواند شد و مدرک امام در رکوع مدرک رکعت ست
۱۹۸	جاہل یا گمراه بودن شک کننده در اسلام و عقل رواة صحیح مسلم
۱۹۸	عمده ترین مراتب تعدیل بودن الفاظ ثقه و ثبت و صدوق و مشتبه فیه بودن راوی بعد ورود این الفاظ خارج از عقل
۱۹۹	حماقت و ضلالت بودن عدم اعتبار جرح و تعدیل رجال که در تقریب مذکور ست
۲۰۰	قبل از اختلاط بودن روایت حماد که در اسناد حدیثی که در باب صفة الجلوس فی الصلوة و کیفیت رفع الیدین بر فخذین در صحیح مسلم واقع اند
رر	در تقریب موجود بودن حال همه رواة احادیث رفع سبابه که در صحیح مسلم مذکور ست
۲۰۰	حکم قول زید که حکم رفع سبابه تا وقتیکه معلوم نشود عمل نخواهم کرد و عمل بر خبر احاد واجب نیست
۲۰۲	عدم مسنونیت قیام امام در محراب و عدم جواز بنا محراب در مسجد
۲۰۴	عدم وجوب سجدهٔ سورهٔ صاد نزد شافعیه و حرمت او در نماز
۲۰۵	سقوط سجدهٔ سورهٔ صاد از مقتدی وقتی که امامش شافعی باشد و ادا شدن آن از مقتدی در رکوع و سجود بلا شرط نیت اگر امام شافعی بعد سجده بلا فصل طویل رکوع صلاتی کند
۲۰۷	جواز تراویح از دو امام و اولویت تقرر امام حنفی برای ترویحه سجدهٔ سورهٔ صاد وقتیکه امام تراویح شافعی باشد و عدم فتوری در اقتدای آن شافعی پس آن حنفی و خیال تحقیر شافعیه از قبیل وساوس ست
رر	نقل خط مشتمل بر شکریه جوابات مذکوره
۲۰۸	فساد نماز بر مذهب مختار در حال خواندن ضاد بمخرج دال و عدم فساد در حال خواندن او بمخرج ظا یا ذال و جوابات دلائل عکس مذکور
۲۱۷	استحقاق پابند نماز برای امامت
۲۱۹	ادا شدن تراویح آنانکه باقتدای حافظ فارغ از ختم قرآن در عشرهٔ اوسط خواندند
۲۲۰	ثبوت دو رکعت نفل بعد وتر از آنحضرت در حال نشستگی و عدم ثبوت او در مغرب و ظهر
۲۲۳	دفع تعارض میان حدیث
	مجوز ادای سنت قبل از طلوع و بعد از فرض و احادیث مانع از او
۲۲۵	تعریف مصر
۲۲۶	لزوم نصیحت شوهر دائما بزن تارکة الصلوة و جواز زجر و ترک همخوابی و ضرب خفیف و طلاق
۲۳۱	حرمت ضرب آمین گو بالجهر و خلل پذیر رفتن مسجد بسبب این فعل ضرب
رر	لزوم توبه بر ملامت کننده آمین بالجهر
۲۳۴	عدم اصلیت دو سجده که بعد از وتر کرده میشوند و موضوعیت حدیث حضرت فاطمه رض در وی
۲۴۰	صحت نماز عید بحکم فتوی مفتی که شهادت رویت از دو مسافر ثقه قبول کرد باوجود عدم رویت دران تاریخ در شهر و عدم خروج آن مفتی از حنفیت
۲۴۶	ناسزاوار بودن امام را دعا مختص بذات خود بقول اکثر و جواز گفتن ربنا انت ولینا الخ و عدم صحت حمل حدیث ثوبان بر خصوصیت دعای بعد الصلوة
۲۵۴	جواز نماز در هر دو مسجد متقارب و افضلیتش در قدیم
۲۵۷	جواز نماز در صورت بودن مقتدی بر سقف و امام زیر آن
۲۵۸	حسن زیادت لفظ و برکاته در تسلیم صلوة و غیر معتبر بودن حکم ابتداع وی
۲۶۱	تفصیل حکم تراویح باقتدای شخص فارغ از تراویح در وتر
۲۶۵	جواز بلا کراہت نماز کسیکه در هر رکعت نوافل بعد فاتحه ضم سوره یا قبل ضم قل هو الله میخواند

صفحه	مضمون استفتا
۲۶۶	عدم کراهت در ادای سنت فجر بعد فرض وقبل طلوع آفتاب از حدیث وکراهت از اصول حنفیه
〃	اختلاف فقها در خواندن صرف التحیات در قعدهٔ متوسطهٔ نفل
۲۶۹	عفو سهو مقتدی بلا سجده درحالت اقتدا برخلاف عبارت نهر فائق
〃	وجوب نماز جمعه بملک هندوستان و بنای چهار رکعت ظهر بعد جمعه باحتیاط نه بر اشتباه
۲۷۹	تفصیل گذاردن تراویح باقتدای امام فارغ از ختم قرآن
۲۸۱	جواز انتقال از مسجد محلهٔ خود بمسجد دیگر جهت استماع ختم قرآن
۲۹۹	وجه اختلاف صحابه وتابعین ومجتهدین در مسائل وحکم اقتدای حنفی بمالکی وحنبلی وشافعی
۳۰۵	جواز تعدد نماز عیدین مطلقا
〃	بنای ادای نماز ظهر احتیاطی بعد جمعه
۳۰۹	لزوم اعادهٔ نماز فجر وعشا و وتر بعد غسل درحالت مشاهدهٔ اثر منی برپارچه وعدم تذکر احتلام
〃	تحقیق نماز وتر وتهجد واطلاق وتر بر تهجد در احادیث
۳۱۱	تحقیق نماز تراویح و وتر وعدد رکعات آن حسب فعل آنحضرتؐ
۳۱۳	عدم مخالفت سنت ادای تراویح و وتر باول شب وادای تهجد بآخر شب
۳۱۴	تحقیق ثبوت وتر از آنحضرتؐ بدو سلام ویک سلام ودو قعده ویک قعده
۳۳۸	استحسان ظهر احتیاطی بعد جمعه ولزوم آن بموضع اشتباه در صحت جمعه
۳۴۳	رد رواج ارسال یدین در حدیث
۳۴۶	جواز اقتدای غاسل بجنب متیمم
۳۵۱	سقوط حکم شستن عضو مقطوع در وضو
۳۷۱	صحت قول صاحب قدوری لاتصح الجمعة الا فی مصر بطریق رد بر حنفیه در اشتراط مصر برای صحت جمعه
۳۸۴	جواب رد از جانب حنفیه
۳۸۵	موافقت ترک زنان هند در قومه باقوال فقها
۳۸۶	عدم جواز در نماز عید امامت کسیکه فارغ از نماز عید شده است وصحت نماز عید بروز دوم بوجه عذر
〃	لزوم افطار بسبب فتوی مفتی در جائیکه حاکم شرع نیست وفساد امامت آنکه دو روز امامت نماز عید کرد
۴۰۷	ثبوت ادای تهجد ونفل بعد وتر قاعدا از آنحضرتؐ نه غیر آن هم بود
۴۰۸	مرفوع داشتن سبابه وقت شهادت در قعده تا سلام

کتاب الجنائز

۵	کراهت عمامه برای میت
۱۲	مسنونیت تحویل میت بر پهلوی راست متوجه قبله

باب التجهیز والتکفین

۴۴	بطلان مطالبه خرچ تجهیز وتکفین میت از شوهر آن که بغیر حکم آن صرف کرده شد
۴۰۷	درصورت مسئوله بعد بلوغ اگر مشرف باسلام اند پس تجهیز وغیره همچو مسلمانان واگر در ظلمات کفر گرفتار ماند تجهیز وتکفین مثل کفاران بعمل خواهد آمد وفرزند نابالغ در دین واحکام تجهیز وتکفین تابع مادر است

کتاب الصوم

۵۸	وجوب قضای رمضان فقط بعد رمضان دیگر
۸۰	زوال روزه بانزال بوجه مساس زوجه و وجوب قضای او
〃	وجوب قضای روزه بسبب حلق
〃	اعتبار شهرت اخبار وعدم اعتبار تار برقی واعتبار اخبار امصار متفقة المطالع درباب رویت هلال
۲۲۹	حکم اعتبار رویت هلال ملکی بملک دیگر وتعیین مسافت درمیان این هردو مسافت موجب اختلاف مطالع
۲۷۶	عدم سقوط نذر بادای صدقه فطر
۲۸۷	گنهگار شدن مخالفین بسبب عدم تسلیم شهادت رویت وحکم مفتی
۳۸۸	گنهگار نه کافر شدن آنکه باوجود شهادت وحکم مفتی افطار نکرد ونماز عید بروز دوم گزارد
۳۹۳	عدم اشتراط عدالت گواه در ثبوت رمضان وکفایت عدالت صرف دو گواه منجمله گواهان رویت هلال عید بحال ابر وعدم کفایت خبر تار وتحریر خطی سوای کتاب القاضی الی القاضی در ثبوت رویت هلال وجواز افطار بر آواز توپ که حسب عادت شائعه مفید ظن است واعتماد بر گواهی دو گواه برینکه نزد قاضی شهادت رویت مقبول شد وعدم حدیث بودن لکل اهل البلد رؤیتهم واختلاف در اعتبار اختلاف مطالع
۴۰۷	عدم اعتبار تار برقی در حکم صوم وفطر

صفحہ مضمون استفتا

کتاب الطلاق

۶۲ وقوع طلاق زن غیر حاضرہ
۔۔ ثبوت طلاق بشرط نیت از لفظ واسطہ ندارم بزوجہ
۲۳۳ عدم جواز نکاح مطلقہ با شوہر بغیر تحلیل بعد سہ طلاق
۲۹۸ موجب ارتداد و فسخ نکاح بودن کلمہ فتوی اور حدیث کو طاق پہ رکھو
۳۴۵ وقوع طلاق بمجرد گفتن لفظ سے ہمنے تجھکو چھوڑ دیا
۔۔ عدم جواز نکاح ثانی درصورتیکہ زوج زوجہ را از خانہ خود بدر کرد و نفقہ اش نداد بغیر طلاق
۳۴۵ عدم وقوع طلاق بوجہ بدر رفتن زوجہ از خانہ شوہر و علانیہ مرتکب زنا شدن و شعار خود کشش ساختن و نداشتن زوج باو واسطہ و وجوب مہر ذمہ زوج درینصورت
۔۔ بقای مہر ذمہ شوہر و سقوط نفقہ درحال خروج زن از خانہ یا دیہ شوہر
۳۵۰ عدم اعتبار تاویل عند القاضی درصورت گفتن طلاق ست سہ بار و تاویل باینکہ در تائید طلاق واحد باقیین را گفتہ ام
۔۔ حرمت جملہ ازواج درصورت تطلیق یکے از ازواج بلا تعیین
۳۹۴ عدم وقوع خلع بغیر رضا و قبول شوہر

کتاب المفقود

۱۴۷ جواز نکاح ثانی زن حنفیہ فاقد الزوج از چار پنج سال بر قول امام مالکؒ درضرورت
۲۲۶ عدم تقسیم میراث مفقود الخبر

صفحہ مضمون استفتا

شصت سالہ بغیر انتظار بست سال و محافظت مال او از وکیل و امین و شخص مقرر بجانب حاکم

باب الولایۃ

۳۰۴ استحقاق حاکم بر تعیین و تبدیل ولی درصورت اسراف و تبذیر پدر
۳۹۶ ولایت نکاح برای عصبہ و انتظام پرورش آن تا زمان بلوغ از مال وی و انتظام مال وی بر وصی پدر و جد و نائب قاضی و قاضی

کتاب الوقف

۱۴ عدم جواز دعوی بتقسیم زمین وقف سرکاری و تولیت او
۴۹ اعتبار شہادت بالتسامع برای اثبات وقف
۹۲ عدم ملک کسے بر مال وقف
۲۰۱ لزوم صرف مبلغی کہ برای مسجد معین وقف کردہ شد بران نہ بر مسجد دیگر
۲۴۱ عدم جواز وقف مال غیر مملوک واقف
۔۔ عدم جواز وقف مشاع مشترک محتمل القسمۃ
۲۴۲ عدم جواز تغییر حاکم متولی را کہ واقف بشرط عدم تغییر ایشان وقف کرد بغیر ثبوت خیانت
۔۔ عدم اختیار موقوف علیہ بوقف موقوف بر دیگر و اختیار متولی ساختن دیگری را
۲۴۳ عدم جواز وقف مبیع بہ بیع الوفا از جانب مشتری
۲۵۳ عدم جواز صرف اسباب مسجد منہدم بمسجد دیگر و عدم جواز بناء نہر و تصرف در زمین مسجد

کتاب البیوع

صفحہ مضمون استفتا

۲۵۹ تعیین ملک موکل درصورت خریدن وکیل کنیز را برای موکل
۲۶۰ رجوع حقوق عقد بجانب وکیل
۳۰۹ جواز تجارت تماکو
۳۴۸ حرمت تجارت چرم غیر مدبوغ و جواز تجارت غلہ بہر طور و جواز ادای قیمت برای خرید غلہ بعد طی وزن و جنس و وصف و عدم جواز درصورت معاقدہ بر نرخ بازار

کتاب البیع

۷۳ عدم جواز انتفاع مشتری از زمینیکہ حاکم بغیر رضاء مالک بقلت قیمت نیلام کرد
۱۵۵ عدم جواز خریدن خمر نزد شافعیہ اگرچہ برای سرکہ کردن باشد
۱۵۷ عدم جواز بیع پوست مردار غیر مدبوغ و خمر و جواز استعمال استخوان مردہ و موی و پہہ و چیزی کہ در وی حیات حلول نسازد و ہر پوست حیوان کہ بدباغت پاک شود از ذبح نیز پاک شود
۲۳۱ جواز زیادتی ثمن بسبب اجل و مخالفت عبارت صلح ہدایہ بعبارت منقولہ را

کتاب البیع والشرا

۷۴ جواز بیدخل کردن ورثہ از جائداد مملوکہ میت نامزدگان را درصورت عدم ہبہ بالقبض
۷۵ عدم جواز تجارت چرم مردار بدون دباغت
۷۷ حرمت نفع مالیکہ جاگیردار آوردہ بہ نفع فروختہ شد
۷۸ حلت نفع زائد از قیمت معینۂ بائع درصورت اجازت وی